Government of Karnataka

سماجی سائنس
Social Science

اُردو میڈیم
Urdu Medium

7

ساتویں جماعت
Seventh Standard

حصّۂ اوّل

(Part-I)

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

KARNATAKA TEXTBOOK SOCIETY(R.)
6th Cross, Melleshwaram,
Bengaluru - 560 003.

Preface

The Textbook Society, Karnataka, has been engaged in producing new textbooks according to the new syllabi which in turn are designed on NCF - 2005 since June 2010. Textbooks are prepared in 12 languages; seven of them serve as the media of instruction. From Standard 1 to 4 there is the EVS, mathematics and 5th to 10th there are three core subjects, namely, mathematics, science and social science.

NCF - 2005 has a number of special features and they are:

- connecting knowledge to life activities.
- learning to shift from rote methods.
- enriching the curriculum beyond textbooks.
- learning experiences for the construction of knowledge.
- making examinations flexible and integrating them with classroom experiences.
- caring concerns within the democratic policy of the country.
- making education relevant to the present and future needs.
- softening the subject boundaries-integrated knowledge and the joy of learning.
- the child is the constructor of knowledge.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

The new books are produced based on three fundamental approaches namely, Constructive approach, Spiral approach and Intergrated approach.

The learner is encouraged to think, engage in activities, master skills and competencies. The materials presented in these books are integrated with values. The new books are not examination oriented in their nature. On the other hand they help the learner in the all round development of his/her personality, thus help him/her become a healthy member of a healthy society and a productive citizen of this great country, India.

Mathematics is essential in the study of various subjects and in real life. NCF 2005 proposes moving away from complete calculations, construction of a framework of concepts, relate mathematics to real life experiences and cooperative learning. Many students have a maths phobia and in order to help them overcome this phobia, jokes, puzzles, riddles, stories and games have been included in textbooks. Each concept is intoduced through an activity or an

interesting story at the primary level. The contributions of great Indian mathematicians are mentioned at appropriate places.

We live in an age of Science and Technology. During the past five decades man has achieved great things and realized his dreams and reached pinnacle of glory. He has produced everything to make life comfortable. In the same way he has given himself to pleasures and reached the stage in which he seems to have forgotten basic sciences. We hope that at least a good number of young learners take to science in higher studies and become leading scientists and contribute their share to the existing stock of knowledge in order to make life prosperous. Ample opportunity has been given to learners to think, read, discuss and learn on their own with very little help from teachers. Learning is expected to be activity centered with the learners doing experiments, assignments and projects.

6th standard Social Science Textbook has been prepared based on the prescribed syllabus. And all the features of NCF 2005 and KCF 2007 have been included in the Text Book. This new Text Book has given importance to enhance the creativity of students by including activities. Many projects are included to help students to gain knowledge. This Text Book has been written in such a way that students need not memorise historical dates and other information.

The Textbook Society expresses grateful thanks to the Chairpersons, Writers, Scrutinisers, Artists, Staff of DIETs and CTEs and the Members of the Editorial Board and Printers in helping the Textbook Society in producing these textbooks.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Prof. G.S. Mudambadithaya
Coordinator
Curriculum Revision and Textbook Preparation
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru, Karnataka.

Nagendra Kumar
Managing Director
Karnataka Textbook Society®
Bengaluru, Karnataka.

Chairperson's Note

'Yesterday, today and tomorrow are inseparable parts of the present' so says great Allamaprabhu. History flows like an invisible river. Now and then it shows itself in its mortal and sometimes in an infinite form. It may appear as individuals, happening or in the form of certain values. The entire social fabric of the world is split into factions such as religions, colour, gender, language, the rich, the poor and raise its ugly heads in different identities. People have begun creating history of their own through various forms of conflicting details. As a result of this tendency history is not allowed to grow in all its true realities. Being a part of history, man has been trying to create new branches of this great tree of history. On the other hand history is like a chain in which every link represents a generation and these generations go on adding to the existing ones. As a result of this, we have to recognize that history has become a complex discipline. Basically history is a continuum. We can master our competence to understand History only by constant and deep study.

History is as vast as Time. In this book we deal with the continents of Asia, Europe and America. We have yet to study the various features of Africa, South America and Australia. A lot of research works have been going on in different fields of human endeavor and it is a challenge at least to give a bird's-eye-view of the results of these research works in our textbooks. Though we follow the spiral approach, our course becomes highly scientific and intricate.

The VII syllabus deals with Asia and Europe. We have made an earnest effort to acquaint the learners with the details of special geographical features of these continents. Indian History has been dealt with in greater detail keeping in mind the latest research findings in various aspects of history. As the syllabus is vast, naturally the pages have become more. It was a problem for writers to decide the depth and extent of details of the materials to be presented in the book.

We faced another problem while designing the book. It was how to present the sensitive issues such as religions, castes and gender. Ours is a multifaceted society. The learners at this level are sensitive to such issues. Therefore we have made a sincere and an objective effort to help learners realize the learning objectives to the best of our ability.

We would like to share the following points with classroom teachers

The VII textbook is a continuation of V and VI standard textbooks. Therefore teachers have to keep in mind the portions covered in classes V and VI

Portion to be covered is indicated using icons at the beginning and end of each chapter. Information given in the boxes is not to be tested in the examination. Box items come under the 'going beyond the syllabus', part of the curricular.

At the beginning of each chapter a list of competencies to be master by the students is given. It is for the guidance of teachers. They have to see that learners have to master the competencies.

Teachers are expected to bring to the notice of the chief coordinator, the good points and deficiencies well in time so that deficiencies may be set right in the next edition of the textbook. We welcome such suggestions from parents as well.

Our grateful thanks to all those who have helped us in preparing this textbook.

Dr. Aswathanarayana
Chairperson
Textbook Preparation Committee

NOT TO BE REPUBLISHED

Text Book Committee

Chairperson:

Dr. Aswathanarayana, Associate Professor, History Dept., Gnanabharathi Campus Bengaluru Universcity , Bengaluru 560056.

Members:

Sri M.N. Katti, Lecturer In Geography, Govt P.U. College, B.P.Vadiya Road, Basavanagudi, Bengaluru-560026

Sri N. Ningaraju, Lecturer, Govt P.U.College, Yalahanka, Bengaluru.

Sri Y. Ramakrishna Rao, Lecturer In Political Science, Govt. P.U.College, Ermalu Bada Post, Udupi Dist-574119

Sri S.B. Kadakoladavar, Asst. Teacher, Vidyaranya P.U. College,High School Section, Dharawad-1.

Smt K.V. Shilpa, Asst. Teacher, Higher Primary School,Channaiahna Kote, Viraj Pet.

Artist:

Sri Taranath Kairangal, Drawing Teacher, Govt. High School, Manchikolnad, Bantwal Tq. D.K. Dist.

Scrutinizers:

Sri Raghavendra Prabhu M., Associate Professor, History (Retd.), Dambel, Ashoknagar, Mangaluru.

Sri K.R. Manjunath,Principal, M.E.S. P.U.College, T.T.M Layout,Bengaluru.

Editorial Board:

Dr. M.V.Srinivas, Professor of History (Retd.), H.Road, Rajarajeshwarinagar, Bengaluru.

Dr. R.L.M. Patil, Professor of Political Science (Retd.). 1105 Poornaprajnanagar, Uttarahalli, Bengaluru.

Dr. Eshwarappa,Head of Dept. of Geography, Bengalore University, Bengaluru.

Translators:

Sri SA. Rehman, Retired Head Master, Govt, Urdu High School Shrirangapattana, Mysuru.

Dr. Tayyab Kharadi, Govt.Girls Junior College,Dodballapura

Syeda Sarvath Fathima, Assistant Teacher, Azad Girls. High School, Shimoga.

Sayyeda Naeeda Khathoon, Assistant Teacher, Govt. Urdu High School, Kengeri, Bangaluru.

Chief Co-ordinator:

Prof. G.S. Mudambadithaya, Co-ordinator, Curriculum revision and Textbook preparation, KTBS, Bengaluru.

Chief Advisors:

Sri Nagendra Kumar, Managing Director, KTBS, Bengaluru.

Smt. C. Nagamani, Deputy Director, KTBS, Bengaluru.

Programme Co-ordinator:

Smt S.N. Leelavathi, Senior Asst. Director, Karnataka Textbook Society, Bengaluru.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Textbook Revision Committee

Chairman-in-Chief :

Prof. Baraguru Ramachandrappa,
State Textbook Revision Committee, Karnataka Textbook Society, Bengaluru.

Chairman :

Dr. T.R. Chandrashekar
Consultant, 4th Finance Commission, 3rd Floor,
Kaneja Bhavan, Race course Road, Bengaluru-1.

Members :

Dr. Basavaraj
Assistant Professor (Department of Political Science) University of Tumakuru, Tumakuru.

Dr. N.R. Hadapada
Lecturer in Geography, Sri Channabasaveshwara Pre-university College, B. Aralikatte,
Hubballi Taluk, Dharwad District.

Sri. H.G. Rajesh
Lecturer, Govt. Pre-university College, Dodderi,
Bengaluru South Taluk, Bengaluru.

Sri. P.M. Kaginkar
Assistant Master, Govt. High School, Changavara, Sira Taluk,
Tumakuru District.

Smt. Rajalakshmi. S.
Assistant Mistress Govt. Pre-university College (High School Section),
Srirampuram, Bengaluru North District.

Smt. Shahina Begum
Assistant Mistress
Stree Samaja, Sheshadripuram Highschool,
Bengaluru North District.

Artist :

Sri. D.N. Venkatesh
Drawing Teacher, GHS, Uramara, Kasalagere, Mandya District.

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

High Power Revision Committee Members

Dr. M.S. Talwar
#777, 'Jenugudu'
5th Block, Banashankari 6th Stage,
Metkalpalya, Bengaluru-60.
Dr. Amaresh Yatagal,
Assistant Professor,
Dept. of History and Archaeology,
Rani channamma University, P.G. Centre,
Toravi, Vijayapura - 586105
Dr. N. Nandeeshwara
Principal
S.M.R. P.U College,
Kallambella, Sira Taluk,
Tumakuru Dist - 572125.
Sri Manjunath Ayli
History Lecturer,
Government Pre-University College,
Police Colony, Raichur - 584101.
Chief Advisors :
Sri Veeranna S. Jatti
Managing Director,
Karnataka Textbook Society,
Bengaluru.
Sri Kodandaramaiah. N
Deputy Director,
Karnataka Textbook Society,
Bengaluru.
Programme Co-ordinator :
Smt. Suma B. K.
Senior Asst. Director,
Karnataka Textbook Society,
Bengaluru.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Translators

Shamsulla,
Assistant Master
Government Girls Junior College,(main)
R.C Road, Hassan.
Hassan District.

Ayub Pasha
Assistant Master
Government Urdu Higher Primary School,
Nagamangala, Taluq, Mandya District.

Reshma Banu
Assistant Mistress,
Government Urdu Higher Primary Girls School,
Mandya, Mandya District.

Imtiyaz Pasha
Assistant Master
Government Urdu Higher Primary School,
Nagamangala, Taluq, Mandya District.

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

About the Revision of Textbooks

Honourable Chief Minister Sri Siddaramaiah who is also the Finance Minister of Karnataka, in his response to the public opinion about the New Textbooks from standard one to ten, announced, in his 2014-15 budget speech of constituting an expert-committee, to look into the matter. He also spoke of the basic expectations there in, which the Textbook experts should follow: " The Textbooks should aim at inculcating social equality, moral values, development of personality, scientific temper, critical acumen, secularism and the sense of national commitment", he said.

Later, for the production of the Textbooks from class one to tenth, the Department of Education constituted twenty seven committees and passed an order on 24-11-2014. The committees so constituted were subject and class-wise and were in accordance with the standards prescribed. Teachers who are experts in matters of subjects and syllabi were in the committees.

There were already many complaints, and analyses about the Textbooks. So, a freehand was given in the order dated 24-11-2014 to the responsible committees to examine and review text and even to prepare new text and review if necessary. Afterwards, a new order was passed on 19-9-2015 which also give freedom even to re-write the Textbooks if necessary. In the same order, it was said that the completely reviewed Textbooks could be put to force from 2017-18 instead of 2016-17.

Many self inspired individuals and institutions, listing out the wrong information and mistakes there in the text, had send them to the Education Minister and to the ' Textbook Society'. They were rectified. Before rectification we had exchanged ideas by arranging debates. Discussions had taken place with Primary and Secondary Education ' Teacher Associations'. Questionnaires were administered among teachers to pool up opinions. Separate meeting were held with teachers, subject inspectors and DIET Principals. Analytical opinions had been collected. To the subject experts of science, social science, mathematics and languages, textbooks were sent in advance and later meeting were held for discussions. Women associations and science related organistation were also invited for discussions. Thus, on the basis of all inputs received from various sources, the textbooks have been reviewed where ever necessary.

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Another very important thing has to be shared here. We constituted three expert committees. They were constituted to make suggestions after making a critical study of the text of science, mathematics and social science subjects of central schools (N.C.E.R.T), along with state textbooks. Thus, the state text books have been enriched basing on the critical analysis and suggestions made by the experts. The state textbooks have been guarded not to go lower in standards than the textbooks of central school. Besides, these textbooks have been examined along side with the textbooks of Andhra, Kerala, Tamil Nadu and Maharashtra states.

Another clarification has to be given here. Whatever we have done in the committees is only review, it is not the total preparation of the textbooks. Therefore, the structure of already prepared textbooks have in no way been affected or distorted. They have only been reviewed in the background of gender equality, regional representation, national integrity, equality and social harmony. While doing so, the curriculum frames of both central and state have not been transgressed. Besides, the aspirations of the constitution are incorporated carefully. Further, the reviews of the committees were once given to higher expert committees for examination and their opinions have been effected into the textbooks.

Finally, we express our grateful thanks to those who strived in all those 27 committees with complete dedication and also to those who served in higher committees. At the same time, we thank all the supervising officers of the 'Textbook Society' who sincerely worked hard in forming the committees and managed to see the task reach it's logical completion. We thank all the members of the staff who co-operated in this venture. Our thanks are also due to the subject experts and to the associations who gave valuable suggestions.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

N. Manjushree. IAS
Mangaging Director
Karnataka Textbook Society
Bengaluru.

Prof. Baraguru Ramachandrappa
Chairman-in-Chief
Textbook Revision Committee
Bengaluru.

ಪರಿಷ್ಕರಣೆ 2024 ಕುರಿತು

2023– 24 ಸಾಲಿನಲ್ಲಿ ಜಾರಿಯಲ್ಲಿರುವ ಒಂದಿರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯ ವರೆಗಿನ ಕನ್ನಡ ಭಾಷಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳು ಮತ್ತು ಆರರಿಂದ ಹತ್ತನೇ ತರಗತಿಯವರೆಗಿನ ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವುದಕ್ಕಾಗಿ ವಿಷಯ ತಜ್ಞರು, ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಹಾಗೂ ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಶಿಕ್ಷಕರು ಹಾಗೂ ಉನ್ನತ ಶಿಕ್ಷಣ ಸಂಸ್ಥೆಗಳಲ್ಲಿ ಬೋಧಿಸುವವರು ಸದಸ್ಯರಾಗಿದ್ದ ಐದು ಸಮಿತಿಗಳನ್ನು ರಚಿಸಿ, ಸರ್ಕಾರವು ಆದೇಶವನ್ನು ಹೊರಡಿಸಿತು. ಈ ಸಮಿತಿಗಳು ಮೂರು ತಿಂಗಳಿಗೂ ಹೆಚ್ಚು ಕಾಲ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯ ಕಾರ್ಯವನ್ನು ನೆರವೇರಿಸಿದೆ. ಪ್ರಸ್ತುತ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದಂತೆ ಈ ಕೆಳಗಿನ ಅಂಶಗಳನ್ನು ಸ್ಪಷ್ಟಪಡಿಸಲು ಬಯಸುತ್ತೇನೆ.

1. ರಾಷ್ಟ್ರೀಯ ಹಾಗೂ ರಾಜ್ಯ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ ಚೌಕಟ್ಟುಗಳು ಮತ್ತು ಸಂವಿಧಾನದ ಆಶಯಗಳಿಗೆ ವ್ಯತಿರಿಕ್ತವಾಗದಂತೆ, ಪರಿಷ್ಕರಣೆಗೆ ಒಳಪಟ್ಟ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಮೂಲ ಸ್ವರೂಪ ಬದಲಾಗದಂತೆ, ವಿದ್ಯಾರ್ಥಿಗಳ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ಹಿತಾಸಕ್ತಿಯನ್ನಷ್ಟೇ ಗಮನದಲ್ಲಿರಿಸಿಕೊಂಡು ಈ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ನಡೆಸಲಾಗಿದೆ.

2. ಪ್ರಸ್ತುತ ಪರಿಷ್ಕರಣ ಸಮಿತಿಗೆ ಪೂರ್ವದಲ್ಲಿಯೇ ಶಾಲಾ ಶಿಕ್ಷಣ ಇಲಾಖೆಯು ಹೊರಡಿಸಿದ್ದ "2023–24ನೇ ಸಾಲಿನ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ತಿದ್ದೋಲೆ"ಯನ್ನು ಸಮಿತಿಯು ಅಳವಡಿಸಿಕೊಂಡಿದೆ.

3. ವಿವಿಧ ಸಂಘಟನೆಗಳು, ವ್ಯಕ್ತಿಗಳು ಹಾಗೂ ಸರ್ಕಾರದ ಇಲಾಖೆಗಳು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕದಲ್ಲಿ ನಿರ್ದಿಷ್ಟ ವಿಷಯಾಂಶವನ್ನು ಅಳವಡಿಸುವ/ಕೈಬಿಡುವ/ಪರಿಷ್ಕರಿಸುವ ಕುರಿತು ಮಾಡಿದ ಎಲ್ಲಾ ಮನವಿಗಳನ್ನು ಪರಿಶೀಲಿಸಿ ಸೂಕ್ತವೆನಿಸಿದ ಸಲಹೆಗಳನ್ನು ಅಳವಡಿಸಿಕೊಳ್ಳಲಾಗಿದೆ.

4. ವಿವಿಧ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳು, ಸಂಘಟನೆಗಳು ಸ್ವಯಂ ಪ್ರೇರಣೆಯಿಂದ ಅಪಾರ ಶ್ರಮ ಹಾಗೂ ವ್ಯವಧಾನದಿಂದ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಲ್ಲಿರುವ ವಿಸಂಗತಿ, ಆಶಯದೋಷ ಹಾಗೂ ಅಪಕಲ್ಪನೆಗಳನ್ನು ಜಾಲತಾಣಗಳಲ್ಲಿ ಹಾಗೂ ಪತ್ರಿಕೆಗಳಲ್ಲಿ ವ್ಯಾಪಕವಾಗಿ ಚರ್ಚಿಸಿದ್ದವು. ಈ ಬಹುತೇಕ ಎಲ್ಲಾ ಬರಹಗಳನ್ನು ಗಮನಿಸಿ, ಚರ್ಚಿಸಿ ಸೂಕ್ತ ಎನಿಸಿದವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯನ್ನು ಮಾಡಲಾಗಿದೆ.

5. ನಿರ್ದಿಷ್ಟ ಪಠ್ಯಗಳನ್ನು ಬೋಧಿಸುವ ಶಿಕ್ಷಕರಿಂದ ಪಡೆದುಕೊಂಡ ಅಭಿಪ್ರಾಯಗಳು ಸಹ ಪ್ರಸ್ತುತ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯಲ್ಲಿ ಅಪಾರ ನೆರವು ನೀಡಿವೆ.

ವಿಷಯಾಂಶಗಳಿಗೆ ಸಂಬಂಧಿಸಿದ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯೊಂದಿಗೆ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳಲ್ಲಿರುವ ಎಲ್ಲಾ ಬಗೆಯ ಅಂಕಿ ಅಂಶಗಳು, ಮಾಹಿತಿಗಳು ಮತ್ತು ನಕ್ಷೆಗಳನ್ನು ಈ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯ ಹೊತ್ತಿಗೆ ಲಭ್ಯವಿರುವ ಮಾಹಿತಿಗಳನ್ನು ಒಳಗೊಳ್ಳುವಂತೆ ನವೀಕರಿಸಲಾಗಿದೆ.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ಮಕ್ಕಳ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕದ ಹೊರೆ ಕಡಿಮೆ ಮಾಡುವ ನಿಟ್ಟಿನಲ್ಲಿ ಎಲ್ಲಾ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳನ್ನು ಪ್ರಸ್ತುತ ಶೈಕ್ಷಣಿಕ ವರ್ಷದಿಂದ ಎರಡು ಸಂಪುಟಗಳಾಗಿ ವಿಭಾಗಿಸುವ ಸರ್ಕಾರದ ನಿರ್ಣಯಕ್ಕೆ ಅನುಸಾರವಾಗಿ, ಎರಡೂ ಸಂಪುಟಗಳಲ್ಲಿನ ಕಲಿಕಾಂಶಗಳು/ಪಾಠಗಳು ಸರಳತೆಯಿಂದ ಸಂಕೀರ್ಣತೆಯೆಡೆಗೆ ಸಾಗುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥಿತವಾಗಿ ಅಳವಡಿಸಲಾಗಿದೆ.

ಈ ಪರಿಷ್ಕರಣಾ ಕಾರ್ಯದಲ್ಲಿ ತಮ್ಮನ್ನು ತೊಡಗಿಸಿಕೊಂಡು ಕ್ಲುಪ್ತವಾಗಿ ಕಾರ್ಯನಿರ್ವಹಿಸಿದ ಐದೂ ಸಮಿತಿಗಳ ಅಧ್ಯಕ್ಷರು ಮತ್ತು ಸದಸ್ಯರನ್ನು ಅದರಲ್ಲೂ ಪಠ್ಯ ಬೋಧನೆಯ ತಮ್ಮ ಅನುಭವವನ್ನು ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯಲ್ಲಿ ಧಾರೆಯೆರೆದ ಪ್ರಾಥಮಿಕ ಮತ್ತು ಪ್ರೌಢಶಾಲಾ ಶಿಕ್ಷಕರನ್ನು ಕೃತಜ್ಞತೆಯಿಂದ ನೆನೆಯುತ್ತೇನೆ. ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕಗಳ ಕುರಿತು ತುಂಬ ಕಳಕಳಿಯಿಂದ ಗಂಭೀರ ಅಧ್ಯಯನ ನಡೆಸಿ ಬರಹಗಳನ್ನು ಪ್ರಕಟಿಸಿದ ವ್ಯಕ್ತಿಗಳು, ಸಂಘಟನೆಗಳು ಮಾಡಿದ ಶೋಧಗಳು ಪ್ರಸ್ತುತ ಪರಿಷ್ಕರಣೆಯ ಕಾರ್ಯಕ್ಕೆ ತುಂಬಾ ಸಹಾಯ ಮಾಡಿವೆ. ಅಂತಹ ಎಲ್ಲಾ ಸ್ಪಂದನೆಗಳಿಗೂ ನಾವು ಕೃತಜ್ಞರಾಗಿದ್ದೇವೆ.

ಸಮಿತಿಗಳ ಕೆಲಸ ಸುಗಮವಾಗಿ ನಡೆಯುವಂತೆ ವ್ಯವಸ್ಥೆ ಮಾಡಿದ ಇಲಾಖಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳು ಮತ್ತು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘದ ಎಲ್ಲಾ ಅಧಿಕಾರಿಗಳಿಗೂ, ಸಿಬ್ಬಂದಿಗಳಿಗೂ ವಂದನೆಗಳು.

ಎನ್. ಮಂಜುಶ್ರೀ, ಭಾಆಸೇ
ವ್ಯವಸ್ಥಾಪಕ ನಿರ್ದೇಶಕರು
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ(ರಿ).
ಬೆಂಗಳೂರು.

ಡಾ ಎಂ.ಜಿ. ಹೆಗಡೆ
ಸಂಯೋಜಕರು ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ
ಪರಿಷ್ಕರಣಾ ಸಮಿತಿ
ಕರ್ನಾಟಕ ಪಠ್ಯಪುಸ್ತಕ ಸಂಘ(ರಿ).
ಬೆಂಗಳೂರು.

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Text Book Revision Committee

CHIEF COORDINATOR

Dr. Manjunath G. Hegde,
'Ahalya', Chitragi, Kumuta Taluk, Uttara Kannada District.

CHAIRPERSON

Dr. Kiran M. Gajanur, Asst. Professor, Public Administration Department, Karnataka Central University, Kalburgi.

MEMBERS

Dr. Krishna Ramchandra Hombal,
Professor and Chairman,
Department of studies in Political Science and Public Administration, University of Mysore, Manasaganotri, Mysore.

Dr. Pradeep Kenchanur,
Lecturer in History, Government PU College, Gandhi Nagar, Sullia Taluk, Dakshina Kannada District.

Dr. Kodi Rangappa,
Rtd. Professor and Principal University College of Education, Bengaluru University, A.P.M.C. East Road, Timmakka Layout, Chikaballapur.

Dr. Danamma Chanabasappa Zalaki,
Vice Principal, Smt. Somavva C Angadi Karnataka Public School, K.K. Koppa, Belagavi Rural Taluk, Belagavi Dist.

Sri Wasim Anwar,
Asst. Teacher Karnataka Public School, Kadaba Gubbi Taluk, Tumkur Dist.

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ADVISORS

Smt. Prema H.M,
Managing Director, Karnataka Text Book Society(R.), Bengaluru

Sri H.G. Ganganna Swami, Deputy Director, Karnataka Text Book Society(R.), Bengaluru

PROGRAMME COORDINATOR

Smt. Suma B. K., Senior Asst. Director, Karnataka Text Book Society(R.), Bengaluru.

Translators

Syeda Noor Sabha M.A, Bed
GUHPBS, Gutthal
Sadathnagar Mandya.

Shaheera Banu M.A, Bed
GUHPS, Mangla
Chamarajnagar

Irfan Ahmed PUC,T.C.H
GULPS, Kiragasaru
Chamarajnagar.

Mohammed Umar Shaik M.A, Bed
GUHPS, Kokatanur, Sindagi,
Vijaypura

Tabassum Fathima M.A, Bed
GUHS, Kanakpura
Ramnagaram.

Md. Altaf Amjad Bsc,Bed
CRP Basvakalyan
Bidar.

2024-25

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

TRANSLATORS	
DR. MOHD. GULSEEN - SENIOR LECTURER, DIET BIDAR	
ZAMEER AHMED KITTUR G.P.T. GOVT. URDU HPS NANDGAON, TQ. HUMNABAD & DIST. BIDAR	**SHAKEEL MULASAVALAGI A.M.** GOVT. URDU HIGH SCHOOL BHATAMBRA, TQ. BHALKI & DIST. BIDAR
MOHD. ABDUL MUBEEN G.P.T. GOVT. URDU HPS CHITTA, TQ. & DIST. BIDAR	**MOHD. AMEER KHAN G.P.T.** GOVT. URDU KPS RAO TALEEM, TQ. & DIST. BIDAR
RIZWANA PARVEEN G.P.T. GOVT. URDU HPS CHATNALLI, TQ. & DIST. BIDAR	**HUMERA TAUQEER G.P.T.** GOVT. URDU HPS RANJOLKHENI, TQ. & DIST. BIDAR

L3R3F3

حصّۂ اوّل
فہرست مضامین

صفحہ نمبر	Contents	اسباق کے نام	نمبر شمارہ
	History	تاریخ	
1	MAJOR DEVELOPMENTS IN THE WORLD	دنیا کے اہم واقعات	1
11	MEDIEVAL EUROPE	عہد وسطیٰ کا یوروپ	2
34	ADVENT OF THE EUROPEANS TO INDIA	ہندوستان میں اہل یوروپ کی آمد	3
40	INDIA IN THE 18TH CENTURY(1707-1757)	18ویں صدی میں ہندوستان (1707 تا 1757)	4
47	THE GROWTH OF BRITISH SUPREMACY (1758-1856)	برطانوی حکومت کا عروج (1758-1856)	5
57	IMPACT OF THE BRITISH RULE	انگریزی حکومت کے اثرات	6
67	MYSORE AND OTHER PROVINCES	میسور اور دیگر علاقے	7
110	BHAKTHI CULT AND SUFI HERITAGE	بھکتی پنتھ اور صوفی روایات	8
	Civics	شہریت	
123	INTRODUCTION TO LEGISLATIVE, EXECUTIVE AND JUDICIAL TERMINOLOGIES	مجلس قانون ساز، مجلس عاملہ اور مجلس عدلیہ کے اصطلاحات کا تعارف	9
140	UNION GOVERNMENT	مرکزی حکومت	10
150	STATE GOVERNMENT	ریاستی حکومت	11
	Geography	جغرافیہ	
157	PHYSICAL DIVISIONS OF INDIA	ہندوستان کی طبعی تقسیم	12
167	CONTINENT-NORTH AMERICA	براعظم شمالی امریکہ	13
191	CONTINENT-SOUTH AMERICA	براعظم شمالی امریکہ	14

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

A1X2R7

تاریخ (HISTORY)

سبق:1

دنیا کے اہم واقعات
MAJOR DEVELOPMENTS IN THE WORLD

سبق کا تعارف

دنیا کے تمام مذاہب پر عمل کرنے والے لوگ ہندوستان میں بسنے کی وجہ سے ہندوستان کو سیکولر ملک مانا جاتا ہے۔ یہاں پر مختلف مذہب کے لوگ ایک ساتھ مل جل کر زندگی بسر کرتے ہیں۔ اس سبق میں ہندوستان کے چند مذاہب کے متعلق تفصیل سے جانکاری حاصل کریں گے۔

عہد وسطیٰ میں عیسائیت اور مذہب اسلام کے فروغ سے یورپ اور ایشیاء میں بڑی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ اس کا اثر ہندوستان کی تاریخ پر بھی پڑا۔ خصوصاً عیسائیت اور مذہب اسلام کا عروج، ارتقاء اور اس سے ظاہر ہوئے اثرات کو ہندوستان کی تاریخ کے ذریعے ہم پہچان سکتے ہیں۔ اس سبق میں عیسیٰ علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی اور ان کی تعلیمات کو بیان کیا گیا ہے۔ اس طرح رومن کیتھولک چرچ ایک طاقتور نظام بن کر ابھرا۔ عرب میں اسلامی ریاست کا قیام، عرب تہذیب کی دین اور دنیا کی تاریخ میں منگول اور عثمانی ترکوں کے اثرات کو بیان کیا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1) عیسیٰ علیہ السلام اور پیغمبر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کو سمجھیں گے۔
2) عرب، منگول اور ترکی سلطنت کی توسیع اور ہندوستان پر کس طرح اثر اندوز ہوئے اس بات کو سمجھیں گے۔
3) ادب اور سائنسی میدان میں عربوں کی دین کے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔

تاریخ کسے کہتے ہیں؟

تاریخ گزرے ہوئے واقعات کو باقاعدگی سے بیان کرتی ہے وہ انسانی ترقی کو عہد بہ عہد بیان کرتی ہے۔ پچھلے واقعات کو بیان کرتے وقت تین عناصر ضرور موجود ہوتے ہیں وہ یہ ہیں کب ہوا؟ کہاں ہوا؟ اس کے ذمہ دار

NOT TO BE REPUBLISHED © SCERT

کون ہیں؟ان سوالات کے جوابات میں عیسوی،مقامات اور کئی شخصیات کے نام آتے ہیں۔

انگریزی لفظ "Religion"،کو اُردو زبان میں مذہب کے طور پر استعمال کرنے کا رواج ہے۔اس سبق میں لفظ Religion کے استعمال سے مراد مذہب ہے۔

عیسائی مذہب

دنیا کے بڑے مذاہب میں عیسائیت اور اسلام کا شمار ہوتا ہے۔آیئے آج ہم ان کا عروج،فروغ اور ان کے اثرات کی جانکاری حاصل کریں گے۔عیسائی مذہب دو ہزار سال پرانا مذہب ہے۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس مذہب کے بانی ہیں۔'انجیل' ان کی مقدس کتاب ہے۔اس کتاب میں عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی اور تعلیمات کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

"جیسیس" یعنی اُردو میں "عیسیٰ علیہ السلام" کرائیسٹ لفظ کے معنی "محافظ" ہے۔

حضرت عیسیٰؑ کی زندگی: حضرت عیسیٰؑ بیت الحم (اسرائیل) کے گاؤں میں پیدا ہوئے ان کی والدہ بی بی مریم تھیں۔آپ کی عمر جب تیس (30) برس کی ہوئی تو وہ گھر چھوڑ کر باقی زندگی غریبوں اور مسکینوں کی بھلائی میں صرف کر دی۔رحم کرنا ہی اپنا دھرم سمجھتے تھے۔ایسی کہانیاں بیان کرتے ہوئے مثالوں کے ساتھ تعلیمات دیتے رہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ماننے والوں کی تعداد جس قدر بڑھنے لگی اُسی طرح ان کے مخالفین کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا۔مذہبی رہنماؤں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مخالفت کی اور ان کو ملک کا غدار بتاتے ہوئے کئی الزامات لگائے اور انہیں صلیب پر چڑھایا گیا۔(مجرموں کو اس زمانے میں صلیب پر چڑھا کر سزائے موت دی جاتی تھی)۔

تعلیمات:

- ہم سب خدا کے بندے ہیں،ہم سب بھائی بھائی ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

- گناہ کئے بغیر پرہیزگاری سے زندگی بسر کرنی چاہیئے۔ اپنے پڑوسیوں سے اپنے جیسا برتاؤ کرنا چاہیئے۔
- انسانی خدمت کو خدا کی خدمت قرار دیا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد ان کی تعلیمات کو عام کرنے کے لئے ان کے بارہ (12 حواریوں اور پیروکاروں) نے جوش کے ساتھ تبلیغ کی۔ اس وجہ سے روم سلطنت کے کئی حصوں میں عیسائی اقوام کا ظہور ہوا۔ اس دوران عیسائیوں کو کئی تکالیف کا سامنا کرنا پڑا۔ عیسائیت کو روم سلطنت میں جِلا ملی۔

اس کے بعد اٹلی کا شہر روم عیسائیت کا اہم مرکز بنا، وہاں کا پوپ عیسائیوں کا مذہبی پیشوا بن گیا۔ یورپ اور دنیا کے دیگر مقامات کو عیسائیت کی تبلیغ کے لئے وہاں سے کئی مبلغین کو بھیجا گیا۔ وقت کے ساتھ رومن کیتھولک چرچ ایک طاقتور نظام بن کر اُبھرا۔

سرگرمی: امن کے حامی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر چڑھانا ایک گناہ عظیم تھا۔ اپنے دوستوں سے بحث کیجئے اور اپنے مشوروں کو لکھیئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مذہب اسلام

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مذہب اسلام کے بانی اور آخری پیغمبر ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش عرب کے شہر مکہ میں ہوئی۔

پیغمبر کے معنی ہیں ''خدا کے پیغامات کو لوگوں تک پہنچانے والا''۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والد حضرت عبداللہؓ اور والدہ بی بی آمنہؓ تھیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیدا ہونے سے پہلے ان کے والد کا انتقال ہو گیا تھا۔ ابتداء میں چچا کے ساتھ تجارت میں ہاتھ بٹایا۔ آگے چل کر ایک مالدار بیوہ حضرت خدیجہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجارت کے کام کے لئے مامور کیا۔ انہوں نے

آپؐ کی سادگی اور امانت داری کو دیکھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شادی کی۔

آپؐ نے 40 سال کی عمر میں غار حرا میں نماز اور مراقبہ کرتے ہوئے نبوت حاصل کی۔ رفتہ رفتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے پیغامات کی تبلیغ کرنا شروع کی۔ اللہ کے احکام کی کتاب ہی 'قرآن مجید' ہے یہ عربی زبان میں ہے۔

لفظ 'اسلام' کے معنی 'امن/حوالے کرنا' جبکہ 'مسلمان' کے معنی ہیں 'اپنے آپ کو خدا کے حوالے کرنے والا'

آگے چل کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکاروں کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ انہوں نے اس زمانے کی غلط رسومات اور عقیدوں پر کڑی تنقید کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کی تعداد میں اضافہ ہوا اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ چھوڑ کر مدینہ جانا پڑا۔ پیغمبر حق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ چھوڑ کر مدینہ چلے جانا


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تصویر 1.1: کعبہ ۔ مسلمانوں کا مقدس مقام ۔ مکّہ

'ہجرت' کہلاتا ہے۔اسی سال سے اسلامی کیلنڈر میں 'ہجری دور' کا آغاز ہوا۔

مدینے کے لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال کیا۔آگے چل کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ کے دلوں پر فتح حاصل کی۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ میں جتنے بُت تھے ان کا صفایہ کیا۔تھوڑے ہی عرصے میں اسلامی اصول تمام عرب ممالک میں پھیل گئے۔

اسلامی تعلیمات:

اللہ ایک ہے۔اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے پیغمبر یعنی اللہ کے پیغامات پہنچانے والے ہیں۔

- تمام مسلمان اللہ کے بندے ہیں۔انہیں ایماندار ہونا چاہیے۔

تاجر دھوکا نہ دیں، سودی کاروبار حرام ہے۔بچوں کا قتل اور شراب نوشی، جوا کھیلنا اسلام میں حرام قرار دیا گیا۔

اسلام کے پانچ ستون:

- ایمان : اللہ ایک ہے اور حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے آخری نبی ہیں۔
- نماز : روزانہ پانچ نمازیں مقررہ اوقات میں قبلہ رُخ ہو کر ادا کریں۔
- زکوٰۃ : واجب ادا کریں۔
- روزے: رمضان کے مہینے میں روزے رکھیں۔
- حج : ہر صاحب استطاعت پر زندگی میں ایک بار حج کرنا فرض ہے۔

سرگرمی: مذہب اسلام اور عیسائی مذہب کیا تعلیم دیتے ہیں؟ ان دونوں کے درمیانی مماثلات اور غیر مماثلات کی فہرست تیار کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اسلامی حکومت کی توسیع:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جانشین کو 'خلیفہ' کہتے ہیں۔ آگے چل کر خلفاء نے فتوحات کے ذریعے اسلامی سلطنت کو وسیع کیا۔ جس طرح سلطنت کی توسیع ہوئی اسلامی پیروکار کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ عربوں نے ہندوستان پر بھی حملہ کیا۔ سندھ کا علاقہ اپنے قبضے میں کرلیا اور وہاں پر مذہب اسلام کی بنیاد ڈالی۔

اس کے بعد ترک اسلامی سلطنت کے حکمران بنے۔ افغانستان سے ہوکر ہندوستان میں داخل ہوتے ہوئے کئی حملے کئے، اس وجہ سے ہندوستان میں دہلی کے سلاطین کی حکومت قائم ہوئی۔

عربوں کی خدمات:

- عربوں نے یونان، روم اور ہندوستان کے مشہور سائنس دانوں سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی تہذیب کو پروان چڑھایا۔ بغداد ایک مشہور تعلیمی مرکز بن گیا۔
- عربوں نے ادب کے میدان میں اپنی خدمات انجام دی ہیں۔

'الف لیلیٰ (عربی نائٹس)' 'عمر خیام کی' رباعیات' اور فردوسی کا 'شاہ نامہ' یہ فارسی زبان کی اہم تصانیف ہیں۔

سرگرمی: عربوں نے ہندوستانی علم ریاضی کو دنیا کے کونے کونے میں پہنچایا اس پر بحث کرتے ہوئے مختصر مضمون لکھئے۔

- عربوں نے الجبراء، علم کیمیاء، اور علم فلکیات کے میدان میں اہم خدمات انجام دی ہیں۔ ہندوستانیوں نے صفر سمیت ہندسوں کا استعمال کیا اور ان کو مغربی ممالک تک پہنچایا۔
- عربوں نے عالی شان محل، مساجد، کتب خانے اور ہسپتالوں کو تعمیر کیا۔ مکہ، مدینہ، یروشلم، بغداد اور کئی جگہوں پر خوبصورت مساجد موجود ہیں۔ طب یونانی اور جراح کا طریقہ ان ہی کی دین ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

صلیبی جنگیں

یہودیوں، عیسائیوں اور مسلمانوں کے لئے فلسطین اور اس کا صدر مقام بیت المقدس (یروشلم) ایک مقدس زمین بن چکی تھی۔ اس کو پانے کے لئے عیسائیوں اور مسلمانوں کے درمیان نو (9) دفعہ جنگیں ہوئیں۔ ان مذہبی جنگوں کو صلیبی جنگیں (کروسائیڈ) کہتے ہیں۔



تصویر 1.2۔ یروشلم (بیت المقدس)

جنگوں کی وجوہات: اگرچہ فلسطین عثمانی ترکوں کے قبضے میں تھا۔ لیکن عیسائی ایک عرصے سے وہاں زیارت کے لئے جا رہے تھے۔ ان جنگوں کی بڑی وجہ ترکوں کا یروشلم کے زائرین پر وہاں مستقل بسنے پر پابندی تھی۔ پہلی مذہبی جنگ میں کل 40,000 عیسائی یورپ کے مختلف ممالک سے یروشلم کی طرف آگے بڑھتے ہوئے قابض ہو گئے بعد میں کسی بھی جنگ میں عیسائیوں نے قابل ذکر جیت حاصل نہیں کی۔ چوتھی مذہبی جنگ کے دوران ایک المناک واقعہ درپیش آیا۔ اس جنگ میں 50,000 سے زائد یورپیوں نے حصہ لیا۔ لیکن کچھ راستے میں تھکن سے مر گئے۔ دشمنوں نے اسیروں کو اپنا غلام بنالیا۔



تصویر 1.3۔ صلیبی جنگوں کی تصویر

جنگ کے نتائج: کل ملا کر عیسائی اس مقدس مقامات کے حصول اور قبضے میں

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پوری طرح کامیاب نہ ہو سکے، مگر ان مذہبی جنگوں کی وجہ سے یورپ اور ایشیاء کے درمیان رابطہ اور تجارتی تعلقات بڑھ گئے۔

منگول

منگولیا وسطی ایشیاء کی ایک وسیع چراگاہ ہے۔ اس خطے میں رہنے والے خانہ بدوش قبیلے کو 'منگول' کہتے ہیں۔ مویشی پالن ان کا ذریعہ معاش تھا۔

چنگیز خاں: منگولوں کو یکجا کرنے اور طاقتور ایشیائی سلطنت قائم کرنے کا سہرہ چنگیز خان کے سر ہے۔ وہ اپنے ظلم کے لئے مشہور تھا۔ چنگیز خان نے ایشیا میں بڑی سلطنت قائم کی۔ مگر اس نے ایسا شرمناک کام کیا جس سے تاریخ پڑھنے والوں کا جسم کانپتا ہے۔

قبلائی خان: قبلائی خان چنگیز خان کا پوتا تھا۔ وہ ایک عظیم جنگجو تھا جو ملک چین کا حکمران بنا۔ وہ ایک اچھا منتظم اور رحم دل حاکم تھا۔ لوگوں کی فلاح و بہبودی کی خاطر اس نے بہت سارے عوامی خدمات انجام دیں۔ قحط کے زمانے میں اس نے بھوکوں کو کھلایا، محققوں اور فنکاروں کی ہمت افزائی کی۔



تصویر 1.4: چنگیز خان



تصویر 1.5۔ قبلائی خان

چینی مذہب اور ثقافت سے متاثر ہو کر قبلائی خان نے بدھ مت اختیار کیا۔

قبلائی خان ایک مثال ہے۔ کس طرح اچھی شخصیتیں دوسروں کے روابط سے متاثر ہوتی ہیں۔

@KTRS TO BE REPUBLISHED

تیمور: قبلائی خان کی قائم کردہ سلطنت کے زوال کے بعد اس کا جانشین تیمور نے اپنی ناموس کو دوبارہ برقرار رکھا۔ وہ بہت ہی ظالم حکمران تھا۔ اس نے ایران، عراق، شام، افغانستان اور روس کے مختلف حصوں کو فتح کر کے اپنی ایک وسیع سلطنت قائم کی۔ تیمور نے ہندوستان پر بھی فتح حاصل کی۔ مغلیہ (منگول) سلطنت کا بانی بابر اسی کے سلسلۂ نسب سے تعلق رکھتا تھا۔

عثمانی ترک

ترک خانہ بدوش لوگ وسطی ایشیاء کے ترکستان موجودہ ترکمانستان سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے اسلامی عقائد قبول کئے قبلائی خان کی سلطنت کے زوال کے بعد اردگرد کے وسیع علاقوں پر ترکوں نے قبضہ کر لیا۔ انہوں نے سلطنت عثمانیہ کے نام سے ایک فوجی ریاست بنائی اور انہوں نے ہندوستان پر حملے کئے۔

یہ بھی جانئے:

- بیت اللحم: یروشلم کے نزدیک ایک چھوٹا سا گاؤں ہے۔ یہ موجودہ اسرائیل کے جوڈیا نامی کے علاقے میں ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I: خالی جگہوں کو مناسب لفظ سے پُر کریں:۔

1۔ عیسائیوں کی مقدس کتاب ۔۔۔۔۔۔۔۔

2۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا مقام ۔۔۔۔۔۔۔۔

3۔ قبلائی خان ۔۔۔۔۔۔۔۔ کا پوتا تھا۔

4۔ ترکوں کا تعلق ۔۔۔۔۔۔۔۔

II: گروہوں میں بحث کر کے جواب دیجئے:۔

5۔ عیسیٰ علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟ ان کی والدہ کون تھیں؟

6۔ عیسیٰ علیہ السلام کی اہم تعلیمات کیا ہیں؟

7۔ صلیبی جنگوں کی اہم وجوہات کیا ہیں؟

8۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اہم تعلیمات کیا ہیں؟

9۔ عربوں کی کوئی دو خدمات کو بتلائیے۔

10۔ عثمانی ترکوں کے متعلق ایک نوٹ لکھئے:۔

سرگرمیاں:

1۔ انجیل میں بتائی گئی کہانیوں کو پڑھئے۔

2۔ عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کو تفصیل سے پڑھئے۔

3۔ پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے متعلق پڑھئے۔

4۔ نقشے میں عیسائیت اور مذہب اسلام کے مقدس مقامات کو پہچانئے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

سبق:2

عہد وسطیٰ کا یوروپ
MEDIEVAL EUROPE

2.1: جدید دور کے نشاۃ ثانیہ کا آغاز

سبق تعارف:

مورخین نے یوروپ کی تاریخ کو تین ادوار میں درجہ بند کیا ہے۔قدیم دور تقریباً 500 ع.ع. تک،عہد وسطیٰ یا درمیانی دور تقریبا 500 سے 1500 ع.ع.تک،جدید دور 1500 ع.ع سے آگے عہد وسطیٰ یعنی درمیانی دور میں عوام کی زندگیوں پر کیتھولک چرچ نے مکمل طور پر اپنا قبضہ جما لیا تھا۔

مگر 15 ویں اور 16 ویں صدی کے دوران میں ہی یورپ کی تاریخ نے ایک کروٹ لیتے ہوئے جدید دور میں قدم رکھا اور ترقی وتبدیلی کی راہ ہموار ہوئی۔جدید دور کے آغاز کی نشاندہی کرنے والے تین اہم تاریخی واقعات یہ ہیں۔

1. نشاۃ ثانیہ (Renaissance)
2. اصلاح (Reformation)
3. جغرافیائی تحقیق (Geographical Explorations)

نشاۃ ثانیہ کی تحریک نے روایتی اور مروجہ رسومات پر سوالات اٹھانا شروع کیا۔انسان کی سوچ بدل گئی۔اب تک جو انسان مذہبی نقطہ نظر سے سوچتا تھا نشاۃ ثانیہ کے دور میں اس کی سوچ کا محور انسانی ترقی و تبدیلی بن گیا۔16 ویں صدی کے مذہبی اصلاحات کی وجہ سے چرچ پر انگلیاں اور سوالات اٹھنے لگے اور چرچ کے خلاف ایک انقلاب شروع ہوا۔

اس سبق میں نشاۃ ثانیہ کے معنی، آغاز اور تصور، مذہبی اصلاحات کے معنی، وجوہات، نوعیت اور اثرات، 15 ویں اور 16 ویں صدی میں جغرافیائی کھوجوں کی اہمیت، اسباب، رفتار اور اثرات کو بیان کیا گیا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

صلاحیتیں:

1. نشاۃ ثانیہ کے تصور کو جانیں گے۔
2. نشاۃ ثانیہ کے آغاز کی وجہ اور اس کی خصوصیت کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔
3. نشاۃ ثانیہ میں ادب، فن تعمیر و مصوری اور سائنس کے شعبوں میں ہونے والی ترقی کے بارے میں جانیں گے۔
4. اصلاحی تحریک (مذہبی اصلاح) کو سمجھیں گے۔
5. اصلاحی تحریک کے اسباب کو جانیں گے۔
6. اصلاحی تحریک میں مارٹن لوتھر اور دیگر اشخاص کے کردار کو جانیں گے۔
7. Counter reformation کا مطلب اور Ignatius Loyola کے رول کو جانیں گے۔
8. اصلاحی تحریک کے اثرات کو جانیں گے۔
9. دریافتوں کی وجوہات کو جانیں گے جن کی وجہ سے دریافتیں ہوئیں۔
10. طلبہ سمندری سفر کی نوعیت کے بارے میں جانیں گے۔
11. طلبہ دنیا کے نقشے پر سمندری راستوں کی نشاندہی کریں گے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

استاد : بچوں کیا آپ جانتے ہیں کہ نشاۃ ثانیہ یا نئی بیداری سے کیا مراد ہے؟

طلبہ : نہیں جناب ہم نہیں جانتے۔

استاد : لفظ نشاۃ ثانیہ کا مطلب ہے ''دوبارہ جنم لینا، نئی بیداری (Re awakening)'' بھی ہے۔ لفظ نشاۃ ثانیہ یورپ کی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے۔ 1400 - 1600 ع.ع. کے درمیان میں یوروپی ادب، فن تعمیر اور سائنس کے شعبوں کے ساتھ فکری اور ثقافتی تہذیب تحقیق اور تخلیقی ترقی بھی نشاۃ ثانیہ کی دین ہے۔ نشاۃ ثانیہ کی تحریک کے ساتھ ہی یورپ کے جدید دور کا آغاز ہوتا ہے۔

طلبہ : یہ تحریک کہاں سے شروع ہوئی؟

استاد : اس کی ابتداء اٹلی میں ہوئی۔

دیاموا : استاد نشاۃ ثانیہ کی خصوصیات کیا ہیں؟

استاد : بہت اچھا سوال ہے۔ یہ سب کو معلوم ہونا چاہیے کہ نشاۃ ثانیہ کی بہت سی خصوصیات تھیں لیکن انسانیت نوازی اور عقلیت پسندی سب سے اہم ہیں۔

دیپالی : انسانیت کیا ہے؟

استاد : انسانیت کا عقیدہ ہے کہ انسان ہی دنیا کی تمام مخلوقات میں اہمیت رکھتا ہے۔

قدیم یونانی ادب کا مطالعہ کرنے والے علماء کو 'انسانیت پسند (Humanists)' کہا جاتا ہے۔ ان کا ماننا تھا کہ انسان دنیا کی سب سے اہم مخلوق ہے۔ وہ گنہگار نہیں انہوں نے اعلان کیا کہ وہ خدا کی سب سے بڑی تخلیق یعنی انسان اشرف المخلوقات ہے۔

گنیش: پھر عقلیت پسندی (Rationalism) کیا ہے جناب؟

استاد : عقلیت پسندی سے مراد ہے کہ ہر چیز کو منطقی انداز پر پرکھنا۔ کسی بات کو اندھا دھند قبول نہیں کرنا بلکہ اس کی خصوصیت کو جاننا اور حقیقت کی بنیاد پر قبول کرنا۔

نشاۃ ثانیہ کے دور میں جنت اور جہنم اور دوسری دنیا کے بارے میں خیالات کو مسترد کر دیا گیا۔ انسان کے اردگرد کی دنیا کے معاملات پر بہت زیادہ توجہ دی گئی اور عصری زندگی پر زور دیا گیا۔

جوزف : کیا اس کے کوئی دوسری خصوصیات بھی ہیں جناب؟

استاد : ان کے علاوہ دو اور خصوصیات بھی ہیں۔ اور وہ یہ ہیں سب سے پہلے کلاسیکی زبان یعنی یونانی اور لاطینی زبان کو مسترد کر دیا گیا اور مقامی زبان کو فروغ دیا گیا۔ جس میں ادب لکھا جانے لگا تھا۔ دوّم اصل فنکارانہ تخلیقات کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

نشاۃ ثانیہ کے فنکاروں نے اپنے فن کے لئے نئے موضوعات کا انتخاب کیا اور ادب پر اپنی توجہ مرکوز کر دی۔ اس دور میں عبادت گاہیں (چرچ) نہ صرف عبادت خانہ رہے بلکہ فن تعمیر کے مراکز بن گئے۔

© KSBSE NOT TO BE REPUBLISHED

اسماعیل: جناب ہم نے نشاۃ ثانیہ کی خصوصیات کو سمجھا کیا ہم نشاۃ ثانیہ کے وجوہات کو جان سکتے ہیں؟

استاد : ضرور بتاؤں گا۔ نظریاتی آزادی نشاۃ ثانیہ کی بنیادی وجہ ہے۔

دیگر وجوہات یہ ہیں۔

- قسطنطنیہ پر حملہ
- جغرافیائی تحقیق
- پرنٹنگ پریس کی ایجاد
- تعلیم کا پھیلاؤ
- جاگیردارانہ نظام کا زوال وغیرہ۔

استنبول جدید ترکی کا بندرگاہی شہر ہے۔ اس کو پہلے قسطنطنیہ کہا جاتا تھا۔ اس سے پہلے اسے بازنطیم (Byzantium) کہا جاتا تھا۔

تھمّکا : جناب قسطنطنیہ پر حملے کے بارے میں مزید معلومات دیں۔

استاد : 15ویں صدی 1453ء کے وسط میں ترکی سلطان محمد دوّم نے مشرقی رومی سلطنت کے دارالحکومت قسطنطنیہ پر حملہ کیا۔ اس حملے کے دوران ترکوں نے شہنشاہ قسطنطین کے شہر پر قبضہ کرلیا۔ یہاں قابل غور حقیقت یہ ہے کہ 1453ء سے پہلے 11ویں صدی تک یہ شہر علم و تعلیم کا مرکز تھا۔

رضیہ : اس حملے کے نتائج کیا ہیں؟


استاد : ترک عربوں کی طرح وسیع النظر نہیں تھے ان کے حملے کے بعد قسطنطنیہ کی عوام اپنا قدیم لاطینی اور یونانی علمی سرمایہ لے کر اٹلی اور یورپ کے مختلف مقامات پر جا کر بس گئے۔ خاص طور پر اٹلی کے مختلف شہروں میں رہائش اختیار کئے اور وہاں سے علمی میدانوں میں کام کرتے رہے اس طرح علمی خزانہ قسطنطنیہ سے منتقل ہو کر اٹلی پہنچا اور وہاں سے ہی نشاۃ ثانیہ کا سبب بنا۔ اس کے علاوہ جغرافیائی دریافتوں کے لئے راہ ہموار ہوئی اور یورپ والوں نے سمندری راستہ تلاش کر کے بہت دولت کمائی۔

@KTBS NOT FOR REPUBLISHED

بھارت، امریکہ جیسے ممالک کے لئے سمندری راستے دریافت کئے گئے۔ اس نے یورپ کو نوآبادیاتی طاقت میں بدل دیا۔ اس طرح جاگیردارانہ نظام کو بھی تباہ کیا۔

اتُل : نشاۃ ثانیہ میں پرنٹنگ پریس کی کیا دین ہے؟

استاد : 15 ویں صدی میں ایجاد ہونے والی پرنٹنگ پریس کی وجہ سے علم کی ترسیل کے میدان میں انقلابی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔ اس سے پہلے ایک شخص سال میں صرف دو کتابیں چھاپ سکتا تھا۔ پرنٹنگ مشین کی مدد سے اب وہ ایک سال میں ایک کتاب کے 24,000 پرنٹس (نسخے) چھاپ سکتا تھا۔ اس کے نتیجے میں چھپی ہوئی کتابوں کی قیمتوں میں کمی آئی اور ان کی مانگ میں اضافہ ہوا۔ مطبوعہ لفظ صاف تھا اور ہاتھ سے لکھے جانے سے زیادہ خوبصورت لکھنے پڑھنے میں دلچسپی رکھنے والے تمام افراد آسانی سے کتابیں حاصل کر سکتے تھے۔



گٹن برگ کی پرنٹنگ پریس کی تصویر

1450ع.ع کے آس پاس میں جرمن کے باشندے گٹن برگ نے پہلی بار اپنی پریس میں پرنٹنگ مشین کا استعمال کیا اور وہی اس کا موجد ہے۔ اس سے پہلے بلاکس (Blocks) کا استعمال کیا جاتا تھا۔ یہ ٹیکنالوجی پورے یوروپ میں پھیل گئی۔ پوپ اور تمام اسکالرز نے پرجوش انداز میں اس کا خیر مقدم کیا۔ اور 1477ء میں انگلینڈ کے ولیم کیکسٹان نے پرنٹنگ مشین میں بہتری اور ترقی لائی۔

ننگپا : جناب ادب کے میدان میں نشاۃ ثانیہ کے دور کی دین کیا ہے؟ اس کی وضاحت کیجئے۔



پیٹرارک

استاد : نشاۃ ثانیہ کے دوران قومی یا مقامی زبانوں میں ادب لکھا گیا۔ اس کے نتیجے میں لوگوں کی بولی جانے والی زبانیں (عوامی زبانیں) ترقی کرنے لگیں۔ اس دور میں بہت سے انسانیت پسند مصنفین نے ادب کے لئے مختلف تصانیف کی تخلیق کیں۔ پیٹرارک انسانیت پسند مصنفین میں سب سے نمایاں نام ہے یہ قدیم یونانی اور رومی ادب کی قدر کرتے تھے۔ ان کی غزلیں اور سانیٹ مشہور ہیں۔ نوجوان ادیب ان سے متاثر ہوئے۔ دانتے (Dante) ایک عظیم اطالوی شاعر تھے۔ انہوں نے 'دی ڈیوائن کامیڈی' (The Divine Comedy) لکھی۔

بوکاچیو (Boccacio) ایک ماہر کہانی نویس تھے۔ 'دیکامران' (Decameron) ان کی عظیم ادبی تخلیق ہے۔ جان کیلون ایک مذہبی مصلح تھے۔ انہوں نے فرانسیسی نثری ادب کو ایک نیا انداز دیا۔ سروینٹس نشاۃ ثانیہ دور کے ایک اہم اسپانش (Spanish) مصنف تھے۔ انہوں نے اپنی مشہور تصنیف 'ڈان کویکسوٹ (Don Quixote) میں انہوں نے عہد وسطیٰ کے نائٹس (Knights) پر طنز کیا۔

> شاہی فوج میں مثالی خدمات انجام دینے والوں کو 'نائٹ ہوڈز' (Knighthood) سے نوازا جاتا تھا اور 'نائٹس' کہا جاتا تھا۔

انگریزی ڈرامہ نگاروں میں 'ولیم شیکسپیئر' سب سے اہم شخصیت ہیں۔ انہوں نے بہترین ڈرامے لکھے ہیں۔ جن میں 'جولیس سیزر'، 'رومیو اینڈ جولیٹ'، 'کنگ لیئر'، 'میکبتھ' (Macbeth) بہت مشہور ڈرامے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



ولیم شیکسپیئر

ہیں۔ وہ کالی داس کی طرح ایک مشہور ڈرامہ نگار تھے۔

مارگریٹ: جناب آپ نے ادب کے میدان میں نشاۃ ثانیہ کی دین کیا ہے اس کی وضاحت کی ہے۔ کیا آپ ہمیں مصوری، فن تعمیر اور مجسمہ سازی میں اس کی دین کے بارے میں بتائیں گے؟

استاد : روم کے وسیع سینٹ پیٹرز چرچ اور لندن کے سینٹ پال میں نشاۃ ثانیہ کی شاندار فن تعمیر کو دیکھ سکتے ہیں۔



روم کے سینٹ پیٹرز چرچ کی تصویر

نشاۃ ثانیہ کے معماروں نے عہد وسطیٰ کے آرائشی اور ظاہری گوتھک انداز کو مسترد کر دیا اور نوکدار محرابوں کے بجائے 'دائروی' (Circular) محرابوں کا استعمال کیا۔

ڈوناٹیلو(Donatello)اس دور کا ایک ممتاز مجسمہ ساز تھا۔اس کی بنائی ہوئی 'ڈیوڈ' کی تصویر اس کی کاریگری کی مثال ہے۔اسی طرح مائیکل اینجلو کی بنائی ہوئی 'موسیٰ' کی تصویر بھی شاندار ہے۔

شوامورتی: جناب ہمیں اس فن کے میدان میں کامیابیوں کے بارے میں بتائیں۔

استاد : 16ویں صدی میں اٹلی میں بہت سے ہنرمند فنکار تھے۔ان میں سے 'لیونارڈو ڈاونچی' اور 'مائیکل اینجلو' نمایاں تھے۔



ورجن آن دی راکس ۔ لیونارڈو ڈاونچی کی پینٹنگ



مائیکل انجیلو کی موسس



میکل انجیلو



مونالیسا- لیونارڈوڈاونچی



لیونارڈوڈاونچی

@KTBS
TO BE REPUBLISHED

لیونارڈوڈاونچی ایک بہترین مصور' مجسمہ ساز' سائنسدان، انجینیر ، ماہر فنکار، معمار اور ریاضی دان تھا۔ 'ورجن آن دی راکس'، 'دی لاسٹ سپر' اور 'مونالیسا' ان کی مشہور پینٹنگز ہیں۔

لیونارڈو ڈاونچی نے تمام شعبوں میں اپنے تمام ہم عصروں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اس نے فلائنگ مشن، سب میرین، پیراشوٹ اور ٹینکر کے ماڈل تیار کر رکھے تھے۔ تاہم ان کے سائنسی کارناموں سے عوام ایک طویل عرصے تک ناواقف رہے۔ وہ ایک عظیم معمار بھی تھا اور انھوں نے اٹلی میں نہریں اور قلعے بنائے تھے۔ انہوں نے موسیقی اور فلسفے میں بھی مہارت حاصل کر لی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ وہ ایک وقت میں دونوں ہاتھوں سے لکھ سکتے تھے۔




کوپرنیکس

ادتیہ : جناب برائے کرم ہمیں نشاۃ ثانیہ کے دور میں سائنسی میدان میں ہونے والی ترقیوں کے متعلق بتائیں۔

استاد : ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جدید سائنسی ترقی کا آغاز نشاۃ ثانیہ کے دور میں شروع ہوا تھا۔ فلکیات میں انقلابی ترقی رونماء ہوئی۔ پولینڈ کے کوپرنیکس نے دعویٰ کیا کہ 'زمین ان سیاروں میں ایک ایسا سیارہ ہے جو سورج کے گرد گھومتی ہے'۔ چونکہ اس کی تحقیق چرچ کے عقائد کے خلاف تھی اس لئے اس کے نتائج کو کتابی شکل میں نہیں لایا گیا۔

کوپرنیکس کے زمانے میں چرچ نے ٹالمی نظریہ پر یقین کیا کہ 'سورج زمین کے گرد گھومتا ہے'۔

بعد میں جرمنی کے ریاضی سائنسدان کیپلر نے تجرباتی طور پر ثابت کیا کہ کوپرنیکس کے نظریات درست تھے۔



گیلی لیو

اٹلی کے ماہر فلکیات گیلی لیو نے دوربین ایجاد کی۔ اس نے کوپرنیکس کے نظریہ کی بھرپور حمایت کی۔ چرچ نے اس کو گرفتار کر لیا اور انکوائزیشن (چرچ کی انکوائری کورٹ) کا نشانہ بنایا۔ اپنے بیان سے مکرنے اور اپنی غلطی تسلیم کرنے کے بعد اسے رہا کر دیا گیا۔ انگلستان کے سر آئزک نیوٹن نے ثابت کیا کہ ہوا میں پھینکی گئی چیزوں کے گرنے کی وجہ 'کششِ ثقل' ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ولیم ہاروے 1557 – 1478ع۔ع۔ نے دوران خون کو دریافت کیا۔یعنی جسم میں خون کی گردش کے بارے میں ایک قابل قدر مقالہ پیش کیا۔بلجیم کے ویسالئیس (Vesalius) نامی سائنسدان نے جسم میں خون کی گردش کے بارے میں ایک قابل قدر مقالہ شائع کیا۔اس وقت چرچ کے عقائد پر سوال اٹھانے پر اسے موت کی سزا سنائی گئی تھی۔

گیلی لیو نے اپنے تجربات سے ثابت کیا کہ مختلف وزن کی دو چیزیں ایک ہی اونچائی سے نیچے گرتی ہیں تو بیک وقت زمین کو چھوتی ہیں۔اس نے 'پیسا کے ٹاور' سے مختلف وزن کی توپوں کے گولے گرا کر اپنے نتائج کی سچائی کا مظاہرہ کیا۔

اس طرح نشاۃ ثانیہ نے جدید معاشرے اور تہذیبوں کو نمایاں انداز میں متاثر کیا۔

2.2: مذہبی اصلاح :

پیٹر اور للّی اتوار کے دن چرچ میں عبادت کرنے کے بعد جب چرچ سے باہر آئے تو اپنے والد سے تجسس کے ساتھ سوالات پوچھنا شروع کر دیئے۔

پیٹر : کیا عیسائیت میں بھی فرقے ہیں۔

جان : جی ہاں عیسائیت میں بہت سے فرقے ہیں۔ان میں کیتھولک اور پروٹیسٹنٹ نامی دو اہم فرقے ہیں۔

پیٹر : عیسائیوں میں ان فرقوں کے ظاہر ہونے کی کیا وجوہات ہیں؟

جان : عہد وسطیٰ (Middle Age) کے دوران رومن کیتھولک چرچ میں بہت سی غیر اخلاقی سرگرمیاں ہو رہی تھیں۔سادگی اور پرہیزگاری کی زندگی گزارنے کے بجائے پوپ اور پادری عیش وعشرت میں ڈوب رہے تھے۔

بادشاہوں اور پادریوں کے درمیان بہت سے تنازعات ہوئے جس کے نتیجے میں معاشرہ میں پوپ کی عزت کم ہوگئی۔بادشاہ سیاسی معاملات میں پوپ کی مداخلت کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔پادریوں نے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اپنے چرچ کے بہت سے عہدوں کو بیچ دیا تھا اور بہت ساری دولت جمع کی تھی۔ یہی وجہ تھی کہ جان وائکلف، جان ہس، مارٹن لوتھر اور دیگر نے مختلف ادوار میں چرچ کی غلط کاریوں کو ظاہر کرنا شروع کر دیا۔

جان وائکلف (84-1324ع.ع.): جان وائکلف کو مذہبی اصلاح کا مارننگ سٹار (Morning Star) کہا جاتا ہے۔ وہ آکسفورڈ یونیورسٹی میں پروفیسر تھے۔ انہوں نے چرچ کی غیر قانونی سرگرمیوں کو بے نقاب کیا۔

جان ہس (1367-1415ع.ع.): اس نے چرچ کی غیر اخلاقی سرگرمیوں کی سخت مخالفت کی۔ خدمت کونسل (چرچ کی عدالت) نے اسے طلب کیا اور چرچ کی پالیسیوں کو قبول کرنے پر مجبور کیا۔ جان ہس نے جواب دیا میں اپنے عقائد کے خلاف کوئی خیال قبول نہیں کر سکتا۔ اسے غدار سمجھا جاتا تھا کیونکہ اس نے چرچ کے احکامات کو مسترد کر دیا۔ چرچ نے اسے غدار قرار دیتے ہوئے زندہ جلا دیا۔

کیتھولک عقیدے میں دراڑیں پیدا ہونے کی ایک اہم وجہ تھی سینٹ پیٹرز چرچ۔ تعمیر نو کے لئے پوپ لیو X کو رقم کی ضرورت تھی جس کو پورا کرنے کے لئے پوپ نے حربہ استعمال کیا کہ انڈلجینس نامی معافی کا پروانہ فروخت کرنا شروع کیا اور یہ کہا کہ جو شخص یہ معافی نامہ خریدے گا وہ مصیبت سے نجات حاصل کرے گا اور جنت میں جائے گا۔ مارٹن لوتھر نے بڑے پیمانے پر اس کی مخالفت کی۔ یہ سب جانتے ہوئے مارٹن لوتھر نے سوال کیا کہ اگر وہ پیسوں کے لئے لوگوں کے گناہوں کو دھونے جا رہے ہیں تو اسے کفارہ کے طور پر کیوں نہیں کرنا چاہیے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ لوتھر خود ایک عیسائی پوپ تھا۔ جس نے اس وقت چرچ کے حدود پر سوال اٹھایا تھا۔


مارٹن لوتھر

للّی : مارٹن لوتھر کون تھا؟

جان : مارٹم لوتھر مذہبی رہنما تھا۔ جس نے جرمنی میں مذہبی اصلاحی تحریک کی قیادت کی۔ وہ سینٹ اگسٹین چرچ کا پادری تھا۔

@KBS NOT TO BE REPUBLISHED

مارٹن لوتھر جس نے رومی اگسٹن پوپ اور پادریوں کے جاہلانہ طرز زندگی کا مشاہدہ کیا اس کے خلاف بغاوت کی۔اس نے لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کے لئے 95 مقالے معافی نامہ (انڈلجینس) کے فروخت کے خلاف لکھے اور انہیں ویٹزنبرگ چرچ کے مرکزی دروازے پر آویزاں کیا۔

لوتھر نے بائبل کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا۔اس کی وجہ سے عام لوگوں کو بھی اسے پڑھنے کا موقع حاصل ہوا۔اس نے چرچ کی مذہبی خدمات کے دوران لاطینی کی جگہ جرمن زبان کا استعمال شروع کیا۔

پوپ نے روم کے حکمران کو زور دے کر لوتھر کو سزا دینے کے ارادے سے روم بلایا۔تاہم لوتھر کو بہت سے بادشاہوں کی حمایت حاصل تھی اور اس وجہ سے اسے سزا نہیں دی جا سکی۔لوتھر کے پیروکاروں کو پروٹیسٹنٹ (بغاوت کرنے والا) کہا گیا۔آہستہ آہستہ پروٹیسٹنٹ عیسائیت کے ایک فروغ کے طور پر ابھر آئے اور پوری دنیا میں پھیل گئے۔یہ ترقی لبرلزم کہلانے والے سیاسی نظریہ کے ظہور کا باعث بنی۔

پیٹر : ان واقعات سے کیتھولک چرچ پر کیا اثر پڑا؟

جان : کیتھولک چرچ کے بارے میں لوگوں کے ذہنوں میں بہت سے شکوک پیدا ہونے لگے۔وہ چرچ سے دور ہونے لگے۔یہ دیکھ کر رومن کیتھولک سمجھ گئے کہ ان کے گرجا گھر میں کچھ اصلاح کرنے کی ضرورت ہے۔اس مقصد کے لئے کیتھولک چرچ کو پاک کرنے اور مضبوط کرنے کے لئے ''کاؤنٹر ریفارمیشن'' نامی تحریک شروع ہوئی۔

للّی : کاؤنٹر ریفارمیشن کیا ہے؟

جان : کیتھولک چرچ کی اپنے خامیوں میں اصلاحات لانے کی کوشش کو 'کاؤنٹر ریفارمیشن' یا 'کیتھولک اصلاح' کہا جاتا ہے۔

للّی : کاؤنٹر ریفارمیشن کے لیڈر کون تھے؟

جان : ''اگنیشیس لویولا'' کاؤنٹر ریفارمیشن کے لیڈر تھے۔انہوں نے 1541ع.ع میں 'جیسیس اسوسیشن' (انجمن) قائم کی۔

©KTRS NOT TO BE REPUBLISHED



اگنیشیس لویولا

اگنیشیس لویولا: لویولا اسپین کا ایک جنرل تھا۔ اس نے دیکھا کہ پروٹیسٹنٹ چرچ کی مقبولیت بڑھ رہی ہے جبکہ کیتھولک چرچ کی مقبولیت کم ہو رہی ہے ایماندار اور پرجوش لویولا نے معاملات کو اس طرح تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا کہ لوگوں کا عیسائیت پر ایمان دوبارہ بحال ہو جائے۔ جسیس اسوسیشن کے پیروکار جو جیسوئیٹس (Jesuits) ہیں۔ ان کو کیتھولک تبلیغ، نشریات، تعلیم کا پھیلاؤ وغیرہ اس کے کام ہیں۔

جیسس اسوسیشن کے ممبر کو "جیسوئیٹس" (Jesuits) کہا جاتا ہے۔ انہوں نے اپنے مذہب کو پھیلانے کے ساتھ تعلیم اور صحت کی سہولیات کی توسیع پر توجہ دی۔ ان کی کوششوں کے نتیجے میں لوگوں میں کیتھولک چرچ کا اعتماد دوبارہ حاصل ہوا۔

پیٹر : مذہبی اصلاحی تحریک کے اثرات کیا تھے؟

جان : عیسیٰ کے پیروکار دو فرقوں میں بٹ گئے۔ ایک کیتھولک اور دوسرا پروٹیسٹنٹ۔ کیتھولک چرچ میں مذہب کے نام پر جو غیر قانونی سرگرمیاں چرچ میں چل رہی تھی وہ ختم ہو گئیں۔ پوپ اور بادشاہوں کے درمیان اقتدار کی کشمکش میں آہستہ آہستہ بادشاہ زیادہ طاقتور ہوتے گئے۔

سرگرمی: مارٹن لوتھر کے متعلق مزید معلومات حاصل کریں۔

2.3: جغرافیائی دریافتیں

ارفع : جغرافیائی دریافتوں سے کیا مراد ہے؟

استاد : یوروپی 15ویں صدی تک دنیا کے تمام خطوں سے واقف نہیں تھے۔ زمین چپٹی ہونے کے عقیدے کی وجہ سے تمام تجارت یوروپی ساحل تک محدود تھی۔ رفتہ رفتہ یوروپیوں نے اپنے

@KTB NOT TO BE REPUBLISHED

تجسس، تجارت اور مہم جوئی کے رجحانات کے ساتھ نئے زمینی علاقے دریافت کئے۔ اسی کو 'جغرافیائی دریافتیں' کہتے ہیں۔

3.2: جغرافیائی دریافتیں۔

ارفع : جغرافیائی دریافتوں سے کیا مراد ہے؟

استاد : یوروپی 15ویں صدی تک دنیا کے تمام خطوں سے واقف نہیں تھے۔ زمین چپٹی ہونے کے عقیدے کی وجہ سے تمام تجارت یوروپی ساحل تک محدود تھی۔ رفتہ رفتہ یوروپیوں نے اپنے تجسس، تجارت اور مہم جوئی کے رجحانات کے ساتھ نئے زمینی علاقے دریافت کئے۔ اسی کو 'جغرافیائی دریافتیں' کہتے ہیں۔

چرچ کے رہنما سمجھتے تھے کہ زمین چپٹی ہے۔ ان کا ماننا تھا کہ اس کے کناروں پر ایک پاتال ہے۔ اس وجہ سے ملاح سمندری سفر کرنے سے ڈرتے تھے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عاطف : جغرافیائی دریافتوں کی وجوہات کیا تھیں؟

استاد : جغرافیائی دریافت کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔

- **شہر قسطنطنیہ پر حملہ:**

1453ع.ع. میں ترکوں نے شہر قسطنطنیہ پر حملہ کر کے اسے اپنے قبضے میں کرلیا۔ جس کی وجہ سے شہر سے گزرنے والے یوروپیوں کی تجارت میں رکاوٹ پیدا ہوگئی۔ چنانچہ یوروپیوں کے لئے مشرقی ایشیائی ممالک کے لئے ایک نیا سمندری راستہ تلاش کرنا ضروری ہوگیا۔

- **مارکو پولو کے رپوٹس:**

ایشیائی ممالک (بھارت، چین) کا دورہ کرنے والے مارکو پولو نے اپنے رپوٹ میں واضح کیا کہ ایشیائی ممالک دولت سے مالا مال ہیں۔ اس کا سفرنامہ بھی یوروپی تاجروں میں جغرافیائی دریافتوں کے لئے دلچسپی کا باعث بنا۔

- **ایشیائی ممالک کے اشیاء کی مانگ:**

یوروپ میں ایشیائی ممالک کی اشیاء اور مصالحہ جات کی بہت مانگ تھی۔

ہندوستانی اشیاء جن کی یورپ میں مانگ تھی۔ زعفران، ساگوان، سوتی کپڑا، املی، کالی مرچ، لونگ، دارچینی، صندل، کستوری (مشک)، الائچی، جاوئیتری اور جائفل وغیرہ۔

- **سائنسی ایجادات:**

نئی سائنسی ایجادات جیسے قطب نما (Compass)، ایسٹرولوب (Astrolabe) اور کیرویل (Caravel) نامی بڑے جہاز سمندری سفر میں مصروف ملاح کے لئے کارآمد ثابت ہوئے۔



بڑے جہاز



اسٹرولوب



قطب نما (کمپاس)


NOT TO BE REPUBLISHED © SCERT

سرگرمی: ملاحوں کے لئے قطب نما اور اسٹرولوب کس طرح مددگار ثابت ہوئے اس بات کو جانئیے۔

- **مذہبی تحریک:**

عیسائی مبلغین اپنے مذہب عیسائیت کی تبلیغ کے لئے ایشیاء اور آفریقہ کی طرف رخ کرنے لگے۔

جہاں آراء: سمندری سفر جیسے مہم جوئی کا کام کرنے والا پہلا ملاح کون تھا؟



NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

استاد : پرتگالی سب سے پہلے سمندری سفر کرنے والے تھے۔شہزادہ ہینری (پرتگالی) کی خواہش تھی کہ وہ ہندوستان اور چین کے لئے سمندری راستہ تلاش کرے۔اس نے اس مقصد کے لئے بحری اسکول قائم کیا۔اس لئے وہ ''ہینری دی نیویگیٹر'' کے نام سے مشہور ہوا۔اس کی حوصلہ افزائی نے جغرافیائی دریافتوں میں مدد کی۔

ہینری ''اسکول آف نیویگیشن'' کا بانی تھا۔ ہر سال اس اسکول کے طلبہ آفریقہ کے مغربی ساحل کے ساتھ سفر پر جاتے تھے۔ 16ویں صدی کے اوّل تک ملاحوں نے ہواؤں، لہروں اور سمندری لہروں کے بارے میں کافی معلومات اکٹھا کرلی تھیں۔ بہت سے اہم یورپی ملاح ماہرین فلکیات اور ماہرین ریاضی اسکول کے لئے معلومات مرتب کرنے میں مصروف تھے۔

رمیش: ملاحوں نے کون کونسے مقامات دریافت کئے؟

استاد : پرتگالی ملاح ''بارتھولومیوڈیاز'' نے شاہی سرپرستی میں سفر کیا اور 1498ء میں آفریقہ کے جنوبی سرے 'کیپ' تک پہنچا۔اس کے جہاز اس علاقے میں تیز ہواؤں سے ٹکرا گئے۔ چناچہ اس نے اس علاقے کا نام ''کیپ آف اسٹارم'' رکھا۔تاہم چونکہ اس سفر نے مستقبل کے سفر کی توقعات کو بڑھا دیا تھا۔اس لئے کنگ جان دوّم نے آفریقہ کے جنوبی سرے کو ''کیپ آف گڈ ہوپ'' کا نام دیا۔

- **واسکوڈی گاما :**



واسکوڈی گاما

ایک اور پرتگالی ملاح واسکوڈی گاما بارتھولومیوڈیاز کے دریافت کردہ راستے سے ہوتا ہوا کیپ آف گڈ ہوپ تک جا پہنچا۔ وہاں سے وہ آفریقہ کے مشرقی ساحل پر واقع جزیرہ 'میلنڈی' پہنچا۔ بحرعرب اور بحرہند کو عبور کر کے ہندوستان کے مغربی ساحل پر 1498ع.ع میں کالی کٹ پہنچا۔اس طرح ہندوستان کے لئے ایک نیا سمندری راستہ دریافت ہوا۔

© SCERT NOT TO BE REPUBLISHED

واسکوڈی گاما جس جگہ پر اصل میں پہنچا تھا وہ کالی کٹ سے تقریباً 10 کلومیٹر دور 'کپڈ' (Kappad) تھا۔ اس وقت کالی کٹ پر زامورین بادشاہ حکومت کرتا تھا۔

• **کرسٹوفر کولمبس:** اسپین کا ملاح کرسٹوفر کولمبس نے اسی پختہ یقین کے ساتھ کہ زمین گول ہے، مغرب کی طرف سمندری سفر کیا۔ اس مقصد کے لئے اس نے اسپین کے بادشاہ 'فرڈیننڈ' اور ملکہ 'ایزابیلا' کی مدد لی۔ وہ بحر اوقیانوس کو پار کر کے بہاما کے جزائر پہنچا۔ اسی کو اس نے انڈیا سمجھا اور وہاں کے آبائی باشندوں کو ''ریڈ انڈین'' کہا۔


کرسٹوفر کولمبس

دراصل یہ ویسٹ انڈیز کے جزائر کا گروہ تھا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ کولمبس کو موت تک اس بات کا علم نہیں تھا کہ اس نے زمین پر ایک نئی جگہ دریافت کی ہے۔

کرسٹوفر کولمبس: وہ مغرب کی طرف کشتی رانی کر کے بحر اوقیانوس کو عبور کر کے ہندوستان پہنچنے کی خواہش رکھتا تھا۔ اگست 1492ء میں کولمبس نے پاؤلوس بندرگاہ سے بحر اوقیانوس کی طرف اپنا سمندری سفر شروع کیا۔ جس میں 88 ملاح تین جہازوں پر سوار تھے۔ اگرچہ اس نے تقریباً دو ماہ تک بحری سفر کیا لیکن وہ زمین کو نہیں دیکھ سکا۔ اس کے ملاح اس کے خلاف بغاوت کرنے لگے۔ کولمبس نے یہ اعلان کر کے انہیں مزید کشتی رانی کی ترغیب دی کہ جو ملاح اگلے تین دنوں میں سب سے پہلے زمین کی تلاش کرے گا اسے ایک سال کی تنخواہ کے ساتھ خصوصی انعام دیا جائے گا۔ اس سے متاثر ہو کر ملاحوں نے اپنا سفر جاری رکھا اور بالآخر 12 اکتوبر 1492ء کو صبح سویرے انہیں زمین کا نظارہ نظر آیا۔

• **جنوبی امریکہ کی دریافت:** کیپٹن پیڈرو کیبر ال کی قیادت میں پرتگالی بحری بیڑے نے ہندوستان کی طرف سفر شروع کیا۔ مگر راستے میں تیز ہواؤں نے بحری جہازوں پر حملہ کیا اور وہ اپنا راستہ بھول گئے اور مغرب کی طرف بہتے ہوئے جنوبی امریکہ کے مشرقی ساحل پر پہنچ گئے۔ اس طرح جنوبی امریکہ میں ملک برازیل کو 'کیبر ال' نے دریافت کیا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اٹلی کا 'امریگو ویسپوسی'، کولمبس کے راستے پر چلتے ہوئے براعظم جنوبی امریکہ پہنچا۔ اس نے دنیا کو متعارف کیا کہ کولمبس کی دریافت شدہ زمین ہندوستان نہیں بلکہ ایک ''نئی دنیا ہے''۔ جرمنی کے جغرافیہ دان مارٹن والڈسمولر نے تجویز کیا کہ اس نئی دنیا کا نام امریگو ویسپوسی کی یاد میں ''امریکہ'' رکھا جائے۔ ان کی تجویز کو منظور کر کے اسی نام کو عمل میں لایا گیا۔


فرڈیننڈ میگالن

- **فرڈیننڈ میگالین:** فرڈیننڈ ایک بہادر پرتگالی ملاح تھا۔ دنیا کا چکر لگانے والا پہلا شخص ہونے کا سہرا اسی کے سر جاتا ہے۔ میگالن نے نئے بحری جہازوں کے ساتھ اسپین سے اپنے سفر کا آغاز کیا۔ (1519ء)۔ 267 افراد کے ساتھ پانچ بحری جہازوں نے جنوبی امریکہ کے جنوبی سرے کو چھو کر بحرالکاہل کو عبور کیا اور فلپائن پہنچے۔ تاہم وہ مقامی لوگوں کے ساتھ ہونے والی جھڑپ میں مارا گیا۔ اس کے پیروکار کی کپتانی میں 'وکٹوریا' نامی جہاز اسپین واپس آیا (1522ء ع)۔ ان کی اس مہم جوئی کا نتیجہ یہ ہوا کہ لوگوں کو یقین ہوا کہ زمین گول ہے۔ اس طرح وکٹوریا کو پہلا جہاز کہا جاسکتا ہے جس نے پوری زمین کا چکر مکمل کیا۔

فرڈیننڈ میگالن کا خیال تھا کہ زمین گول ہے۔ اس کی خواہش تھی کہ وہ مغرب کی طرف سفر کرے اور مشرقی ممالک کا راستہ تلاش کرے۔ اس نے بحراوقیانوس کا سفر کیا اور جنوبی امریکہ کے جنوب میں آبنائے کو عبور کرنے کے بعد وہ ایک پرسکون سمندر میں داخل ہوا۔ اس نے جس آبنائے کو عبور کیا اسے "آبنائے میگالین" کہا جانے لگا اور سمندر ''بحرالکاہل'' کے نام سے مشہور ہوا۔ میگالن اور اس کے کچھ ساتھی فلپائن میں مقامی لوگوں کے ساتھ جھڑپوں کے دوران مارے گئے۔ بقیہ عملہ 1522ء میں وکٹوریا نامی جہاز پر اسپین واپس آیا۔

مائیکل : جغرافیائی دریافت کے اثرات کیا تھے؟

استاد : جغرافیائی دریافتوں نے نہ صرف یورپی تہذیب پر بلکہ ایشیاء، آفریقہ اور امریکہ کے لوگوں کی ثقافت پر بھی گہرا اثر ڈالا۔

©KPBS NOT TO BE REPUBLISHED

• **تجارت کی توسیع:** یورپیوں نے نئی دریافت شدہ زمینوں کو اپنی تجارتی کالونیوں میں تبدیل کیا۔ نتیجے کے طور پر عالمی تجارت وسیع پیمانے پر پھیل گئی۔ ایشیائی سامان نے یوروپ میں ایک بہت بڑی مارکیٹ پر قبضہ کرلیا۔ ان تمام تجارتی سرگرمیوں سے حاصل ہونے والا منافع یورپیوں کو جاتا تھا۔

• **غلاموں کی تجارت:** یوروپیوں نے ویسٹ انڈیز، میکسیکو، پیرو اور برازیل کے باشندوں کو اپنا غلام بنالیا۔ رفتہ رفتہ انہوں نے غلاموں کو اشیاء کے طور پر فروخت کرنا شروع کر دیا۔ یہ غلاموں کی تجارت وقت کے ساتھ ساتھ غیر انسانی ہوگئی۔ غلاموں کو بغیر مہلت کے مشقت پر مجبور کیا گیا اور ان کے ساتھ ظالمانہ سلوک کیا گیا۔

• **عیسائی اصولوں کی تبلیغ:** اس ترقی کے سبب عیسائی اصول پوری دنیا میں پھیل گئے۔ اس طرح سے مشنریوں نے بالواسطہ طور پر نوآبادیات کی توسیع میں مدد کی۔

• **سیاسی اثرات:** یورپی ممالک کے اندر نوآبادیوں پر قبضہ کرنے اور وہاں کی دولت حاصل کرنے کے لئے سخت مقابلے ہوئے۔ یورپی ممالک نے براعظم ایشیاء، آفریقہ اور امریکہ میں اپنی نوآبادیاں قائم کرلئے۔

نوآبادیات کا مطلب: دوسرے ملک کی سرزمین پر ایک ملک کا سیاسی اور معاشی کنٹرول ہے۔ مثال کے طور پر ہندوستان آزادی سے پہلے انگلستان کی نوآبادیاتی تھا۔

@CBSE NOT TO BE REPUBLISHED

اہم سال:

1488ع.	-	بارتھولومیوڈیاز، آفریقہ کے جنوبی سرے (کیپ) پر پہنچا۔
1498ع.	-	واسکوڈگاما کالی کٹ پہنچا۔
1492ع.	-	کولمبس امریکہ پہنچا۔
1519-1522 ع.ع.	-	میگالن نے دنیا کا چکر لگایا۔

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1۔ نشاۃ ثانیہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں شروع ہوا۔

2۔ نشاۃ ثانیہ کے مشہور مصور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہیں۔

3۔ کولمبس نے امریکہ کے آبائی باشندوں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہا۔

4۔ دنیا کا چکر لگانے والا پہلا جہاز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

5۔ جس نے جرمنی میں مذہبی اصلاحی تحریک شروع کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

II۔ دیئے گئے سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے۔

6۔ نشاۃ ثانیہ کی دو خصوصیات بتلایئے۔

7۔ پرنٹنگ پریس نے نشاۃ ثانیہ کو کس طرح متاثر کیا؟

8۔ نشاۃ ثانیہ کے تین مشہور مصنفین کون ہیں؟

9۔ ولیم شیکسپیئر کون تھے؟

10۔ نشاۃ ثانیہ کے دور کے کسی دو مشہور سائنسدانوں کے نام بتایئے۔

11۔ کیتھولک اصلاح (کاؤنٹر ریفارمیشن) کیا ہے؟

12۔ مارکو پولو کون تھا؟

13۔ کوپرنیکس کی دریافت کے بارے میں لکھئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III۔ بحث کیجئے۔

14۔ فن، آرٹ، ادب اور سائنس کے شعبوں میں نشاۃ ثانیہ تحریک کی وضاحت کریں۔

15۔ مذہبی اصلاحی تحریک میں مارٹن لوتھر کا کیا کردار ہے؟

16۔ جغرافیائی دریافتوں کے اثرات کے متعلق بحث کیجئے۔

سرگرمیاں:

1. فن تعمیر، مجسمہ سازی اور نشاۃ ثانیہ کے دور کے پینٹنگز کی تصاویر جمع کر کے ایک البم تیار کریں۔
2. مذہبی اصلاح اور انسداد اصلاح کے ان رہنماؤں کے بارے میں مزید معلومات جمع کریں:
   جان وائکلف اور اگنیشیس لویولا
3. ان اہم جہاز دان کے بارے میں معلومات اکٹھا کریں جنھوں نے نئے مقامات دریافت کئے۔
4. بی۔جی۔ایل سوامی کی کتاب ''ہمارے پیٹ میں جنوبی امریکہ'' پڑھیں اور ان پھلوں اور سبزیوں کی فہرست بنائیں جو یوروپیوں نے ہندوستان میں متعارف کروائے تھے۔

© KBS NOT TO BE REPUBLISHED

...

L1E4Z9

سبق:3 ہندوستان میں اہل یوروپ کی آمد

ADVENT OF THE EUROPEANS TO INDIA

سبق کا تعارف:

17 مئی 1498 کو واسکوڈی گاما نے کیرلا کے کالی کٹ پہنچتے ہوئے ہندوستان کے نئے آبی راستے کی کھوج کی۔ یہ اہل یوروپ کو ہندوستان آنے کا ذریعہ بنا۔ اس سمندری راستے کی کھوج کے بعد پرتگالی، ڈچ، انگریز اور فرنچ تجارت کے لئے ہندوستان آئے۔

صلاحیتیں:

1۔ ہندوستان میں اہل یوروپ کی ابتدائی سرگرمیوں کو جاننا۔
2۔ ہندوستان میں یوروپیوں کے ساتھ ہوئے جھگڑوں کو سمجھنا۔
3۔ ہندوستان کو آئی یوروپی تجارتی کمپنیوں کا تعارف کرانا۔
4۔ آخر کار انگریز ہندوستان میں مضبوط بنیاد ڈالنے کی وجوہات کی فہرست تیار کرنا۔
5۔ ہندوستان کے نقشے میں اہل یوروپ کے تجارتی مقامات (کمپنیوں) کی نشاندہی کرنا۔

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

پرتگالی (1498-1961ع.ع):

17 مئی 1498 میں ''واسکوڈی گاما'' نے کیرلا کے 'کالی کٹ' پہنچ کر ہندوستان کے نئے آبی راستے کی کھوج کی۔ اس آبی راستے کے ذریعے ہندوستان میں پرتگالی سب سے پہلے داخل ہونے والی یوروپی قوم ہے۔ مشرقی ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات کو بڑھانا، نوآبادی (حکومت) قائم کرنا اور عیسائی مذہب کی تبلیغ کرنا ان کا بنیادی مقصد تھا۔

پرتگالیوں کی ترقی کے وجوہات:

- کالی کٹ کے راجہ زامورین نے پرتگالی ملاح واسکوڈی گاما کو تجارت کی اجازت دے دی۔
- 1509ء میں البوقرق ہندوستان کا پہلا گورنر (وائسرائے) مقرر ہوا۔ اس نے 1510ء میں وجیاپور کے سلطان سے گوا اپنے قبضے میں کرلیا۔ پرتگالیوں کا ہندوستان چھوڑ کر جانے تک 'گوا' ان کا پایہ تخت رہا۔
- البوقرق کے بعد آئے گورنر نے دیو، دمن، سالسیٹ، بیسن، چول، ممبئی، سان تھوم اور بنگال کے ہوگلی وغیرہ مقامات پر اپنی نوآبادیاں قائم کیں۔

پرتگالیوں کے زوال کے اسباب:

- طاقتور بحری بیڑا رکھنے والے ڈچ اور انگریز پرتگالیوں کے مضبوط حریف (مقابل) تھے۔
- پرتگالی سرکار کے ملازمین رشوت خور ہوگئے۔ اس وجہ سے بھروسہ کھودیئے۔ آگے چل کر ان کی حکومت بدتر ہوگئی۔
- تبدیلی مذہب ان کے زوال کی اہم وجہ تھی۔ وہ یہاں کے دیگر مذاہب کے لوگوں کو زبردستی مذہب تبدیل کرواتے تھے۔
- وجئے نگر سلطنت کے زوال کے بعد ان کی تجارت کمزور پڑ گئی۔

فرانسسکو ڈی المیڈا ہندوستان کا سب سے پہلا پرتگالی گورنر (وائسرائے) تھا۔ ہندوستان میں سب سے پہلے آنے والے اور ہندوستان سے سب سے آخر میں جانے والے یوروپی پرتگالی ہی تھے۔ آخر تک گوا، دیو اور دمن انہی کے قبضے میں تھے۔ انگریزی حکومت کا خاتمہ 1947 میں ہونے کے باوجود بھی پرتگالی اپنی جگہ سے نہیں ہلے۔ گوا کو آزاد کروانے کے لئے وہاں کے ہندوستانیوں نے عدم تشدد تحریک چلائی مگر پرتگالیوں نے تحریک کر رہے ہندوستانیوں پر ناحق مظالم کئے۔ آخر کار 1961 میں ہندوستانی فوج نے پرتگالیوں کو مار بھگایا اور گوا کو آزاد کروایا۔

@KSEBC NOT TO BE REPUBLISHED

ڈچ (1596-1792ع.ع):

پرتگالیوں کے بعد ہندوستان آنے والے یوروپیوں میں نیدرلینڈ کے ڈچ اہم ہیں۔ 1602ع۔ع میں ''ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی'' قائم ہوئی۔اس کمپنی نے مشرقی ممالک کے ساتھ تجارت کا موقع حاصل کیا اور ان علاقوں میں جنگ کرنا-امن معاہدے کرنے کا حق حاصل کرلیا۔'پولیکاٹ' ڈچ حکومت کا پایہ تخت تھا۔

ڈچ کے تجارتی مراکز:

ہندوستان کے آگرہ، مچھلی پٹنم، سورت، کاریکل، ناگا پٹنم، کوچی وغیرہ جیسے مقامات ڈچ کے تجارتی مراکز تھے۔

ڈچ کا زوال:

ڈچ انگریزوں کے ساتھ لڑائی پر اتر آئے انگریزوں نے انہیں شکست دے دی۔ہندوستان میں انگریزوں کا مقابلہ کرنے کی ہمت نہ ہونے کی وجہ سے ڈچ اپنے جنوب مشرقی ایشیاء کے جزائر کی طرف لوٹ گئے۔

جنوب مشرقی ایشیاء کے جزائر: انڈونیشیاء، ملیشیاء، تھائی لینڈ، فلیپائن، کمبوڈیا وغیرہ۔

انگریز (1600-1947ع۔ع):

امن وشانتی کے ساتھ تجارت کرنا انگریزوں کا اصل مقصد تھا۔اسی پر وہ عمل پیرا تھے۔مگر ہندوستانیوں کی بدترین سیاسی صورتحال کا فائدہ اٹھاتے ہوئے منظم طور پر اپنی حکومت قائم کی۔

انگلینڈ کے تاجر مشرقی ممالک کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم کرنے کی غرض سے 'ایسٹ انڈیا کمپنی' 1600 کو قائم کیا۔ملکہ الزبتھ کی اجازت حاصل کرتے ہوئے ہندوستان کے ساتھ تجارتی تعلقات بڑھائے۔ ابتداء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے جہاز سورت بندرگاہ میں ٹھہرتے تھے۔سر تھامس رو نے 1615ع.ع میں مغل شہنشاہ جہانگیر کے دربار میں حاضر ہوکر سورت میں تجارت کرنے کی اجازت حاصل کرلی۔پھر آگرہ، احمد آباد، اور بروچ جیسے مقامات پر تجارتی مراکز قائم کئے۔اس کے بعد مدراس، کولکتہ اور ممبئی میں اپنی تجارتی کوٹھیوں کو قائم کیا۔کلکتہ (موجودہ کولکتہ) انگریزوں کا پہلا پایہ تخت تھا۔گزرتے وقت کے ساتھ ایسٹ انڈیا کمپنی کا

© KSEBSTB NOT TO BE REPUBLISHED

منافع بھی بڑے پیمانے پر بڑھتا گیا۔ مغل بادشاہ فاروق سِیار سے بنگال کے علاقے (موجودہ بنگال، بہار اور اڑیسہ) اور سورت میں بغیر محصول کے تجارت کرنے کی اجازت ''دستک'' حاصل کرلی۔ اسی کی مدد سے مقامی تاجروں سے بھی زیادہ انگریز تاجر طاقتور بن گئے۔

بغیر محصول کے آزادانہ طور پر تجارت کرنے کے اجازت نامہ کو ''دستک'' کہتے ہیں۔

انگریز اپنی قوت کو بڑھانے کی غرض سے اپنے رہائشی مقامات کے اطراف قلعہ تعمیر کروائے۔ ان کے تحفظ کے لئے فوج اور گولہ بارود رکھنا شروع کیا۔ بہت جلد انگریزی فوج طاقتور بن کر ابھری۔

فرانسیسی (1664-1954ع.ع):

تجارت کی غرض سے ہندوستان آنے والے اہل یوروپ میں آخر میں آنے والے فرانسیسی تھے۔ انھوں نے 1664ء میں "فرنچ ایسٹ انڈیا کمپنی" قائم کی۔ 1668ء میں فرانسیسیوں نے ہندوستان میں اپنی پہلی تجارتی کوٹھی سورت میں قائم کی۔ تھوڑے ہی عرصے میں ہندوستان کے دیگر علاقوں میں اپنے تجارتی مراکز قائم کئے۔

فرانسیسیوں کے تجارتی مراکز:

پانڈیچری، مچھلی پٹنم، کالی کٹ، ماہے، کاریکل اور چندرانگر وغیرہ میں اپنے تجارتی مراکز قائم کئے۔ پانڈیچری ان کا پایہ تخت تھا۔ فرانسیسیوں کے گورنر ڈوپلے نے چالاکی سے حیدرآباد اور کرناٹک (تمل ناڈو کے مشرقی حصے) ریاستوں میں فرانسیسیوں کے رسوخ کو بڑھایا۔ حکومت اور تجارت کی غرض سے ہندوستان آئے ہوئے انگریز اور فرانسیسیوں میں سیاسی و تجارتی ترقی کو لے کر کئی جنگیں ہوئیں۔ انہیں 'کرناٹِک کی جنگیں' کہتے ہیں۔


فرانسیسیوں کا زوال:

- ہندوستان میں فرانسیسی افسروں کو فرانس کی ملکی حکومت نے مکمل تعاون نہیں دیا۔
- فرانس میں سیاسی الجھنیں اور تحریکیں ہونے لگیں۔ یہ بھی ہندوستان میں ان کے زوال کی وجہ بنی۔
- فرانسیسیوں کا بحری بیڑا انگریزوں کے بحری بیڑے سے بہتر نہیں تھا۔

@KTBY NOT TO BE REPUBLISHED

اہم سال ع.ع:

- انگریز ایسٹ انڈیا کمپنی : 1600ع.ع
- ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی : 1602ع.ع
- فرانسیسی ایسٹ انڈیا کمپنی : 1664ع.ع



اہل یوروپ کے نوآبادیاں

© KITES NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے۔

1۔ ہندوستان کو بحری راستوں کے ذریعے تجارت کے لئے آنے والے پہلے یوروپی کون تھے؟

2۔ ہندوستان کا بحری راستہ کس نے دریافت کیا؟

3۔ ڈچ کا پایہ تخت کونسا تھا؟

4۔ انگریز ایسٹ انڈیا کمپنی کب قائم ہوئی؟

5۔ فرانسیسیوں کے تجارتی مراکز کے نام لکھئے۔

6۔ انگریزوں کو دستک کی اجازت کس مغل شہنشاہ نے دی؟

II. گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔

1۔ ہندوستان میں پرتگالیوں کے زوال کی وجوہات کی فہرست بنائیے۔

2۔ ہندوستان میں فرانسیسیوں کے زوال کی وجوہات کیا تھیں؟

III. مندرجہ ذیل 'الف' سے تعلق رکھنے والے 'ب' کے نکات کو جوڑ لگائیے۔

الف	ب	
1۔ پرتگال	a) پانڈیچری	( )
2۔ ڈچ	b) کلکتہ (موجودہ کولکتہ)	( )
3۔ فرانسیسی	c) پُلی کٹ	( )
4۔ انگریز	d) گوا	( )

سرگرمی:۔

- بھارت کا نقشہ کھینچ کر یوروپیوں کے ابتدائی مراکز کی نشاندہی کیجئے۔

☆☆☆

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

E9V6W7

سبق:4

18 ویں صدی میں ہندوستان (1707-1757)

INDIA IN THE 18TH CENTURY (1707-1757)

سبق کا تعارف:

18 ویں صدی ہندوستانی تاریخ میں تبدیلی کا دور تھا۔ ہندوستان میں کئی اہم سیاسی، اقتصادی، سماجی اور ثقافتی تبدیلیاں ہوئیں۔ سیاسی طور پر مغلوں کے کمزور ہونے کے ساتھ مقامی سیاسی گروہوں نے اپنے آپ کو دوبارہ مضبوط کرنا اور اپنے اثر ورسوخ کو بڑھانا شروع کیا۔ مرہٹے، حیدر علی، ٹیپو سلطان، سکھ وغیرہ اپنے آپ کو سیاسی طور پر مضبوط بنانے کی دوڑ میں لگ گئے۔ تاہم انگریزوں نے اپنے مفاد کے لئے مقامی بادشاہوں کی خودغرضی کا فائدہ اٹھایا اور انہیں پست کر دیا۔ معاشی طور پر انگریزوں نے بہت سی منفی پالیسیاں نافذ کیں۔ جیسے مستقل زمین کی ملکیت، محلواری نظام، رعیت واری نظام وغیرہ کے قوانین وغیرہ سے ہندوستان کو کمزور کرنا شروع کر دیا۔ خلاصہ یہ ہے کہ یہ وہ دور تھا جس میں بہت سے تنازعات دیکھنے میں آئے۔

© KPBS NOT TO BE REPUBLISHED

صلاحیتیں:

1۔ طلبہ ہندوستان میں سیاسی دور کی نوعیت کے بارے میں جانیں گے۔

2۔ طلبہ ان عوامل کی فہرست بنانے کے قابل ہو جائیں گے جو مغلوں کے زوال اور مرہٹوں کی بالادستی کا باعث بنے۔

3۔ کرناٹک جنگوں کے پس منظر اور پلاسی کی جنگ کے اسباب واثرات کو سمجھنا۔ جس نے ہندوستان میں برطانوی سلطنت کے قیام کی ٹھوس بنیاد رکھی۔

18 صدی ہندوستان کی تاریخ میں اہم تبدیلیوں کا دور تھا۔ اورنگ زیب 1707ع.ع. کے بعد مغلیہ سلطنت تیزی سے زوال پذیر ہوئی۔ مغلوں کے زوال کی وجوہات کچھ یوں ہیں کہ اورنگ زیب کے بعد آنے والے بادشاہ کمزور تھے اور عیش وعشرت کی زندگی گزارتے تھے۔ ایران کے بادشاہ نادر شاہ نے مغلیہ سلطنت

پر شدید حملے کئے اور مغلوں کی دولت کو لے کر 1739 ع.ع. میں ملک واپس چلا گیا۔ اس نے جن چیزوں کو مغلوں سے حاصل کیا ان میں مشہور تختِ طاؤس اور انتہائی قیمتی کوہ نور ہیرا تھا۔ اس طرح احمد شاہ ابدالی کے حملے نے بھی سلطنت کو مزید دھچکا دیا۔

ان واقعات کے نتیجے میں مغلیہ سلطنت کبھی بھی اپنی کھوئی ہوئی طاقت حاصل نہ کر سکی۔

سرگرمی: مغلوں کو کوہ نور ہیرا کہاں سے ملا؟ نادر شاہ سے یہ کس کے ہاتھ میں گیا؟ اب کہاں ہے؟ اپنے استاد کی مدد سے ان تمام سوالات کے جوابات جانیں۔

مرہٹوں کی بالادستی

شیواجی مراٹھا سلطنت کا بانی تھا۔ وہ اس وقت کامیاب ہوا جب مغلیہ سلطنت اور بہمنی سلاطین عروج پر تھی۔ اس کے دربار میں آٹھ وزراء کی مدد سے اس نے انتظامیہ کو خوب بڑھایا۔ انہیں 'اشٹھ پردھان' کہتے ہیں۔ ان میں پیشوا سب سے نمایاں تھا۔

مورخین 18 ویں صدی کو 'مراٹھا بالادستی کے دور' کے طور پر جانتے ہیں۔ اس عرصے کے دوران پیشواؤں کی قیادت میں مرہٹے ہندوستان کی ایک مضبوط سیاسی اور فوجی طاقت کے طور پر ابھرے۔

مراٹھا بادشاہ کے وزیر اعظم کو 'پیشوا' کہا جاتا ہے۔ چونکہ بادشاہ کمزور تھے اس لئے پیشواؤں نے خود انتظام سنبھالا۔ سات پیشواؤں نے تقریباً 100 سال (1713 تا 1818 ع.ع.) تک دکن اور شمالی ہندوستان کے کئی علاقوں پر حکومت کی۔

مراٹھا پیشواؤں میں یہ تین پیشوا اہم ہیں۔

- بالاجی وشوناتھ (ع.ع. 1713-1720): اس نے مغل بادشاہ کے ساتھ ایک معاہدہ کیا جس کے نتیجے میں اس نے دکن کے چھ سبھا نگنوں (علاقوں) میں ٹیکس وصولی کا حق حاصل کیا۔
- باجی راؤ اوّل (ع.ع. 1720-40): باجی راؤ 20 سال کا نوجوان تھا جب وہ اقتدار میں آیا۔

@KTDS NOT TO BE REPUBLISHED

وہ سیاست میں مضبوط اور ہوشیار تھا اس نے مغلیہ سلطنت کے سیاسی عدم استحکام کا فائدہ اٹھایا اور ہندوستان میں ایک بہت بڑی سلطنت بنانے کا منصوبہ بنایا۔ ابتدائی دور میں اس نے حیدرآباد اور بعد میں مالوہ، گجرات اور بندیل کھنڈ پر قبضہ کیا۔

باجی راؤ کا سب سے اہم کارنامہ اپنی فوج کے ساتھ شمالی ہندوستان کی طرف کوچ کرنا اور دہلی پر حملہ کرنا تھا۔ اسے 'شواجی دوم' کے نام سے پکارا گیا۔

- بالاجی باجی راؤ (61-1740ع.ع.): بالاجی باجی راؤ نے نہ صرف جنوبی ہندوستان بلکہ شمالی ہندوستان میں بھی مراٹھا سلطنت کو وسعت دینے کی کوشش کی۔ مراٹھا فوج شمال مغرب میں پنجاب پر حملہ کرنے میں بھی کامیاب رہی۔ اس نے مشرق میں اڑیسہ اور جنوب میں تمل ناڈو کے کچھ علاقوں پر قبضہ کر لیا۔


بالاجی باجی راؤ

اسی طرح سے مرہٹوں نے ہندوستان میں ایک نمایاں سیاسی قوت کے طور پر حکومت کی۔ مراٹھا اپنی سلطنت کی وسعت میں مصروف تھے کہ اسی دوران افغانستان سے احمد شاہ ابدالی ہندوستان پر حملہ آور ہوا۔ پانی پت کے مقام پر 14 جنوری 1761ء کو مراہٹوں اور احمد شاہ ابدالی کے درمیان گھماسان جنگ ہوئی، جسے 'پانی پت کی تیسری جنگ' کہا جاتا ہے۔ اس جنگ میں مراٹھاؤں کو بھاری نقصان ہوا اور بھاری شکست ہوئی۔ مراٹھوں کی اس کمزوری کی وجہ سے انگریزوں کو اپنے سیاسی اثر کو بڑھانے کا موقع ملا۔

کرناٹک کی جنگیں (63-1746ع.ع.)

مغلیہ سلطنت کی ایک ریاست کرناٹک کورمنڈل ساحل (آج کا تمل ناڈو اور آندھرا پردیش کا ساحلی علاقہ اور اس کے پچھلے علاقے) کو انگریز کرناٹک کہہ کر پکارتے تھے۔ انگریز اور فرانسیسیوں کے درمیان جنوبی ہندوستان کی تجارت پر گرفت حاصل کرنے کی رسہ کشی چند دنوں میں جنگ کا راستہ اختیار کر گئی۔ اس پس منظر میں تین جنگیں کرناٹک کے علاقے میں ہوئیں۔ اس لئے تاریخ میں ان جنگوں کو 'کرناٹک کی جنگوں' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

@TTS NOT TO BE PUBLISHED

جنگ کے اسباب:

ارکاٹ (تمل ناڈو) کرناٹک کی راجدھانی تھی۔ اور ارکاٹ کے نواب کے انتقال کے بعد چندہ صاحب اور محمد علی کے درمیان تخت کی جانشینی کے حوالے سے تنازعات پیدا ہو گئے۔ چندہ صاحب نے فرانسیسیوں سے مدد کی درخواست کی۔ جبکہ محمد علی نے انگریزوں سے مدد کی اپیل کی۔ اس طرح انگریز اور فرانسیسی میدان میں اترے۔ ان کی اپنی دور اندیشی، سیاسی خواہشات ان کے داخلے کی وجہ تھی۔

چالاک رابرٹ کلائیو برطانوی فوج کا سربراہ تھا۔ گورنر ڈوپلے نے فرانسیسی فوج کی قیادت کی۔ آخر کار انگریزوں نے تیسری کرناٹک جنگ جیت لی۔ نتیجتاً سیاسی طور پر فرانسیسی پسپا ہو گئے۔

پہلی کرناٹک جنگ میں فرانسیسی بالادستی حاصل کئے اور ایکس لا چاپل معاہدہ پر اختتام ہوا۔ دوسری کرناٹک جنگ کے اختتام پر ارکاٹ میں انگریزوں نے جبکہ حیدرآباد میں فرانسیسیوں نے اپنی بالادستی قائم کی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

فرانسیسیوں کی شکست کے اسباب :



ڈوپلے

- فرانسیسیوں نے تجارت کو نظر انداز کیا اور سیاست میں زیادہ دلچسپی لینے لگے۔ دوسری طرف انگریزوں کی توجہ زیادہ تر تجارت پر تھی اور تجارت میں مفادات کے تحفظ کے لئے وہ سیاست میں داخل ہوئے۔
- برطانوی بحری فوج فرانس کی عربی فوج سے زیادہ مضبوط تھی۔
- برطانوی حکام نے ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کیا اور کمپنی کے مفادات پر زیادہ توجہ دی۔ فرانسیسی حکام آپس میں جھگڑتے رہے اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنے سے انکار کر دیا۔
- برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی نجی ملکیت میں تھی جبکہ فرانسیسی ایسٹ انڈیا کمپنی حکومت کے کنٹرول میں تھی۔

بنگال میں برطانوی انتظامیہ کا آغاز

انگریز کرناٹک جنگوں کے ذریعے جنوبی ہندوستان میں ایک سیاسی قوت کے طور پر ابھرے اور بنگال میں بھی اپنا انتظامیہ قائم کیا۔ بنگال مغلیہ سلطنت کا ایک صوبہ تھا۔ علاقائی صوبیدار علی وردی خان نے مغلیہ سلطنت کے زوال کو دیکھ کر خودمختاری کا اعلان کیا۔ اس کا جانشین 'سراج الدولہ' بنگال کا نواب بنا۔ نواب سراج الدولہ نوجوان تھا۔ انگریزوں نے اسے نظر انداز کرتے ہوئے اس کی اجازت کے بغیر ہی کلکتہ میں فورٹ ولیم قلعہ کو مضبوط کیا۔ اس کے علاوہ تجارت کے لئے حاصل کردہ رعایتوں کا غلط استعمال کرتے رہے۔ سراج الدولہ کا خیال تھا کہ انگریز اس کے قانونی احکامات کی پیروی کئے بغیر اس کے دشمنوں کے ساتھ مل کر سازش کر رہے ہیں۔ اس لئے ناراض ہو کر انگریزوں کی کوٹھیوں پر قبضہ کر لیا۔ یہی آگے چل کر پلاسی جنگ کے اسباب بنے۔




سراج الدولہ

پلاسی کی جنگ (1757ع.ع.):

نواب سراج الدولہ کے حملے کی خبر سن کر مدراس کمپنیوں کے افسران نے رابرٹ کلائیو کی قیادت میں کلکتہ کے لئے اپنی فوج روانہ کی۔ بنگال کی صورتحال جان کر کلائیو نے نواب کے خلاف سازش رچی اور سراج الدولہ کے سپہ سالار میر جعفر کو نواب بنانے کا لالچ دیتے ہوئے خفیہ معاہدہ کر لیا۔



میر جعفر



رابرٹ کلائیو

@KPBS NOT TO BE REPUBLISHED

نواب سراج الدولہ کا سپہ سالار میر جعفر نے نواب بننے کی خواہش میں انگریزوں کے ساتھ معاہدہ کر لیا۔ جس وقت وہ نواب بنا اس کے بدلہ میں انگریزوں کو 17 کڑور 70 لاکھ روپے دینے تھے۔ اس رشوت خوری کے کام میں امین چند نامی تاجر نے دلال کا رول ادا کیا۔

1757ع.ع. میں انگریزوں اور سراج الدولہ کی فوج کے درمیان پلاسی کے مقام پر جنگ ہوئی۔ جنگ میں میر جعفر نے انگریزوں کی مدد کی۔ سراج الدولہ کو شکست ہوئی وہ جنگ میں مارا گیا۔ میر جعفر کی غداری سے انگریزوں نے جیت حاصل کی۔

پلاسی کی جنگ کے نتائج:

انگریزوں کی مہربانی سے میر جعفر بنگال کا نواب بنا مگر وہ انگریزوں کے ہاتھوں کھلونا بن گیا۔ انگریزوں کی ایسٹ انڈیا کمپنی نے کثیر مال کے ساتھ 24' پرگنہ' (ضلع) کی زمینداری کا حق حاصل کیا۔ یہ ہندوستان میں اس کمپنی کی طرف سے قبضہ کرنے والا پہلا علاقہ تھا۔ پلاسی کی جنگ آگے چل کر بکسر کی جنگ کا سبب بنی۔ تجارت کی غرض سے آئے انگریزوں کو حکومت کرنے کا اختیار مل گیا۔ پلاسی کی فتح نے ہندوستان میں برطانوی سلطنت کے قیام کا آغاز کیا۔

اہم سال (ع.ع.):

ہندوستان میں مراٹھوں کی بالادستی : 1711 تا 1761

نادرشاہ کا ہندوستان پر مغلوں کے دور میں حملہ : 1739

پلاسی کی جنگ : 1757

پانی پت کی تیسری جنگ : 1761

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1. شیواجی دوّم کے نام سے پکارا جانے والا پیشوا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔
2. کرناٹک کا دارالحکومت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔
3. پلاسی کی جنگ۔۔۔۔۔۔۔۔میں ہوئی۔
4. پانی پت کی تیسری جنگ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں ہوئی۔

II۔ دیئے گئے سوالات کے جوابات ایک لفظ یا ایک جملے میں دیجئے۔

5. کس صدی کو مورخین مراٹھا کی بالادستی کا دور کہتے ہیں؟
6. پانی پت کی تیسری جنگ کس کے درمیان ہوئی؟
7. کرناٹک جنگوں کے آخر میں فتح کس کو حاصل ہوئی؟
8. پلاسی کی جنگ کس کس کے درمیان ہوئی؟

III۔ ان سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں دیجئے۔

9. پیشوا باجی راؤ اوّل کے کارناموں کو بتلایئے۔
10. پلاسی جنگ کے وجوہات کیا تھے؟

سرگرمی:

1. رابرٹ کلائیو اور ڈوپلے کے بارے میں مزید معلومات اکٹھا کیجئے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:5

برطانوی حکومت کا عروج(1758-1856)

THE GROWTH OF BRITISH SUPREMACY(1758-1856)

سبق کا تعارف،

اس سبق کا مرکزی موضوع یہ ہے کہ 1758 تا1856ع.ع. کے دوران ہندوستان میں انگریز ایک سیاسی اور معاشی طاقت کے طور پر کیسے ابھرے؟ اس سلسلے میں بکسر کی جنگ، دیوانی حقوق کا حصول، اینگلو میسور، اینگلوسکھ اور اینگلومراٹھا جنگیں بیان کی گئی ہیں۔عہد معاونت، مسئلہ الحاق جیسی برطانوی مکار پالیسیوں کو بیان کیا گیا ہے۔ یہ سبق اس بات کا پس منظر ہے کہ ہندوستانیوں نے 1857ء میں برطانوی پالیسیوں سے تنگ آ کر بغاوت کیوں کی۔

صلاحیتیں:

1۔ طلبہ دیوانی حقوق کے حصول کے سیاسی اور معاشی پہلوں کے بارے میں جانیں گے۔

2۔ وہ میسور، سکھ اور مراٹھا جنگوں کے حتمی نتائج کے بارے میں جانیں گے۔

3۔ ویلزلی اور ڈلہوزی کی دو اہم ترین خفیہ پالیسوں کے اندرونی مقاصد کو سمجھنے کی قابل ہوں گے۔

4۔ ہندوستان کے نقشے پر 1805ع.ع اور 1856ع.ع کے دوران انگریزوں کے زیر قبضہ علاقوں کا موازنہ اور شناخت کریں گے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

ایسٹ انڈیا کمپنی نے 1758ع.ع میں رابرٹ کلائیو کو بنگال کا گورنر مقرر کیا۔ ہندوستان میں برطانوی بالادستی کی بنیاد رکھنے کا سہرا اسی کے سر جاتا ہے۔رابرٹ کلائیو جب دو سال ہندوستان میں رہنے کے بعد اپنے آبائی ملک واپس چلا گیا تو وہ ہندوستان میں ناجائز طریقوں سے کمائی ہوئی دولت بھی اپنے ساتھ لے کر گیا اور بہت امیر بن گیا۔

انگریزوں کا بدانتظامیہ:

کلائیو کے جانے کے بعد کمپنی کے ملازمین پہلے سے زیادہ نجی تجارت میں حصہ لئے اور بہت زیادہ منافع کمائے۔ان کی حرص کی کوئی انتہا نہ تھی۔

برطانوی گورنر سمیت کمپنی کے کارکن بدعنوان تھے۔ بدانتظامی سے عام لوگ مایوس ہو گئے۔ ایک برطانوی مورخ نے اس دور کو 'کھلی اور بے شرم لوٹ مار کا دور' قرار دیا ہے۔ چنانچہ بنگال کی دولت بہت تیزی سے زوال پذیر ہونے لگی۔

انگریزوں کو یقین ہو گیا تھا کہ وہ نواب میر جعفر سے زیادہ پیسہ اور دولت حاصل نہیں کر سکتے۔ چنانچہ انہوں نے میر جعفر کو نواب کے عہدے سے معزول کر کے اس کے داماد 'میر قاسم' کو نواب بنا دیا۔ بدلہ میں میر قاسم نے تین اضلاع کی زمینداری کے حقوق انگریزوں کو دے دیئے۔

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

بکسر کی جنگ (1764ع.ع.)

اسباب اور نتائج :

میر قاسم آزاد پسند طبیعت کا مالک تھا۔اس نے دیکھا کہ انگریز دستک کا غلط استعمال کر رہے تھے۔اس لئے اس نے بنگال میں تمام تجارتوں پر ٹیکس کو ختم کر دیا۔اس پر برہم ہو کر انگریزوں نے اسے نواب کے عہدے سے ہٹا دیا۔ان سے بدلہ لینے کے ارادے سے میر قاسم نے اودھ کے نواب اور مغل بادشاہ کے ساتھ فوجی اتحاد قائم کیا۔انگریزوں نے اس اتحاد کو بکسر کے مقام پر ہونے والی لڑائی میں شکست دی۔اس فتح کے بعد انگریز مزید طاقتور بن گئے۔کمزور مغل بادشاہ نے انگریزوں سے پناہ مانگی۔

دیوانی حقوق کا حصول (1765ع.ع):


کمپنی کے معاملات کو درست کرنے کے لئے برطانوی حکومت نے کلائیو کو دوبارہ گورنر بنا کر ہندوستان بھیجا۔ جیسے ہی وہ یہاں آیا کمپنی کے اختیار کو جائز بنانے کا ارادہ کیا اور شاہ عالم ثانی کے ساتھ 1765ء میں معاہدہ کیا۔ معاہدے کے مطابق کمپنی نے مغل بادشاہ کو 26 لاکھ روپے ادا کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ بدلے میں انگریزوں نے بنگال (بشمول آسام) بہار اور اڑیسہ کے صوبوں میں 'دیوانی' کے حقوق حاصل کئے۔ دیوانی کا مطلب 'زمین پر ٹیکس وصول کرنے کا حق' ہے۔

دیوانی حق کا اثر:

دیوانی حق کے ذریعے ایسٹ انڈیا کمپنی نے بنگال میں سرکاری خودمختاری حاصل کر لی۔ اس نے ٹیکس لگانے اور جمع کرنے کے معاملات میں بھی آزادی حاصل کر لی۔ اس کے نتیجے میں بنگال کو شدید معاشی استحصال کا سامنا کرنا پڑا۔ کمپنی نے ٹیکس کی مدد سے کروڑوں روپے جمع کئے اور اپنی تجوریاں بھر لیں۔

رابرٹ کلائیو 1767ء میں انگلستان واپس چلا گیا۔ بنگال میں بدنظمی جاری رہی۔ اسی دوران ایک خوفناک قحط سالی ہوئی۔ بنگال کی تقریباً ایک تہائی آبادی بھوک سے تڑپ رہی تھی۔ اس صورتحال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے کمپنی نے بازار سے تمام چاول خریدے، زیادہ سے زیادہ قیمت پر فروخت کئے اور بے پناہ منافع کمایا۔ یہ برطانوی معاشی استحصال کا دوسرا چہرہ تھا۔

©KTRS NOT TO BE REPUBLISHED



1805ء میں انگریزوں کے قبضہ میں موجود ہندوستانی علاقے

ریگولیٹنگ ایکٹ (1773ع.ع):

ایسٹ انڈیا کمپنی میں کام کرنے والے انگریز افسروں نے ناجائز ذرائع سے پیسے بٹورنا شروع کر دیا۔ اس پس منظر میں حکومت انگلینڈ نے کمپنی کی سرگرمیوں کو منظم کیا۔ اور اسے قابو میں رکھنے کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلے میں برطانوی پارلیمنٹ نے 'ریگولیٹنگ ایکٹ' کے نام سے ایک ایکٹ پاس کیا۔ وارن ہسٹنگز کو اس ایکٹ

NOT TO BE REPUBLISHED © KTB

کے تحت پہلا گورنر جنرل مقرر کیا گیا۔ بعد میں 20 سے زیادہ لوگ گورنر جنرل کے عہدے پر فائض ہوئے اور انتظامیہ سنبھالا۔ اس دور میں انگریزوں نے کلکتہ کو اپنی طاقت کا مرکز بنایا اور صوبائی حکومتوں کی سرگرمیوں کو اپنے قبضے میں لے لیا۔

1784ع.ع میں برطانوی حکومت نے ریگولیٹنگ ایکٹ میں موجود نقائص کو دور کرنے کے لئے پٹس انڈیا ایکٹ نافذ کیا۔


اینگلو میسور جنگ (1767-1799ع.ع.):

بچّو۔۔ اگلے سبق میں آپ انگریزوں کے خلاف حیدر علی اور ٹیپو سلطان کی طرف سے لڑی جانے والی چار جنگوں کے بارے میں تفصیل سے جانیں گے۔ ان جنگوں کے نتیجے میں ٹیپو سلطان کی زیر قیادت میسور ریاست پر انگریزوں نے قبضہ کر لیا اور اسے چار حصوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک حصہ انگریزوں نے اپنی پاس رکھ لیا انہوں نے ایک حصہ نظام کو دوسرا مرہٹوں کو اور چوتھا حصہ میسور کے وڈیئر خاندان کو دیا۔ جس کی وجہ سے جنوبی ہندوستان میں انگریزوں کی طاقت بڑھ گئی۔

اینگلو مراٹھا جنگیں (1775-1818ع.ع.):

پانی پت کی تیسری جنگ میں جن مراٹھوں کو شکست ہوئی تھی جلد ہی انہوں نے اپنے آپ کو سنبھالا۔ تاہم تھوڑے ہی وقت میں آپسی جھگڑے شروع ہو گئے۔ یہ دیکھ کر انگریزوں نے چالاکی کے ساتھ ان حالات سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی۔ اس کے علاوہ انہوں نے مرہٹوں کے ساتھ تین جنگیں بھی لڑیں۔ ان جنگوں کو 'اینگلو مراٹھا' جنگیں کہا جاتا ہے۔ بالآخر پیشوا نے انگریزوں کے آگے ہتھیار ڈال دیئے۔ جنگوں کے نتیجے میں مرہٹوں کے تمام علاقے انگریزوں کے قبضے میں آ گئے۔ انگریزوں نے پیشوا کا عہدہ ختم کر دیا۔

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED



1856 میں انگریزوں کے قبضہ میں موجود ہندوستانی علاقے

اینگلوسکھ جنگیں:



رنجیت سنگھ

18ویں صدی کے آخر میں سکھوں میں بہت سے فرقے تھے۔ ان فرقوں کو 'مصل' (Misl) کہا جاتا ہے۔ رنجیت سنگھ نامی ایک بہادر نوجوان ایک مصل کا سردار تھا۔ 18 سال کی عمر میں وہ لاہور پنجاب کا بادشاہ بنا۔ تمام سکھوں کو اکٹھا کرنے اور انہیں ایک مضبوط سیاسی قوت میں تبدیل کرنے کا سہرا اسی کو دیا جاتا ہے۔ انہوں نے چار دہائیوں تک پنجاب پر حکومت کی۔ وہ جدید ہندوستان کے یادگار بادشاہوں میں سے ایک ہیں۔

رنجیت سنگھ کی موت 1839ع.ع میں ہوئی۔ اس کی موت کے بعد ریاست میں سیاسی ہلچل مچ گئی۔ انگریز اسی وقت کا انتظار کر رہے تھے۔ سکھوں اور انگریزوں کے درمیان چار لڑائیاں ہوئیں۔ بالاخر سکھ ہار گئے اور پنجاب 1849ع.ع میں برطانوی حکومت کے قبضے میں آ گیا۔

افغان بادشاہ نے رنجیت سنگھ سے سیاسی سرپرستی لی تھی اور کوہ نور ہیرا رنجیت سنگھ کو تحفے میں دیا تھا۔

برطانیہ کی مکاری پر مبنی پالیسیاں

عہد معاونت :



لارڈ ویلزلی

لارڈ ویلزلی (1799-1805ع.ع.) نامی گورنر جنرل نے برطانوی بالادستی قائم کرنے کا منصوبہ بنایا۔ اس نے ہندوستانی بادشاہوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنے پڑوسی بادشاہوں کے خطرہ سے محفوظ رہنے کے لئے برطانوی فوجی مدد لیں۔ بعض اوقات اس نے انہیں اس سلسلے میں مجبور بھی کیا۔ اس پالیسی کو قبول کرنے والے بادشاہوں کو انگریزی فوج کو اپنی ریاست میں پناہ دینا پڑتا تھا۔ فوجیوں کے تمام اخراجات کو نقد کی شکل میں انگریزوں کو دینا تھا۔ ورنہ ریاست کا ایک حصہ

©KBS NOT TO BE REPUBLISHED

انگریزوں کے حوالے کیا جانا تھا۔ انگریزوں نے اس پالیسی پر عمل کیا۔ اس نے اسے عہد معاونت کا نام دیا۔ جو ہندوستانی ریاستیں اس پر راضی ہوئیں انہیں انگریزوں کے فوجی اخراجات خود برداشت کرنے پڑے۔

عہد معاونت کے نتائج:

- فوجی خرچ کے بھاری بوجھ نے ہندوستانی ریاستوں کو معاشی طور پر کمزور کر دیا۔
- انگریزوں نے کئی علاقوں کو اپنے قبضے میں کر لیا۔ جو بادشاہ اس معاہدے کو تسلیم کر لئے، وہ بلا واسطہ انگریزوں کے ماتحت ہو گئے۔
- اس معاہدے کو تسلیم کرنے والی ریاستوں نے اپنی خود مختاری کھو دی۔

مسئلہ الحاق:

'مسئلہ الحاق' پالیسی ایک انوکھی پالیسی تھی جسے گورنر جنرل لارڈ ڈلہوزی (1848-1856ع.ع.) نے نافذ کی تھی۔ اس نے اعلان کیا کہ اگر ہندوستان کے کسی حکمران کی اولاد نہ ہو تو اس کے لے پالک بیٹے کو تخت پر بیٹھنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ ایسے بے اولاد حکمران جو بیٹوں کے بغیر مر گئے ان کی ریاستوں کو انگریز اپنے قبضے میں لے لیتے تھے۔ یہ طریقہ ہندوستان میں قدیم زمانے سے چلے آ رہے گود لینے کے طریقے کے خلاف تھا۔



لارڈ ڈلہوزی

اس مکارانہ پالیسی کے نتیجے میں 11 ریاستوں جیسے اودھ، ستارہ، ناگپور اور جھانسی کو براہ راست انگریزوں نے اپنی ملکیت بنا لیا۔ مجموعی طور پر 1856ع.ع میں لارڈ ڈلہوزی کی اپنے ملک کو واپسی کے وقت ہندوستان کا دو تہائی حصہ (2/3) انگریزوں کے زیر تسلط تھا۔

ہندوستان میں برطانوی فتح ان کی سیاسی حقیقت پسندی اور فوجی طاقت کی فتح تھی۔ یہ مقامی لڑائی اور اتحاد کی کمی کی وجہ سے بڑھ گیا تھا۔ انگریزوں نے کبھی یہ محسوس نہیں کیا کہ مفاد عامہ ان کی ذمہ داری ہے۔ ان کا مقصد دولت اور اقتدار حاصل کرنا تھا۔ اس سے مشتعل ہو کر لوگوں نے 1857ع.ع میں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بڑے پیمانے پر بغاوت کی۔ کچھ مصنفین نے اسے 'بھارت کی پہلے جنگ آزادی' کہا ہے۔

اہم سال (ع.ع.):

بکسر کی جنگ	-	1764
دیوانی حق کا حصول	-	1765
ویلزلی کا انتظامیہ- عہد معاونت	-	1799-1805
ڈلہوزی کا انتظامیہ- مسئلہ الحاق	-	1848

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1۔ عہد معاونت پالیسی کو جاری کرنے والا ----------

2۔ رابرٹ کلائیو نے ---------- کے ساتھ معاہدہ کیا۔

3۔ وہ سال جس میں ریگولیٹنگ ایکٹ نافذ کیا گیا ----------

4۔ جس نے مسئلہ الحاق پالیسی جاری کی ----------

II۔ دیئے گئے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں دیجئے۔

5۔ بکسر کی جنگ کس کے درمیان لڑی گئی؟

6۔ دیوانی حق کسے کہتے ہیں؟

7۔ رنجیت سنگھ کون تھا؟

III۔ ان سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں دیجئے۔

8۔ انگریزوں نے کس طرح دیوانی حق حاصل کیا؟ اور اس کے نتائج کیا تھے؟

9۔ عہد معاونت کے نتائج بتلایئے۔

10۔ مسئلہ الحاق پالیسی غیر منصفانہ تھی- کیوں؟

...

@TBS NOT TO BE REPUBLISHED

K8Y9E3

سبق:6

انگریزی حکومت کے اثرات

IMPACT OF BRITISH RULE

سبق کا تعارف:

برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی 1600ع.ع سے 1757ع.ع تک ایک تجارتی کمپنی رہی، جو انگریزی تجارتی مفادات کے ساتھ ہندوستان آئے تھے۔ انہوں نے آہستہ آہستہ سیاسی مفادات کو فروغ دیا۔ شروع میں وہ مختلف سیاسی طاقتوں سے اپیل کرتے رہے اور اپنی تجارت کو بہتر بناتے رہے۔ اس کے بعد انہوں نے اپنے اپیلوں اور درخواستوں کی جگہ فوجی طاقت کا استعمال شروع کر دیا۔

نتیجتاً وہ سیاسی طور پر طاقتور بن گئے۔ انہوں نے ہندوستانیوں کو فکری طور پر جیتنے کے لئے دور اندیش منصوبے بنائے۔ اپنے سیاسی خوابوں کو حاصل کرنے کے لئے انہوں نے انتظامی اصلاحات کو ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا۔ انہوں نے سیاسی، معاشی اور سماجی شعبوں میں مختلف قوانین کو نافذ کیا۔ ان کے متعدد مفادات کا تحفظ ان کا مقصد تھا۔ انھوں نے ان قوانین کو اصلاحات کا نام دیا۔ شروع میں ہندوستانی ان پر یقین کرتے تھے۔ اگر ان کی اصلاحات کی وجہ سے ہندوستانی سماج میں کوئی اچھے اثرات مرتب ہوئے ہیں تو محض اتفاق قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس سبق میں چار علاقوں پر غور و فکر کیا گیا ہے۔ محصول (ٹیکس)، انگریزی تعلیم، معاشی اثرات اور قانون سازی کی ترقی یہی وہ چار علاقے ہیں۔

صلاحیتیں:

1۔ مال گزاری نظام میں جاری کردہ مستقل زمینداری نظام، محل واری نظام، کسان طرز نظام کی خوبیاں اور خامیاں پہچانیں گے۔

2۔ ہندوستان میں انگریزی تعلیمی نظام کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

3۔ معاشی اثرات کی فہرست بنائیں گے۔

4۔ قانون سازی کی ترقی کے متعلق جانیں گے۔

@KTBS NOT TO BE PUBLISHED

مال گزاری نظام: ایک مقررہ مقدار کی آمدنی کو سرکاری خزانے میں شامل کرنے کے لئے انگریزوں نے زمین محصول (زمین کندایہ) اصول جاری کیا۔ اس کے علاوہ ہندوستان میں جنگوں کے خرچ کی بھرپائی کے لئے اچھی تنخواہ حاصل کرنے والے ہزاروں انگریزوں کی تنخواہ اور دیگر مقاصد کے لئے بہ کثرت روپیوں کی ضرورت تھی۔ اس کے لئے کمپنی نے ہندوستان کے کسانوں سے زیادہ زمینی محصول وصول کرنا شروع کیا۔ اپنے دور اقتدار میں گورنر جنرل وارن ہسٹنگ نے محصول کے وصول کے لئے نیلامی کا طریقہ کار اختیار کیا۔ نیلام کے وقت آپسی مقابلے کی وجہ سے زمیندار زیادہ رقم محصول ادا کرنے کو قبول کرتے، مگر ادائیگی کے موقع پر وہ ناکام رہتے اس طرح محصول کی مقدار متعین نہ تھی۔ اس مسئلے کا حل نکالنے کے لئے انگریزوں نے محصول کے دیگر تین طریقے جاری کئے۔

1۔ مستقل زمینداری نظام (1793ع.ع):


کارنوالیس

گورنر جنرل کارنوالیس نے بنگال، بہار، اڑیسہ میں مستقل طور پر محصول مقرر کرنے کا فیصلہ کیا۔ محصول کو اکٹھا کرنے کے لئے اس نے زمینداروں سے جو معاہدہ کیا اس کو مستقل زمینداری نظام کہتے ہیں۔ مستقل زمینداری نظام میں زمیندار انگریزی حکومت کے نمائندہ کے طور پر کام کرتا ہے۔ کمپنی کے ٹھیکہ (کرایہ) کی مقدار مستقل تھی جس کی وجہ سے حکومت کو ایک مقررہ مقدار میں آمدنی حاصل ہوجاتی تھی۔ محصول اکٹھا کرنے کے لئے حکومت کے خرچ میں بھی کمی آئی۔ زمین کی ملکیت رکھنے والے طاقتور زمیندار کئی مشکل موقعوں پر حکومت کا تعاون کرتے۔ اپنی حمایت اور تائید کے لئے اس طرح کے کئی نئے گروہ انگریزوں نے تشکیل کئے۔

کسانوں پر اثرات:

زمیندار زیادہ مقدار میں محصول اکٹھا کرنے کے لئے کسانوں پر جبر و تشدد کرنے لگے۔ زمین مالکان نے زرعی پیداوار بڑھانے کے لئے کوئی دلچسپی نہیں دکھائی۔ فصل تباہ ہونے پر بھی کسانوں کو ٹیکس کی رقم ادا

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرنی پڑتی۔ الغرض مستقل زمینداری نظام کی وجہ سے زرعی محاذ تباہ ہوگیا۔

اپنی صنعتوں کے لئے درکار تجارتی فصلوں کی پیداوار کے لئے کسانوں پر دباؤ ڈالتے ہوئے کسانوں کو مزید غریب بناڈالا۔ اس وجہ سے بندھوا مزدور نظام کو فروغ ملا۔

2۔ کسان طرز/ رعیت واری نظام (1801ع.ع):

درمیانی لوگوں (دلال) کے بغیر کسانوں کا براہ راست حکومت کو محصول ادا کرنے کا طریقہ "رعیت واری نظام" کہلاتا ہے۔ حکومت اور کاشتکار کے درمیان براہ راست تعلق کسان طرز کی اہم خصوصیت ہے۔ اس نظام کو جنوبی اور مغربی ہندوستان میں جاری کیا گیا۔ نتائج میں یہ مستقل زمینداری نظام سے جدا نہیں تھا۔

کسان طرز طریقے میں زمین کو ناپ کر زمین کی زرخیزی، آبپاشی کی سہولت کا جائزہ لے کر محصول مقرر کیا جاتا تھا۔ پیداوار کا آدھا حصہ محصول کے طور پر ادا کرنا ہوتا۔ وقتاً فوقتاً محصول میں ترمیمات ہوتیں۔ مقرر کردہ محصول حد سے زیادہ ہوتا۔ قحط سالی یا سیلاب سے مکمل فصل تباہ ہو تب بھی کسانوں کو محصول ادا کرنا لازمی تھا۔ مدراس صوبے میں اس نظام کو سر تھامس منرو نے 1801ء میں جاری کیا تھا۔

3۔ محل واری نظام (1833ع.ع.):

محل کے معنی 'گاؤں یا قابل کاشت زمین (Estate)' کے ہیں۔ محل کے لئے محصول مقرر کردیا جاتا تھا۔ مقامی زمیندار تمام کسانوں کے زمینی محصول کا ذمہ دار ہوتا تھا۔ 19ویں صدی میں اس نظام کو اتر پردیش، مدھیہ پردیش کے چند مخصوص حصوں میں اور پنجاب میں جاری کیا گیا۔

زمینی محصولاتی نظام کے کل نتائج:

- زمین کو قابل فروخت شئے کے طور پر انگریزوں نے تبدیل کردیا۔
- زمین کو فروخت اور نیلام کرنے کے واقعات میں اضافہ ہوا۔
- زمینی محصول نقد رقم کے طور پر ادا کرنے کی وجہ سے روپیہ کی اہمیت بڑھ گئی۔
- آمدنی بڑھانے کی خاطر زمینداروں کی جانب سے غذائی اجناس کے بدلے کپاس، پٹ سن،

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

مونگ پھلی، تمباکو گنا جیسی تجارتی فصلوں کو اگانے کے لئے کسانوں پر زور ڈالا جاتا تھا۔ تجارتی فصلیں برآمد کرنے کے قابل ہونے کی وجہ سے انگریزوں کے لئے یہ منافع بخش تھیں۔ جس کے نتیجے میں غذائی اجناس کی قلت ہونے لگی۔

- زمینداری نظام میں مزید کسانوں کے نئے گروہ بننے لگے۔

انگریزی تعلیم:

تعلیم ہر شخص کو آزاد بنانے کا آلہ ہے۔ تعلیم کے ذریعے حاصل ہونے والی بیداری زندگی کو خوبصورت اور بہترین بنانے میں معاون ہوتی ہے۔ انگریز حکومت کی جانب سے انگریزی تعلیم عام کرنے کی وجہ سے ہندوستانیوں نے اس کا فائدہ اٹھایا۔ تمام طبقوں کو تعلیم حاصل کرنا ممکن ہوا۔

1813ع.ع کے چارٹر قانون کے تحت ہندوستانیوں کی تعلیم کے لئے ایک لاکھ روپیوں کا بجٹ مقرر کیا گیا۔ مگر اس رقم سے حکومت نے 1823ع.ع تک ایک روپیہ بھی تعلیم کے لئے خرچ نہیں کیا تھا۔ ہندوستانی مفکرین اور غیر ملکی عیسائی مبلغین نے جدید تعلیم دینے کے لئے تحریک شروع کی۔

©KBS NOT TO BE REPUBLISHED



چارلس ووڈ



لارڈ میکالے

اس تعلق سے کمپنی کے نظریات الگ تھے۔ اپنی انتظامیہ میں نچلی سطح پر سرکاری ملازمین کے کام انجام

دینے کے لئے ہندوستانی انگریزی دان کم تنخواہ پر کام انجام دینے والوں کی ضرورت تھی۔ اپنے وفادار ہندوستانی تعلیمی یافتہ کو تیار کرنا ان کا مقصد تھا۔ جدید طرز تعلیم کو جاری کرنے کا سہرا لارڈ میکالے اور چارلس ووڈ کو جاتا ہے۔

ذریعہ تعلیم پر اختلافات:

ذریعہ تعلیم سے متعلق بعض انگریز ماہرین نے ہندوستانی مضامین کو پڑھانے پر بحث وتکرار کی، بعض نے مغربی سائنس اور ادب کو انگریزی زبان میں ہی پڑھانے پر زور دیا۔ آخر کار (1835ء) میں اس مسئلے کا حل نکالنے کے بعد گورنر جنرل ولیم بنٹنک نے مغربی سائنس اور انگریزی ذریعہ تعلیم میں تعلیم دینے کے اصول کا اعلان کیا۔

چند یوروپی ماہرین تعلیم نے ہندوستانی تہذیبی وراثت سے مغربی دنیا کو روشناس کرایا۔ ع.ع 1784 میں سپریم کورٹ کے جج بن کر آنے والے سر ولیم جانسن نے کولکتہ میں ''ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال'' قائم کی۔

سنسکرت زبان کی شان وشوکت کو سراہا۔ سر چارلز ولکنز نے ع۔ع 1785 میں بھگوت گیتا کا انگریزی میں ترجمہ کیا۔ میکس ملّر نے ریگ وید اور دیگر تصانیف کا ترجمہ کیا۔

بینٹنک کے اعلان کو اس کی ورکنگ کمیٹی کے رکن میکالے کے جواب ہی گواہی ہیں۔ میکالے ایک بنیادی طور پر انگریزی زبان کا طرفدار تھا۔ اس نے کہا تھا ہندوستان کی معلومات کم درجے کی ہیں۔ سنسکرت قواعد پر اس نے سخت مذاق اڑایا۔ ہندوستانیوں کو ان کی اپنی تہذیب سے الگ کرنا اس کی آخری خواہش تھی اور وہ یہ کہتا ہے کہ ''ایک بہترین یوروپی مکتبہ (لائبریری) کی الماریوں کے ایک قطاروں کی برابری سارے مشرقی علوم نہیں کر سکتے''۔ یہ بات اس کی پست خیالی کو ظاہر کرتی ہے۔

1854 ع.ع میں انگریزوں نے نئی تعلیمی پالیسی جاری کی۔ یہ چارلس ووڈ کی رپورٹ پر مبنی تھی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بہت کم وقفے میں کلکتہ ممبئی اور مدراس میں (1857) یونیورسٹیوں کا قیام ہوا۔ پرائمری مدارس، فوقانیہ مدارس، کالج، یونیورسٹی قائم ہوئیں۔ اس طرح مرحلہ وار تعلیمی نظام قائم ہوا تعلیمی شعبے کی نگرانی کے لئے محکمہ تعلیم کے علاقے تشکیل دیے گئے ع۔ع 1844 میں انگریزی زبان انتظامیہ کی زبان قرار دی گئی۔



مدارس یونیورسٹی



بمبئی یونیورسٹی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مغربی تعلیم کے نتائج:

روایتی تعلیمی نظام روبہ زوال ہوا۔ نئے تعلیمی طریقے کار سے مختلف زبان بولنے والے ہندوستانیوں کا انگریزی زبان میں تبادلہ خیال کرنا ممکن ہوا۔ یہ عوام میں قومیت کے جذبے کو فروخت دینے میں مددگار ثابت ہوا۔ یورپی ذہنی افکار دھیرے دھیرے ہندوستانی سماج میں داخل ہوکر دوراندیش نتائج ظاہر کرنے لگے اور ہندوستانی ادب پر گہرے اثرات مرتب کرنے لگے۔ یہ تعلیمی نظام نئی ادبی تحریک کا سبب بنا۔ اس کے سبب کئی طبقوں میں نئی سماجی بیداری پیدا ہوئی۔ مورخین کا کہنا ہے کہ اس علمی نقطہ نظر سے پیدا ہونے والی بیداری ہندوستان میں سماجی اور سیاسی حالات کی سائنسی شناخت میں بھی رکاوٹ تھی۔

معاشی اثرات:


18 اور 19 ویں صدی میں انگلینڈ کے صنعتی انقلاب نے ہندوستانی تجارت اور کاروبار پر گہرے اثرات مرتب کئے ع۔ع 1600 تا 1757 تک کمپنی صرف ایک تجارتی کمپنی تھی۔ پلاسی کی جنگ کے بعد اس


دادا بھائی نورجی

نے ہندوستان کے کاروبار اور پیداوار پر اجارہ داری قائم رکھنے کے لئے بنگال کے اپنے سیاسی اقتدار کا بھرپور استعمال کیا۔ کپاس کی فروخت پر اپنی اجارہ داری قائم کی جس کے نتیجے میں جولاہے خام اشیاء مہنگی قیمت ادا کر کے خریدنے پر مجبور ہوئے۔ الغرض انگریزوں کے تجارتی اصولوں کا مقصد انگریزی کارخانوں کی ضروریات کو پورا کرنا تھا، اس کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ ہندوستان کو برطانیہ کے کارخانوں کی تیار شدہ اشیاء درآمد کرنا اور برطانیہ کی ضرورت کی خام اشیاء کو برآمد کرنا اس کا مقصد تھا۔

آزادانہ تجارت کے نظام سے ہندوستانی چھوٹی صنعتیں تباہی کے دہانے پر پہنچ گئیں۔ برطانیہ کے دور حکومت میں ہندوستان غریب ملک بننے کی اہم وجہ ملک کی دولت انگلینڈ کی جانب بہنے لگی۔ دادا بھائی نوروجی کے مطابق دولت کا بہاؤ (drain of wealth) اس کا اہم سبب تھا۔ برطانیہ کے شہری ہندوستان میں مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری سے حاصل کردہ منافع دولت کے بہاؤ کا ایک اور اہم ذریعہ تھا۔

دولت کے بہاؤ کا اثر یہ ہوا کہ ہندوستان ایک غریب ملک بننے کے علاوہ ملک میں سرمایہ کاری کی قلت کا سامنا کرنا پڑا۔ جس کی وجہ سے یہاں صنعتی ترقی میں رکاوٹ پیدا ہوئی۔" بابائے معاشیات آڈم اسمتھ" نے ہندوستان پر حکومت کرنے والے انگریزوں کو 'لٹیرے' قرار دیا ہے۔


وارن ہسٹنگیز

قانون ساز ترقی:

ریگولیٹنگ ایکٹ (1773ع.ع):

ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان میں دستوری اصلاحات کا انگریزوں کے دور حکومت میں آغاز ہوا۔ اس ملک کے دستور کی تاریخ میں ریگولیٹنگ ایکٹ ایک اہم سنگ میل ہے۔ گورنر جنرل وارن ہسٹنگز نے اس قانون کو 1773 میں ہندوستان میں جاری کیا۔ یہ ہندوستان میں

@KPBS NOT TO BE REPUBLISHED

انگریزوں کی حکومت قائم کرنے کے لئے بنیاد بنا۔ یہ ایسٹ انڈیا کمپنی کو دستور عطا کیا۔

پٹ انڈیا ایکٹ (1784ع.ع):

ہندوستان میں حکومت کے طریقہ کار پر انگلینڈ حکومت کو تشفی نہیں تھی۔ اس نے اس پر بھرپور توجہ دینا طئے کیا اس لئے وزیر اعظم پٹ نے ایک ایکٹ جاری کیا۔ یہ ایکٹ ایسٹ انڈیا کمپنی کو برطانیہ حکومت کے قابو میں لیتے ہوئے اس کو اپنا ایک شعبہ تسلیم کیا۔ اس کے بعد کئی قوانین انگریزوں نے جاری کئے۔

مارلے منٹو اصلاحات (1909ع.ع):

لارڈ منٹو ہندوستان کا وائسرائے تھا۔ اسی دور میں مارلے سیکرٹری آف اسٹیٹ تھا۔ لارڈ کرزن کی تکبرانہ حکومت، ہندوستان کی آزادی کے مجاہدین کی طرف سے چلائی گئی انتہا پسند تحریک وغیرہ کی وجہ سے مارلے منٹو اصلاحات جاری ہوئے۔ اس ایکٹ نے حکومت کے کام و کاج میں قابل ہندوستانیوں کو شامل ہونے کا موقع فراہم کیا۔ اس کے تحت مرکزی دستور ساز مجلس میں اراکین کی تعداد میں اضافہ کرنا طئے پایا۔ علاقائی دستور ساز مجلس کی توسیع کی گئی۔ مارلے منٹو اصلاحات نے ہندوستان کے آئینی واقعات میں کسی طرح کی انقلابی تبدیلیاں نہیں لائیں۔ اور نہ ہی عوامی نمائندوں کو کسی طرح کی ذمہ داری دی گئیں۔

مانٹیگو چلمس فرڈ اصلاحات (1919ع.ع):

مارلے منٹو اصلاحات سے ہندوستانیوں کو تسلی نہیں ملی تھی۔ 1917 میں سیکرٹری آف اسٹیٹ مانٹیگو نے ایک اعلان نامہ جاری کیا۔ اس اعلان نامہ میں کہا گیا کہ حکومت میں ہندوستانیوں کو زیادہ مواقع دینا اور مقامی حکومتوں کو فروغ دینا ہی برطانیہ حکومت کا اصول ہے۔ اس وقت کے ہندوستان کے وائسرائے لارڈ منٹو نے اس ایکٹ کو ہندوستان میں جاری کیا۔ سیکرٹری آف اسٹیٹ کی انڈیا کونسل میں اراکین کی تعداد میں اضافہ کیا گیا اور ان کی معیاد پانچ سال طئے کی گئی۔ ہندوستان کے ہائی کمشنر کو لندن میں تقرر کیا گیا۔

1935 قانون:

مارلے منٹو اصلاحات سے بھی ہندوستانیوں کو تشفی نہیں ہوئی۔ عوام کی تسلی کے لئے 1935 میں

©KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستانی حکومت میں دہری طرز حکومت کا نظام رائج ہوا۔ علاقائی حکومت میں ذمہ دار حکومتیں بنیں۔ یہ قانون ہندوستان کے تاریخی واقعات میں ایک اہم سنگ میل ہے۔

مشقیں

I۔ ایک یا دو جملوں میں جواب دیجئے۔

1۔ مستقل زمینداری کا نظام کس نے جاری کیا؟

2۔ کسان طرز کسے کہتے ہیں؟

3۔ 1813 میں چارٹر قاعدے کے مطابق تعلیم کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی تھی؟

4۔ ہندوستان ریگولیٹنگ ایکٹ کس نے اور کب جاری کیا؟

5۔ 1857ء میں قائم کی گئیں یونیورسٹیاں کون کونسی ہیں؟

II۔ مندرجہ ذیل سوالات پر گروہ میں بحث کرتے ہوئے جوابات دیجئے۔

6۔ مستقل زمینداری نظام سے کسانوں پر ہونے والے اثرات کیا ہیں؟

7۔ انگریزی تعلیمی نظام کے نتائج کیا ہیں؟

8۔ ہندوستان کے اہم قانون سازی اصلاحات کے نام لکھو؟

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

III۔ فہرست 'الف' سے فہرست 'ب' کے مضامین کو صحیح جوڑ لگائیے۔

الف	ب	
1۔ وارن ہسٹنگز	a) مستقل زمینداری نظام	( )
2۔ کارن والس	b) انگریزی تعلیم	( )
3۔ تھامس منرو	c) محصول اکٹھا کرنے نیلامی کا طریقہ	( )
4۔ ولیم بینٹنک	d) دولت کے بہاؤ کا اصول	( )
5۔ دادا بھائی نوروجی	e) رعیت واری نظام	( )

IV۔ بحث کیجئے۔

1۔ انگریزوں کے دور حکومت کا محصولاتی نظام اور موجودہ محصولاتی نظام۔

...

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

U5M8S2

سبق:7

میسور اور دیگر علاقے

MYSORE AND OTHER PROVINCES

سبق کا تعارف:

اس سبق میں میسور کے وڈیروں کی تاریخ کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔اور ان اصلاحات کا تذکرہ کیا گیا ہے جو مشہور حکمران چکا دیوراجا وڈیر نے کی تھی۔اس سبق میں حیدر علی اور ٹیپو سلطان کی عبوری حکومت ، ان کی جنگوں اور کامیابیوں کو بھی بیان کیا گیا ہے۔

وجے نگر سلطنت کے زوال کے بعد چند دہائیوں کے اندر کرناٹک تین مختلف انتظامیہ کے تحت آ گیا۔ یعنی وجے پور، کیلادی اور میسور۔ کچھ عرصہ کے بعد جب وجے پور حکومت کا خاتمہ ہوا، مغلوں اور مرہٹوں نے کرناٹک کے بیشتر حصوں پر سیاسی قبضہ جمالیا۔

ان مشکل حالات میں کیلادی اور میسور کی ریاستوں نے اپنی آزادی کو برقرار رکھا۔اور وجے نگر کی روایات پر عمل پیرا رہے۔اس عرصہ کے دوران چند مقامی علاقے جیسے چتر درگہ، یلہنکا (بنگلورو)، سُرپور ،کورگ، کِتور، تُلو وناڈو پر سرداروں کی حکومت تھی۔جنھیں 'نائیکا' کہا جاتا تھا۔اس سبق میں کیلادی، چتر درگہ، اور یلہنکا کے نائیکوں کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

چھوٹے خطوں کی تاریخ کو سمجھنا اتنا ہی اہم ہے جتنا کہ کرناٹک کی بڑی سلطنتوں کی تاریخ کو سمجھنا۔ ان سلطنتوں کا مطالعہ بنیادی طور پر ان دو وجوہات کی بناء پر کیا گیا ہے۔ علاقائی تاریخ لوگوں کو زیادہ تر قریب سے چھوتی ہے۔ اور اس سے ہمیں کرناٹک کی تاریخ کا ایک جامع نظریہ حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔اس کو ذہن میں رکھتے ہوئے سبق میں کوڈگو، کِتور، تُلو ناڈو اور حیدرآباد کرناٹک کی علاقائی تاریخ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

صلاحیتیں:

1. چکا دیوراج وڈیئر کی عوامی خدمات کو سراہنا۔
2. انگریزوں کے خلاف حیدر علی اور ٹیپو سلطان کی جدوجہد کے وجوہات اور نتائج کو سمجھنا۔
3. حیدر علی اور ٹیپو سلطان کی خدمات کو جاننا۔
4. نقشہ میں ریاستِ میسور کے تاریخی مقامات کی نشاندہی کرنا۔
5. دوڈا وینکٹپّا نائیک اور شیوپّا نائیک کے کارناموں کو سمجھنا۔
6. رانی چنّما کی بہادری کو جاننا۔
7. کیلادی نائیکا کی مذہبی رواداری کی نشاندہی کرنا۔
8. چتر درگہ کے راجا ویر مدیکیری نائیکا کی شجاعت اور کارناموں کو سراہنا۔
9. یلہنکا کے صوبائی حکمران کیمپے گوڈا اوّل اور کیمپے گوڈا دوّم کے کارناموں کو جاننا۔
10. کوڈاگو کے تاریخی مقامات کو متعارف کرانا۔
11. کتور کی رانی چنّما اور ان کے ساتھی سنگولی رائینا کی انگریزوں کے خلاف جرات مندانہ جدوجہد کو سراہنا۔
12. تُلوناڈو کی تاریخ، ثقافت اور خدمات کو سمجھنا۔
13. حیدرآباد کرناٹک کے علاقے میں برطانوی حکمرانوں کے نظام اور مقامی زمینداروں کے خلاف جدوجہد کو سمجھنا۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KSCERT

7.1 میسور کے وڈیر

میسور شہر چامنڈی پہاڑی سے متصل ہے۔ پہاڑی پر چامنڈیشوری دیوی کا مندر ہے۔ جو وڈیروں کی خاندانی دیوی ہے۔ اور وڈیروں نے وجئے نگر کی روایات کو جاری رکھتے ہوئے معاشرہ اور ثقافت کو ترقی

دینے میں حصہ لیا اور اپنی خدمات انجام دیں۔ ایک طویل عرصہ تک حکمرانی کرتے ہوئے انھوں نے اپنی رعایا سے محبت اور احترام حاصل کیا جن پر انھوں نے حکومت کی۔

وڈیئر خاندان کا دارالحکومت میسور تھا۔ ان کا شاہی نشان (گنڈا بھیرونڈا) 'دوسر والی چڑیا' تھا۔ نوراتری تہوار، دسہرا بڑی شان وشوکت کے ساتھ منایا جاتا تھا۔

میسور محل 1912ء میں بنایا گیا تھا۔ اس سے پہلے کا لکڑی کا محل آگ سے جل گیا تھا۔ نئے محل کی تعمیر کے لئے ہندوستان اور بیرونی ممالک سے کاریگر بلائے گئے تھے۔ شاہی دربار کو راجہ روی ورما کی مصویری سے سجایا گیا ہے۔



1894 سے پہلے میسور کا محل



میسور کا محل 1912 میں بنایا گیا



موجودہ میسور محل



شاہی تخت

© NOT TO BE REPUBLISHED KTBS

چکا دیوراج وڈیئر:

ابتدائی وڈیئر راجاؤں میں چکا دیوراج ایک قابل ذکر حکمران تھا۔ ایک بہادر حکمران اس نے سلطنت کو وسعت دی۔

عوامی کامیابیاں :



اٹھارہ کچہری میسور

چکا دیوراج وڈیئر نے رعایا کی فلاح و بہبود کے کام کئے ۔انھوں نے راجدھانی میں اٹھارہ شاخوں والی اٹھارہ کچہری (آفس) کا آغاز کیا۔ وزن اور پیمائش کو منظم کیا تا کہ لوگوں کو دھوکا نہ دیا جائے ، انھوں نے انتظامیہ میں بد عنوانی کو ختم کرنے کے لئے کئی اقدامات کئے۔

چکا دیوراج وڈیئر نے تین لاکھ وراہوں کی رقم ادا کر کے مغلوں سے ٹھیکہ پر بنگلور حاصل کیا۔

سری رنگا پٹن کے قریب مغربی سمت میں کاویری ندی پر بند ھ باندھ کر زراعت (کاشتکاری) کے لئے پانی کی سہولیات فراہم کی۔ کفایت شعاری انتظامیہ سے خزانوں کو پُر کر کے 'نوا کوٹی نارائینا' کا لقب پایا۔ سرکاری خطوط اور مضامین کی ترسیل کے لئے انھوں نے ڈاک (انچے) کا انتظام قائم کیا۔

چکا دیوراج وڈیئر کے دور میں میسور دولت مند ریاست تھی ۔ اور وہ اپنے وقت کے جنوبی ہندوستان کے ایک قابل ذکر حکمران کہلائے۔

سنگا رایا، جو چکا دیوراج وڈیئر کے دربار میں تھے۔ انھوں نے 'مترا وندا گوندا' ڈرامہ لکھا۔ جو کنڑا کا پہلا ڈرامہ کہلاتا ہے۔ اور سانچی ہونّما نے 'ہدیبہ دیہ دھرما' لکھا۔ چونکہ سانچی بردار کے طور پر بادشاہ کے دربار میں رہی تھیں۔ اس لئے انھیں سانچی ہونّما کہا جانے لگا۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

چکا دیوراج وڈیئر کی موت کے بعد کمزور راجاؤں نے حکومت کی۔ اسی وجہ سے سپہ سالار 'دلوائی' کے نام سے حکومت چلاتے تھے۔

حیدر علی:



حیدر علی:

حیدر علی، سپہ سالار دلوائی ننجا راجا کی فوج کے قابل فوجی تھے۔ یہ دلیر اور بہادر تھے۔ جنگوں میں فتح حاصل کرتے ہوئے دھیرے دھیرے اپنی فوج اور دولت کو مضبوط کرتے گئے۔ جلد ہی بنگلور میں مرہٹوں کو شکست دے کر راجہ کے بھروسہ کو حاصل کر لیا۔ اس کے علاوہ میسور ریاست کو مشکل دور سے نکالا۔ پائے تخت میں فوجی بغاوت کے وقت حیدر علی نے ننجا راجا کو وظیفہ دے کر حکومت کی باگ دوڑ سنبھالی۔ اس طرح میسور دربار میں بہادر شخص کے طور پر ابھرے۔ اپنے آپ کو حکومت کا منتظم کہتے ہوئے کرشنا راج وڈیئر کو حکومت سے کنارہ کر دیا۔

حکومت کی باگ دوڑ سنبھالتے ہی حیدر علی نے اپنی حکومت کی توسیع میں لگ گئے۔ کیلادی راجاؤں کو شکست دے کر وہاں کی بے شمار دولت پر قبضہ کر کے اپنے خزانے مضبوط کئے۔

انگریزوں سے مقابلے:

تجارت کی غرض سے ہندوستان آئے ہوئے انگریز ایک مضبوط سیاسی طاقت بن کر ابھرے۔ حیدر علی کا جنوبی ہندوستان میں اپنی حکومت کی توسیع کرنا انگریزوں سے برداشت نہ ہو سکا۔ اس لئے حیدر علی اور انگریزوں کے درمیان جنگیں شروع ہوئیں۔

حیدر علی اور ان کے فرزند ٹیپو سلطان کی انگریزوں کے درمیان ہونے والی چار جنگوں کو 'اینگلو میسور جنگیں' یا 'میسور کی جنگیں' کہا جاتا ہے۔

@KSEEBSolutions NOT TO BE REPUBLISHED

میسور کی پہلی جنگ میں انگریزوں کا بھاری نقصان ہوا۔ فتح یافتہ حیدر علی کا وقار بڑھا۔ پہلی اینگلو میسور جنگ میں حیدر علی کے حملے سے انگریزوں کو بھاری نقصان ہوا مجبوراً انگریز مدراس معاہدے کے لئے آگے آئے۔ اس معاہدہ کا اہم مقصد یہ تھا کہ اگر حیدر علی اور انگریز پر کوئی بھی دشمن حملہ کرنے پر دونوں ریاستوں کو آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا تھا۔ اس معاہدہ سے حیدر علی کا وقار اور بڑھا چند سالوں بعد مرہٹوں نے میسور پر حملہ کیا۔ مدراس معاہدہ کے تحت اس وقت انگریزوں کو حیدر علی کی مدد کرنا تھا مگر وہ خاموش رہے۔ اس حرکت سے حیدر علی آگ بگولہ ہو کر انگریزوں پر حملہ کر دیا۔ یہی دوسری اینگلو میسور جنگ کہلاتی ہے۔ اسی دوران حیدر علی حالت مرض میں انتقال کر گئے۔ اس جنگ کو ٹیپو سلطان نے آگے بڑھایا۔

حیدر علی کے کارنامے :

حیدر علی اُمّی ہونے کے باوجود کنڑی زبان کے ساتھ ساتھ کئی زبانوں سے واقف تھے۔ انہوں نے میسور ریاست کو بہت دور تک وسعت دی۔ یہ ایک بہادر اور منتظم حکمران تھے۔ کرناٹک کی تاریخ میں حیدر علی کا مخصوص مقام ہے۔ انہوں نے بنگلور میں خوبصورت لال باغ کی بنیاد رکھی۔

ٹیپو سلطان (1782-1799ع.ع.):



ٹیپو سلطان

ٹیپو سلطان حیدر علی کے بیٹے تھے۔ یہ اپنے والد کے دور میں کی کئی جنگوں کو فتح کرنے والے بہادر نوجوان تھے۔ انہوں نے خود کو سلطان اعلان کیا۔ حیدر علی کی موت کے بعد اس وقت چل رہی میسور کی دوسری جنگ کو آگے بڑھایا۔ ٹیپو سلطان نے اکیلے ہی انگریزوں کا مقابلہ کیا۔ کسی نے ان کا ساتھ نہیں دیا۔ آخر کار انگریزوں کو منگلور امن معاہدہ کرنا پڑا۔ یہ معاہدہ دونوں طرفین کے لئے تسلی بخش تھا۔ دونوں نے فتح کئے ہوئے علاقوں اور قیدیوں کو چھوڑ دیا۔ اس سے ٹیپو کے وقار میں اضافہ ہوا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تھوڑے ہی وقفہ میں ٹیپو سلطان اور انگریزوں کے درمیان دو جنگیں اور ہوئیں۔ انگریز اور ٹیپو کے درمیان نفرت اور غلط فہمی ہی ان جنگوں کی وجہ تھی۔

تیسری اینگلو میسور جنگ : اینگلو میسور جنگ کی تیسری جنگ میں انگریز حملہ کرتے ہوئے صدر مقام سری رنگا پٹن کا محاصرہ کرلیا۔ اس وقت ٹیپو سلطان کو مجبوراً انگریزوں کے ساتھ امن معاہدہ کرنا پڑا۔ اس امن معاہدے کے تحت ٹیپو سلطان نے آدھی ریاست انگریزوں کے حوالے کردی۔ جنگی نقصان کے طور پر بہت ساری رقم بھی دینی پڑی۔ رقم کی ادائیگی تک اپنے دونوں بیٹوں کو بطور ضمانت رکھا۔

اس جنگ کے نتیجے سے ٹیپو سلطان کو ذلت کا سامنا کرنا پڑا۔ انھوں نے انگریزوں کو ہندوستان سے بھگانے کا مصمم ارادہ کرلیا۔ یہی اینگلو میسور کی چوتھی جنگ کی وجہ بنی۔ اس جنگ میں سری رنگا پٹن کا مکمل محاصرہ ہوا۔ اس جنگ میں ٹیپو سلطان بڑی بہادری اور شجاعت کے ساتھ لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ بعد میں لوک داستانوں میں کچھ لوگوں نے ٹیپو سلطان کو 'شیر میسور' کہا۔ کوڈ گو پر ٹیپو سلطان کے حملے کی نوعیت کی مورخین نے مذمت اور تنقید کی ہے۔

ٹیپو سلطان کی موت کے بعد میسور ریاست انگریزوں کے قبضے میں چلی گئی اس ریاست کو انگریزوں نے وڈیئر خاندان کے کرشنا راج وڈیر سوّم کے سپرد کیا۔ مگر میسور ریاست انگریزوں کے ماتحت ہی رہی۔

ٹیپو سلطان کی شخصیت اور کارنامے :

انہیں علم سائنس سے متعلق بہت جانکاری تھی۔ ان کے پاس بہترین کتب خانہ تھا۔ انھوں نے بنگلور کا محل، سری رنگا پٹن کا دریا دولت باغ (گرمائی محل) تعمیر کروایا۔ دریا دولت باغ کی چھت اور دیواروں پر تاریخی واقعات کی تصاویر بنائی گئی ہیں۔

ٹیپو سلطان نے ریاست کی ترقی کے لئے انتھک محنت کی۔ ریشم کی کاشت کو عوام میں مقبول کرنا ان کا اہم کارنامہ ہے۔ فرانسیسی افسروں کی مدد سے اپنی فوج کو جدید طرز پر تیار کیا تھا۔ سری رنگا پٹن میں دھاتوں کو سانچوں میں ڈال کر توپ تیار کئے جاتے تھے۔ راکٹ کے استعمال کو مکمل طور پر جاننا ٹیپو سلطان کی خاصیت میں سے ایک تھی۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



دریا دولت باغ، سری رنگا پٹن




جامع مسجد، سری رنگا پٹن



بنگلور کا محل

NOT TO BE REPUBLISHED

- ٹیپو سلطان نے مندروں کو تحفے، سرنگیری مٹھ کو اوقاف عطا کئے۔
- انہوں نے زمینی محصول میں ترمیمات کرتے ہوئے کسانوں کو آسان قسطوں میں قرضہ جات دینے کے ساتھ ساتھ کئی سہولیات فراہم کئے۔
- سری رنگا پٹن میں موجود حیدر علی کا مقبرہ، گنبد شاہی اور جامع مسجد ٹیپو کی اعلیٰ تعمیرات ہیں۔ مسجد کے اعلیٰ مینار خوبصورت جاذب نظر ہیں۔ ٹیپو سلطان نے سری رنگا پٹن اور بنگلور میں ٹیکسال بنوائے۔



ٹیپو کے دور کا میسور

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

کرشناراج وڈیر سوّم (1799-1831ع.ع.):

ٹیپو سلطان کی شہادت کے ساتھ ہی میسور کی تاریخ میں جنگوں کا دور ختم ہو گیا۔ انگریزوں نے میسور ریاست کو اپنی قبضے میں لے کر اس کو چار حصوں میں تقسیم کرتے ہوئے انگریز اور ان کے خیر خواہ مراٹھا اور حیدرآباد کے نظام نے تین حصے رکھ لئے۔ بقیہ ایک حصہ میسور کے وڈیر خاندان کے سپرد کیا اور کرشنا راج وڈیر سوّم کو اقتدار پر لایا۔ کرشنا راج سوّم 5 سال کا کمسن ہونے کی وجہ سے حکومت کی نگرانی 'پورنیا' کے حوالے کر کے انہیں دیوان یا وزیر اعلیٰ مقرر کیا گیا۔

کرشنا راج وڈیر سوّم کو ضلع شیموگا (بِدنور) کی بغاوت پر قابو نہ پانے کی وجہ سے انگریزوں نے 1831ع.ع میں انہیں اقتدار سے الگ کر دیا۔ اور میسور ریاست میں کمشنر رول جاری کیا۔

کمشنروں کی حکمرانی (1831-1881ع.ع.):

مارک کبّن (1834-1861ع.ع.):

مارک کبّن نے ریاستی انتظامات میں کئی تبدیلیاں لائیں۔ اس نے پایہ تخت کو میسور سے بنگلور منتقل کیا۔ میسور کو کئی انتظامی اکائیوں میں تقسیم کر کے ان کو سپریٹینڈنٹ کی نگرانی میں رکھا گیا۔ انتظامیہ اکائیوں کو ضلع اور تعلقات جات میں علیحدہ کیا گیا۔ عدلیہ اور پولیس کے محکمے عمدہ طرز پر منظم کئے گئے۔ کنڑا کو سرکاری زبان کا درجہ دیا گیا۔



مارک کبّن

نئے راستے بنوائے گئے۔ جس کی وجہ سے ریاست کے تمام مشہور شہر بنگلور سے براہ راست تعلق پیدا ہوا۔ پل تعمیر کئے گئے۔ اور ٹیلی گرافی کی تاریں ڈالی گئیں۔ 1859ع.ع. میں بنگلور اور جولار پیٹ کے درمیان ریل کی پٹریاں بچھانا شروع کیا۔ یہ ریاست میسور کی پہلی ریل راہ تھی۔ انہوں نے 1861ع.ع میں کمشنر کے عہدے سے استعفیٰ دیا۔ ان کے نام سے بنگلور میں کبن

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

پارک موجود ہے۔

لوئس بینتھام بورنگ (1862-1870ع.ع.):



لوئس بینتھام بورنگ

لوئس بینتھام بورنگ نے 1862ع.ع. میں اعلیٰ کمشنر کا عہدہ سنبھالا۔ انہوں نے میسور ریاست کے پورے انتظامیہ کو دوبارہ متحد کیا۔ نندی درگا شہر اور اشٹھاگرام انتظامیہ کی اکائیاں تھیں۔ ان اکائیوں کی نگرانی کمشنر کیا کرتے تھے۔ زمین محصول میں تبدیلی لائی گئی۔ عدلیہ اور محکمہ پولیس کو منظم طور پر متحد کیا گیا۔ محکمہ تعلیم عامہ سے تعلیم میں اصلاحت رائج کی گئیں۔

1870ع.ع. میں بورنگ کمشنر کے عہدے سے دستبردار ہوئے۔ کمشنروں نے ریاست میسور کی ترقی کے لئے مضبوط بنیاد ڈالیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دسویں چامراج وڈئیر (1881-1894ع.ع.):



دسویں چامراج وڈئیر

1821ع.ع. میں انگریزوں نے پھر حکومت دسویں چامراج وڈیئر کے حوالے کی۔ اس کو پنردان کہا جاتا ہے۔ دسویں چامراج وڈئیر کے ماتحت سری رنگاچارلو اور کے. شیشادری ائیر نے دیوان کی خدمات انجام دیں۔ دسویں چامراج وڈئیر کے دور میں (پرجا پرتی نیدھی) 'عوامی نمائندہ مجلس' 1821ء میں شروع ہوئی۔

نالوڈی کرشناراج وڈئیر (1902-1940ع.ع.):

دسویں چامراج وڈئیر جب کلکتہ گئے ہوئے تھے اس وقت بیماری کی وجہ سے ان کا انتقال ہوگیا۔ ان



نالوڈی کرشناراج وڈیئر

کے وارث نالوڈی کرشنا راج وڈیئر تھے۔ جب وہ تخت نشین ہوئے (1895ع.ع.) اس وقت ان کی عمر صرف 11 سال کی تھی۔ ان کی ماں کیمپّا نجا مٹّی ہی حکومت کی دیکھ بھال کرتی تھیں۔ 1902 ع.ع. سے نالوڈی کی براہ راست حکمرانی شروع ہوئی۔ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہونے کی وجہ سے ریاست میسور کو اپنی طویل حکمرانی کے دور میں مثالی ریاست بنایا۔

وہ دور اندیش تھے۔ غریب کمزوروں سے محبت تھی۔ سماج کے تمام طبقات کو حکومت میں مواقع فراہم کرنے کے لئے مِلّر کمیشن قائم کر کے سفارشات پیش کرنے کو کہا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

نالوڈی کرشناراج وڈیئر کے اہم کارنامے:

- بنگلور میں سائنسی ادارہ قائم کرنے کے لئے جے.این.ٹاٹا کو 371 ایکڑ زمین کے ساتھ پانچ لاکھ روپیوں سے زیادہ مالی امداد کی۔
- 1907 ع.ع. میں 'منصف قانون ساز اسمبلی' (Nyaya vidhayaka sabha) کو قائم کر کے عوامی نمائندوں کے ذریعے عوام کے مسائل پر بحث کرنے کا موقع فراہم کیا۔
- موجودہ میسور محل کی تعمیر 1910 ع.ع. میں مکمل کی۔
- کرشناراج ساگر بندھ (K.R.S) کی تعمیر کے ذریعے ریاست میں کاشتکاری کو فروغ دیا۔
- 1910 ع.ع. میں میسور معاشی (The Mysore Economic Conference) کانفرنس کا آغاز کیا۔
- پچھڑے ہوئے طبقوں کو سرکاری خدمات میں مخصوص نمائندگی دینے کے احکام جاری کیئے۔

- پہلی بار عورتوں کو بھی ووٹ دینے کا حق دلوایا۔

اس طرح نالوڈی نے تعلیم ،صنعت، بینک وغیرہ علاقوں کے لئے رہنما بن کر حوصلہ افزائی کی۔ان کے دور اندیش خیالات کو عملی جامہ پہنانے اور ریاست کی ترقی میں ہاتھ بٹانے کے لئے ہونہاروں کو دیوان مقرر کیا۔ان میں 'سرایم۔وشویشور یا' اور 'سرمرزا اسماعیل' اہم ہیں۔

گاندھی جی نے نالوڈی کرشناراج وڈیئر کی حکومت کو 'رام راج' کہتے ہوئے تعریف کی ہے۔نالوڈی کو 'راج رُشی' کے نام سے پکارا گیا۔ 20ویں صدی کے ابتدائی دور میں نالوڈی کرشناراج وڈیئر جیسا کوئی اور راجہ سارے ہندوستان میں نہیں تھا۔

کرشناراج ساگر بندھ کی تعمیر کے دوران نالوڈی کرشناراج وڈیئر کو روپیوں کی قلت سے دوچار ہونا پڑا۔اس وقت شاہی گھرانے کے افراد کے زیورات ممبئی کے صرافہ بازار میں فروخت کر کے ان پیسوں سے بندھ کی تعمیر مکمل کی گئی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



میسور کے راجا کا محل

سرایم وشویشوریا(1912-1918ع.ع.):

جدید میسور کا معمار اور بنانے والے سے پہچانے جانے والے سر۔ ایم۔ وشویشوریا ہونہار، فطری صلاحیتوں والے ماہر انجینئر تھے۔ انھوں نے 1909-1912ع.ع. تک میسور ریاست کے اعلیٰ انجینئر کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں۔ نالوڈی کرشناراج وڈیئر نے انہیں دیوان مقرر کرلیا۔ ان کے دور میں میسور کی ہمہ پہلو ترقی ہوئی۔

'صنعت وحرفت یا خاتمہ' سر۔ایم۔ وشویشوریا کا نعرہ تھا۔ بھدراوتی لوہے کا کارخانہ، میسور میں صندل کے تیل کے کارخانے، بنگلور میں صابن کے کارخانے، مرکزی صنعتی کارگاہ، چمڑے کے کارخانے اور دھاتوں کے کارخانوں کو شروع کروایا۔

تجارت اور کاروبار کی ہمت افزائی کے لئے بنگلور میں 'میسور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز' کو قائم کیا۔ تجارت وکاروبار کی ترقی کے لئے 1913ع.ع میں 'میسور بینک' کی شروعات کی۔ ہر ملک کی ترقی وہاں کے لوگوں کی تعلیم پر منحصر ہے۔ وشویشوریا اس بات میں یقین رکھتے تھے۔ انہوں نے ابتدائی لازمی تعلیم کو جاری کروایا۔ ٹیکنالوجیکل تعلیم پر زور دیا گیا۔ بنگلور کے ہیبال میں زراعت کی تربیت کے لئے اسکول کی بنیاد ڈالی۔ 1916ع.ع میں قائم کردہ 'میسور یونیورسٹی' تعلیمی میدان میں ان کا سب سے بڑا کارنامہ ہے۔ 1915ع.ع کو بنگلور میں 'کنڑا ساہتیہ پریشد' قائم ہوئی۔ کرشناراج ساگر بندھ وشویشوریا کے دور میں آگے بڑھتے ہوئے 1932ع.ع میں تعمیری کام اختتام پر پہنچا۔ میسور ارسیکرا اور بورنگ پیٹ سے کولار تک ریلوے لائن ڈالی گئی۔

نالوڈی کرشناراج وڈیئر کے دور اندیش منصوبوں کو کامیاب طریقے سے عملی جامہ پہنانے والے سر ایم۔ وشویشوریا تھے۔ آخرکار 1918ع.ع میں وشویشوریا دیوان کی ذمہ داری سے دستبردار ہوئے۔ انگریز حکومت نے ان کی خدمات کے لئے انھیں 'سر' کا خطاب عطا کیا۔ 1955ع.ع میں بھارت سرکار نے انہیں 'بھارت رتن' کے خطاب سے نوازا، وشویشوریا وہ پہلے کنڑیگا ہیں جنہوں نے یہ خطاب حاصل کیا۔ یہ بڑے فخر کی بات ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KSRSAC



کنڑا ساہتیہ پریشد- بنگلورو



اسٹیٹ بینک آف میسورو



کرشنا راج ساگر بند ھ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سر مرزا اِسماعیل (1926-1941ع.ع.):

بحیثیت دیوان خدمات انجام دینے والے سر مرزا اسماعیل بھی جدید میسور ریاست کے معماروں میں سے ایک ہیں۔ نالوڈی کرشنا راج وڈیئر کی خواہش کے مطابق انہوں نے صنعت کاری کی ترقی کے لئے ہمت افزائی کی اور بہت سارے صنعتی کارخانے شروع کئے۔ بنگلور میں ہندوستان ایرو ناٹک لمیٹڈ، کانچ کے کارخانے چینی کے برتن کے کارخانے، بیلکولہ کا کیمیائی کھاد کا کارخانہ، منڈیا میں شکر کا کارخانہ، شیموگا میں دَیاسلائی کے کارخانے اور بھدراوتی میں لوہے اور کاغذ کے کارخانے قائم کئے۔ جگور میں ہوائی اڈہ تعمیر کروایا۔ آکاش وانی (ریڈیو) کے مراکز میسور اور بنگلور میں شروع کئے۔

انہوں نے دیہی صنعت کی حوصلہ افزائی کی۔ بدنال میں کھادی (سوتی) سے تیار شدہ اشیاء کا مرکز قائم

کیا۔ اِروِن نالے کو تعمیر کروا کر ضلع منڈیا کی زرعی زمینات کو پانی فراہم کیا گیا۔ میسور کو پھولوں اور باغوں کا شہر کہنے کے قابل بنایا۔ کرشنا راج ساگر باندھ کے پچھلے حصے میں برنداون باغ تعمیر کروایا۔



برنداون باغ

بنگلور میں نمہانس (National Institute Of Mental Health And Neuroscience) کولار میں نرسمہاراج ہسپتال، شیموگا میں میگان اسپتال اور میسور میں وانی ولاس ہسپتال انہی کے دور میں شروع ہوئے۔ تعلیم کے فروغ کے لئے ابتدائی لازمی تعلیم قانون کو جاری کیا۔ غیر سرکاری اسکولوں کو مالی امداد دی۔ فوقانی مدارس میں تعلیم بذریعہ کنڑا کا آغاز ہوا۔ اس طرح میسور کی ترقی میں سر مرزا اسماعیل کا اہم کردار ہے۔ نالوڈی کرشنا راج وڈیئر کے ہم جماعت ساتھی سر مرزا اِسماعیل نے نالوڈی کے دور اندیش منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے میں کامیاب ہوئے۔

نالوڈی کرشن راج وڈیئر کی موت کے بعد جئے چامراج وڈیئر حکمران بنے۔ یہ ریاست میسور پر حکومت کرنے والے آخری راجہ تھے۔ ہندوستان کی آزادی کے بعد میسور ریاست بھی جمہوریت میں شامل ہوا۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے کے۔ سی۔ ریڈی کی قیادت میں شاہی محل ستیہ گرہ شروع ہوا۔ اس ستیہ گرہ

© KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

کی کامیابی پر جئے چامراج وڈیر نے ہندوستان کی جمہوریت میں شامل ہونے کی رضامندی دے دی۔ اس کی بدولت کے۔سی۔ریڈی کی قیادت والی ذمہ دار سرکار 24 اکتوبر 1947 کو وجود میں آئی۔ جئے چامراج وڈیر نے میسور ریاست کے پہلے گورنر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں جبکہ کے۔سی۔ریڈی نے میسور ریاست کے پہلے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

اہم سال (ع.ع.):

چکا دیوراج وڈیر	-	(1704-1673)
حیدر علی	-	(1782-1761)
ٹیپو سلطان	-	(1799-1782)
پہلی اینگلو میسور جنگ	-	(1769-1767)
دوسری اینگلو میسور جنگ	-	(1784-1780)
تیسری اینگلو میسور جنگ	-	(1792-1790)
چوتھی اینگلو میسور جنگ	-	(1799)
مارک کبّن	-	(1861-1834)
لوئس بینتھام بورنگ	-	(1870-1862)
دسویں چامراج وڈیر	-	(1894-1881)
چہارم کرشنا راج وڈیر	-	(1940-1902)
سر۔ایم۔ویشویشوریا	-	(1918-1912)
سر مرزا اسماعیل	-	(1941-1926)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1. میسورو کے وڈیئر خاندان کا ابتدائی پایہ تخت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔
2. دوسری اینگلو میسور جنگ کے بعد انگریزوں نے ٹیپو سلطان کے ساتھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ معاہدہ کیا۔
3. شیر میسور کے نام سے مشہور ہونے والے شخص ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے۔
4. سوّم کرشنا راج وڈیئر کے دیوان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے۔
5. میسور ریاست میں منصف قانون ساز اسمبلی کا آغاز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں ہوا۔
6. گاندھی جی نے میسور ریاست کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہتے ہوئے تعریف کی۔
7. بھارت رتن کا خطاب پانے والے پہلے کنڑیگا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے۔
8. اِروِن نالے کو تعمیر کروانے والے دیوان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھے۔

II۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے۔

9. اٹھارہ کچہری کس نے قائم کی؟
10. دریا دولت باغ کہاں ہے؟
11. لال باغ کہاں ہے؟ اس کے بانی کون تھے؟
12. ٹیپو سلطان کی شہادت کے بعد میسور ریاست کس کے سپرد ہوئی؟
13. میسور ریاست میں کمشنروں کی حکمرانی کیوں رائج ہوئی؟
14. میسور ریاست کے اہم کمشنروں کے نام بتاؤ؟
15. پُنر دان سے کیا مراد ہے؟
16. عوامی نمائندہ مجلس کب شروع ہوئی؟

@KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

17. کنڑا ساہتیہ پریشد کہاں ہے؟ اور اس کی بنیاد کس نے رکھی؟

18. شاہی محل کا ستیہ گرہ کی قیادت کس نے کی؟

III۔ گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔

19. حیدر علی کے کارنامے کیا ہیں؟

20. میسور کی تیسری جنگ کے نتائج کیا ہیں؟

21. ٹیپو سلطان کے کارنامے کیا ہیں؟

22. نالوڈی کرشنا راج وڈیئر کے اہم کارناموں کی فہرست بناؤ؟

23. سریم وشویشوریا کے کارنامے کیا ہیں؟

IV۔ مندرجہ ذیل 'الف' سے تعلق رکھنے والے 'ب' کے نکات کو جوڑ لگاؤ۔

	الف		ب	
1.	چکا دیوراج وڈیئر	a)	راج رُشی	( )
2.	ٹیپو سلطان	b)	بھارت رتن	( )
3.	کرشنا راج وڈیئر چہارم	c)	نوا کوٹی نارائینا	( )
4.	سریم۔ وشویشوریا	d)	پہلے گورنر	( )
5.	جئے چامراج وڈیئر	e)	شیر میسور	( )

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

سرگرمیاں :

- نقشے میں ریاست میسور کے تاریخی مقامات کی نشاندہی کیجئے۔
- ٹیپو سلطان نے ہندوستان سے غیر ملکیوں کی حکومت کو ختم کرنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے؟ کیوں؟ بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔

...

7.2: کیلادی، چترد رگہ اور یلہنکا

کیلادی نائیک:

وجےنگر سلطنت کے ماتحت بہت سارے چھوٹے راجہ تھے۔ یہی نائیک یا پالیگار تھے۔ ان پالیگاروں کے قبضے میں جو علاقہ ہوتا تھا اس کو پالے پٹّو (عارضی اقتدار) کہتے تھے۔ ان نائیکوں میں کیلادی اور چترادرگہ کے نائیک مشہور ہیں۔ وجےنگر کے دور میں ضلع شیموگا میں کیلادی حکومت کی بنیاد قائم ہوئی۔ اور آگے چل کر وہ ایک آزاد حکومت بنی۔ کیلادی کے نائیک کرناٹک کے ساحلی اور ملناڈ کے علاقوں پر حکومت کرتے تھے۔

کیلادی حکومت میں کثیر مال و دولت کی فراوانی تھی۔ شیموگا، جنوبی کنڑا، اڈپی، کاسرگوڈو، کیرلا، کوڈاگو، کورگ، ہاسن، ٹمکور، چترادرگہ، دھارواڑ اور شمالی کنڑا کے اضلاع کیلادی حکومت کے ماتحت تھے۔

ہیِر یاوینکٹپّا نائیک:

ہیِر یاوینکٹپّا نائیک کیلادی راجاؤں میں سب سے مشہور ہے۔ اس کے دور میں کیلادی حکومت مکمل آزاد تھی۔ اس نے ساحلی علاقوں میں چندرگری تک فتح حاصل کی تھی۔ اُلّال کی رانی ابکّا کی مدد سے پرتگالیوں کو منگلور میں شکست دی۔ وجےپور کے عادل شاہی فوج کو شکست دے کر ہانگل میں' وجےِ استھمب' (فتح کا ستون) قائم کیا۔ تمام مذاہب کی ہمت افزائی کی۔



شیوپّا نائیک

شیوپّا نائیک:

شیوپّا نائیک کیلادی کا مشہور راجہ تھا۔ یہ ساحلی علاقوں میں پرتگالیوں کے قلعوں کو اپنی قبضے میں لے کر 'پڑوگڑالوڈیا' (مغربی ساحل کا مالک) کہلایا۔ ریاست کی حفاظت کے لئے بیکل، چندرگیری (کیرلا)، منگلور اور دیگر مقامات پر مضبوط قلعہ تعمیر کروائے۔ شیوپّا نائیک مذہب کا پابند تھا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تجارتی ترقی کے لئے گوا کے تاجروں کو اپنی ریاست میں قیام کرنے کے لئے سہولت فراہم کئے۔ گوا کے عیسائی زراعت میں ماہر تھے۔ اس لئے انہیں اپنی ریاست میں ہجرت کر کے آنے پر زمین اور تحفے دے کر کے ہمت افزائی کی۔ اس نے حکم دیا کہ اس سلطنت میں صرف پادری ہی مقامی ہوں۔



شیوپّا نائیک کا محل، شیموگہ

شیوپّا نائیک کا سستو :

شیوپّا نائیک سے مقرر کئے گئے محصول (ٹیکس) کے طریقے کو سستو کہا گیا ہے۔ اس اصول کے تحت زمینی محصول مقرر کرنے کے لئے زمین کی زرخیزی اور آبپاشی کی بناء پر الگ کیا جاتا تھا۔ فصل کا 1/3 حصہ محصول (ٹیکس) کی شکل میں جمع کیا جاتا تھا۔ اس طرح محصول کے منظم طریقے کو 'شیوپّا نائیک کا سستو' کہتے ہیں۔ یہ سستو ملناڈ کی ترقی کا ذریعہ بنا۔



اگھوریشور مندر، کیلادی

© TEXT BOOK NOT TO BE REPUBLISHED

رانی چنّما جی:

شیوپّا نائیک کے بعد ان کی بہو رانی چنّما جی نے حکومت کی۔ انھوں نے مغل فوج کو واپس بھگا کر شیواجی کے بیٹے چھترپتی راجہ رام کی حفاظت کی۔ کرناٹک کی شجاعت وقربانی کی مثال بنی چنّما میسور کی فوج کے ساتھ بھی مقابلہ کیا۔ کیلادی راجاؤں نے منادر، اگرہار اور مٹھوں کو قائم کیا۔ کیلادی کا اگھوریشور مندر فن سنگ تراشی کے لئے مشہور ہے۔ مٹھ طعام وتعلیم کا مرکز تھے۔ تمام مذاہب کو بے حساب اوقاف و مالی امداد کی۔ رانی چنّما نے عیسائی عبادت گاہ کے لئے منگلور میں زمین عطیہ میں دی۔

میسور کے ساتھ ساتھ مسلسل مقابلے اور اندرونی جنگوں کی وجہ سے کیلادی حکومت کمزور ہوگئی۔ آخر کار حیدر علی نے کیلادی سلطنت کو اپنے قبضے میں لے لیا۔

چترادرگہ کے نائیک:

میسور اور کیلادی کے راجاؤں کے بعد چترادرگہ کے نائیکوں کو کرناٹک کی تاریخ میں اونچا مقام حاصل ہے۔ انہوں نے 16 سے 18 رویں صدی تک پالیگاروں کی حکومت کی۔

مدیکری نائیک:

یہ چترادرگہ کے نائیکوں میں سب سے بہادر اور مشہور تھا۔ صرف 12 سال کی عمر میں تخت نشین ہوا اور مدیکری نائیک نے حیدر علی کی کئی جنگوں میں مدد کی۔ مگر مدیکری نائیک کی شجاعت سے واقف حیدر علی کو دل ہی دل میں عداوت تھی۔ اس لئے وہ اس پر گرفت رکھنا چاہتے تھے۔ اس لئے سات دیواری قلعہ کو گھیر لیا۔ اس قلعے پر قبضہ کرنا آسان بات نہیں تھی۔ حیدر علی کے فوجیوں نے مخفی راستوں کی کھوج کر کے پہرے دار کی غیر موجودگی میں قلعہ کے خفیہ سُرنگ سے اندر آنے کی کوشش کی۔ اس وقت پہرے دار کی بیوی 'اوبّوا' نے مُسّل سے کئی دشمنوں کو ہلاک کر دیا۔ آج بھی چترادرگہ کے قلعہ کے مغرب میں اس بہادر عورت اوبّوا نا کنڈی موجود ہے۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



چترادرگہ کا قلعہ



اونکے اوبّوا

شکست قبول نہ کرتے ہوئے حیدرعلی نے چترادرگہ پر دوبارہ حملہ کیا۔ جنگ میں مدیکری نائیک کو شکست ہوئی۔ مدیکری کو قید کرکے بعد میں قتل کر دیا گیا۔ مدیکری کے انتقال کے بعد چترادرگہ کے نائیک خاندان کا خاتمہ ہوا۔

چترادرگہ خوبصورت پہاڑی شہر ہوتے ہوئے اپنے اطراف سات قلعی دیواروں سے بنا ہوا ہے۔ ان کے اندرونی حصوں میں منادر اور تالاب ہیں۔ چترادرگہ کے نائیک نے کئی منادر تعمیر کروائے۔ بھرماساگر اور بھیما سمدر آبی ذخائر ان کی دین ہے۔ اپنی شجاعت اور بہادری کے لئے چترادرگہ کے نائیک مشہور ہیں۔ چترادرگہ کے نائیکوں پر بھرپور لوک ادب موجود ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

یلہنکا کے ناڑ پربھو (یلہنکا کے صوبائی حکمران):



کیمپے گوڈا اوّل

کیمپے گوڈا خاندان کے مشہور یلہنکا ناڑ پربھو جدید بنگلور کے معمار ہیں۔ وہ وجئے نگر کے پالیگر تھے۔ 16ویں تا 18ویں صدی انہوں نے بنگلورو ضلع کے بیشتر حصوں پر حکومت کی۔ بنگلوروان کا دارالحکومت تھا۔ بعد میں انہوں نے اسے ماگڑی منتقل کر دیا۔

کیمپے گوڈا اوّل: کیمپے گوڈا اوّل بنگلور شہر کے بانی کے طور پر مشہور ہوئے۔

انھوں نے بنگلور میں قلعہ تعمیر کروایا اور وہاں سے حکومت کرنے لگے۔ بنگلور کا بسونا گوڑی کا بسوا مندر ہلسور کا سومیشور مندر کی تعمیر اور گوی گنگا دھریشور مندر کی توسیع ان کے اہم کارنامے ہیں۔ بنگلور میں کئی تالابوں کی تعمیر کا سہرا انہی کے سر جاتا ہے۔

کیمپے گوڈا اوّل کے تعمیر شدہ چار اہم تالاب: کیمپمبو دھی تالاب، دھرمبو دھی تالاب، ہلسور تالاب اور سمپنگی تالاب۔

کیمپے گوڈا اوّل نے بہت سے مسافر خانے اور اگرہاروں کو تعمیر کروایا تھا۔ ایماندار ہونے کی وجہ سے اس کا 'پرجاوتسلا' لقب تھا۔

کیمپے گوڈا دوّم :



چوکیدار گنبد

یہ کیمپے گوڈا اوّل کا بیٹا تھا۔ کیمپے گوڈا خاندان نے 'ماگڑی' کو اپنا پایہ تخت بنا کر حکومت کی۔ اس طرح اس خاندان کے راجاؤں کو ماگڑی کیمپے گوڈا کہا جاتا ہے۔ کیمپے گوڈا دوّم نے بنگلور کے حدود مقرر کر کے 'چار چوکیدار گنبد' (watch tower) بنوائے۔ ان کے دور میں بنگلور جولاہی کا بڑا مرکز بنا۔

اپنے باپ کی طرح انہوں نے بھی نئے دیہات، منادر اور تالابوں کو تعمیر کروایا۔ آگے چل کر یلہنکا علاقائی حکمرانوں کی حکومت میسور سلطنت میں ضم ہوگئی۔

7.3: کوڈاگو، کتّور تُلو ناڈو اور حیدرآباد-کرناٹک

کوڈگو: مغربی گھاٹ کی وادیوں میں ضلع کورگ واقع ہے۔ یہاں کے لوگوں کی زبان 'کوڑوا' اور 'ارے بھاسے' ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



تل کاویری

کرناٹک کے لوگوں کی جیوندی کہلانے والی دریا کاویری ہے۔تلا کاویری، کاویری ندی کا منبع کوڈگو میں ہے۔تل کاویری کو لاکھوں لوگ عقیدت کے ساتھ پوجتے ہیں۔کورگ جنگلات کی دولت سے مالا مال ہے۔ناگرہولے نیشنل پارک اسی علاقے میں موجود ہے۔

ہالیری خاندان:

ہالیری خاندان کورگ پر حکومت کرنے والے اہم حکمران تھے۔17ویں صدی میں ویرا راجا نے اس حکومت کو قائم کیا۔ اس کے بعد مدّو راجا نے ،مدّو راجا کیری شہر کو بنایا اور اسے اپنی راجدھانی بنایا۔ مدّوراجا کیری آگے چل کر مڈکیری بنا۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



مڈکیری کا قلعہ

18 رویں صدی کے آخری وقفے میں حیدر علی اور ٹیپو سلطان نے کورگ پر حکومت کی۔ اس وقت کورگ کے راجا ویر راجا ٹیپو سلطان کا قیدی تھا۔ آگے ٹیپو سلطان کی قید سے فرار ہو کر ویر راجا نے انگریزوں کی مدد سے کورگ پر قبضہ جمایا۔ ٹیپو سلطان کی موت کے بعد انگریز اور کورگ کے حکمران دوست بن گئے۔

کوڈگو اور انگریز:

مختصر سے وقفے کے بعد (1834) میں کورگ کو انگریزوں نے اپنے قبضے میں کر لیا۔ کورگ کا آخری حکمران چکا ویر راجیند را کو جلا وطن کر کے انگریز کورگ پر راست حکومت کرنے لگے۔ کورگ کو دو حصے بنا کر کورگ کے حصے امرسولیہ کو کینر اضلع میں شامل کیا۔

امرسولیہ جدوجہد :

کینر اضلع میں انگریزوں نے کسانوں کے محصول کو بڑھا دیا۔ تب کسانوں نے انگریزوں کے خلاف بغاوت شروع کر دی۔ وہاں کے کسانوں نے انگریزوں کو کورگ سے بھگانے کی قسم کھائی۔ اس جدوجہد کو

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

1837ع.ع کی 'امرسولیہ جدوجہد' کہا جاتا ہے۔ باغیوں نے سولیا، پتور، کاسرگوڑ اور منگلور کو 13 دن قبضے میں لیا۔ لیکن انگریز اس جدوجہد کو کچلنے میں کامیاب ہوئے اور کئی باغیوں کو قید کر کے پھانسی پر لٹکا دیا۔ جدوجہد کے اہم رہنما پٹّابسپّا، کلیان سوامی اور گڈے منے ایپّا گوڈا تھے۔



گڈے منے ایپّا گوڈا - کانسہ کا مجسمہ- مڈکیری

کوڈگو میں آزادی کی جدوجہد:

آزادی کی جدوجہد کے دوران کوڈگو میں آزادی کے شیدائی بھی شریک رہے۔ آزادی کے بعد کورگ میں چند دنوں کے لئے آزاد حکومت رہی۔ 1956ع.ع میں کورگ کو کرناٹک میں شامل کیا گیا۔

کوڈگو کی دو اہم شخصیات:

کوڈگو کے نام کو عالمی شہرت یافتہ بنانے میں فیلڈ مارشل کے۔ایم۔کریپّا اہم تھے۔ یہ انگریز دور کے ہندوستان کے پہلے فوجی جنرل تھے۔ آزاد ہندوستان کی بری فوج، فضائی فوج، بحری فوج کے پہلے کمانڈر تھے۔ کریپّا کی دلیری، بہادری اور انتظامیہ میں شہرت پانے کی وجہ سے ان کو فیلڈ مارشل کا اعلیٰ عہدہ دیا گیا۔



جنرل کے۔یس۔تمیّا



فیلڈ مارشل کے۔یم۔کریپّا

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کوڈگو کے ایک اور عظیم محب وطن جنرل کے۔ایس۔تمیّا وہ ہندوستان اور پاکستان کی جنگ میں ہندوستان کی فتح کا باعث بنے۔ یہ دونوں بہادر کوڈگو کی آنکھوں کے تارے کے نام سے مشہور ہیں۔فوجی طاقت سے پہچانے جانے والا کوڈگو کھیلوں، مہم جوئی، لوک داستانوں اور قدرتی خوبصورتی کے لئے بھی جانا جاتا ہے۔

کتّور:

بیلاگاوی ضلع میں تقریبا دوصدیوں پہلے کِتّور نامی ایک مؤثر اور طاقتور حکومت تھی۔ جو زراعت اور تجارت کے لئے مشہور تھی۔

رانی چنّما:



بہادر رانی کتور چنمّا کا کانسہ کا مجسمہ

بہادر اور دلیر کہلانے والی کتور رانی چنّما راجہ ملّا سرجا دیسائی کی چھوٹی بیوی تھی۔ملّا سرجا اور اس کا جانشین بننے والا بیٹا فوت ہوگیا۔چنّما شولنگا سرجا کو گود لے کر حکومت کرنے لگی۔ دھارواڑ کے کلیکٹر تھیا کرے نے اس کو بہانہ بنا کر یہ سفارش کی کہ گود لینے کا اقدام ٹھیک نہیں ہے۔ اس لئے کِتّور کی حکومت برٹش حکومت کے حوالے کی جائے۔چنّما کو اس بات کا پتہ چلا تو وہ آگ بگولہ ہوگئیں۔انگریزوں کی کِتّور کو کچلنے کی اس پالیسی کے خلاف آواز بلند کی۔ ملکی آزادی کے لئے جدوجہد کی ٹھانی۔ دھارواڑ کے کلیکٹر تھیارکرے نے اپنے 500 سپاہیوں سے کِتّور پر حملہ کیا اور گھمسان لڑائی ہوئی۔

چنّما اپنی فوج کے ساتھ انگریزوں کے خلاف جانبازی سے لڑتی رہیں اور انگریزی فوج کو تہس نہس کر دیا اور تھیا کرے بھی گولی کا شکار ہو گیا۔ پھر دوبارہ انگریزوں نے اپنی فوج کو کِتّور روانہ کیا کِتّور کی فوج بہت چھوٹی تھی۔جس کے صرف 6 ہزار

© KSEEBSCERT NOT TO BE REPUBLISHED

سپاہی تھے اور انگریزوں کی ایک عظیم فوج تھی۔ تین دنوں تک جنگ جاری رہی چنّما کی فوج ہار گئی۔ چنّما کو قید کر کے بیل ہونگل نامی قید خانے میں بند کر دیا۔ اس طرح رانی چنّما نے پانچ سال قید میں رہ کر بھی اپنے ہمنواؤں کے لئے پیغامات بھیج کر آزادی کے لئے اُکساتی رہیں۔

چنّما کو یہ شہرت حاصل ہے کہ انگریزی حکومت کے خلاف آواز بلند کرنے والی پہلی ہندوستانی خاتون ہے۔ یہ آزادی کی جدوجہد میں روشن ستارے کی مانند چمک رہی ہیں۔ ان کی یاد میں آج بھی داستانی گیت (لاوَنی) گائے جاتے ہیں۔


سنگولی رائینّا

سنگولی رائینا:

سنگولی رائینا کِتّور چنما کا وفادار نوکر تھا۔ جس نے آزادی کے لئے لوگوں کے درمیان رہ کر اپنی تلوار اٹھائی چنّما کو قید کرنے کے بعد اس نے کتّور کے لوگوں کی قیادت کرتے ہوئے فوج تیار کی۔ انگریزوں کے دفتر جلا دیئے اور ان کے خزانوں کو لوٹ لیا۔ یہ گوریلا جنگ بازی میں بہت ماہر تھا۔ اس نے انگریزوں کی نیند حرام کر دی تھی۔ انگریز راست اس کو ختم کرنے کا ارادہ نہیں رکھتے تھے اور اس کو کسی بھی ترکیب سے شکست دینے کی سوچتے تھے۔

پیسوں کی لالچ میں آکر چند غداروں نے دھوکے سے رائینا کو گرفتار کروایا۔ اس کے ساتھ اس کے چھ (6) ساتھیوں کو بھی پھانسی پر لٹکا دیا۔ آخری ملاقات کے لئے آئی ہوئی اس کی ماں کنچوّا کی قدم بوسی کے ذریعے اس کی دعائے خیر لیتے ہوئے خوشی خوشی پھانسی پر چڑھ گیا۔ جس کو نند گڑھ میں اس کے ساتھیوں کے ساتھ دفنایا گیا اور اس کے حامی بغاوت کو آگے بڑھائے۔

سنگولی رائینا کی قبر پر اس کی یاد میں بچوگتی چنّابسیّا نامی اس کے حامی نے ایک برگد کا درخت اگایا۔ کئی سالوں تک بچوگتی چنّابسیّا بیراگی بن کر وہیں پر رہ گیا۔ وہ برگد کا درخت آج بھی موجود ہے۔ سنگولی رائینا کے بعد اسی طرح کئی شیدائیوں نے کتور کے لوگوں کی آزادی کی جدوجہد کرنے میں قیادت کی۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تلوناڈو:

قدیم زمانے میں کرناٹک کے ساحلی علاقے (آج کا جنوبی کینرا اور اڈپی ضلع) کو تلوناڈو کہا جاتا تھا۔ پرانوں میں اس علاقے کو پرشورام کا علاقہ کہتے ہیں۔ یہاں کے کثیر لوگوں کی زبان 'تُلو' ہے۔ تُلوناڈو میں 'کنڑا' کے علاوہ 'کونکنی' اور 'بیاری' زبانیں بھی اکثر لوگ بولتے ہیں۔

تاریخ میں کدمبا، آلوپا، ہوئیسلہ، وجے نگر وغیرہ حکمرانوں نے تلوناڈو پر حکومت کی۔ آلوپا خاندان کے حکمران کئی سالوں تک تلوناڈو پر حکومت کرتے رہے۔ ادھیاور (اُدے پور)، منگلور (منگلور پور) بارکور وغیرہ تلور یاست کی راجدھانی تھی۔

چوٹا خاندان کی اُلال رانی 'ابّکا' نے (16 ویں صدی) پرتگالیوں کے خلاف جدوجہد کر کے ان کو شکست دی تھی۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مذہب:

تلو علاقے کے حکمرانوں میں زیادہ تر جین مذہب کے ماننے والے تھے۔ یہاں پر جین، بدھ، ویر شیوا، ناتھ پنت، اسلام، عیسائیت اور کئی مذاہب کے لوگ بستے ہیں۔ ناگارادھنے (ناگ پوجا) اور بھوتارادھنے تلوناڈو کے اہم پرستی فرقے ہیں۔

ناگا منڈل ایک وسیع ناگا فرقہ ہے۔ اورناگا اور بھوتا کو کولا اور نیما کے طور پر پوجا جاتا ہے۔

دوئیت:

دوئیت فلسفے کے بانی مدھوا چاریا کا تعلق تلوناڈو سے ہے۔ منگلور کے کدری منجوناتھا مندر تلوناڈو کا قدیم مندر ہے۔

- تلوناڈو میں عیسائیوں نے کئی تعلیمی مراکز قائم کئے۔ منگلوروں میں پرنٹنگ پریس کا آغاز کیا۔ فرڈی ناند کیٹیل کی تشکیل کی ہوئی کنڑ الغت بیاسل مشن پریس سے شائع ہوئی۔

- جرمنی کے میئر نے تلولغت مرتب کی۔شروع شروع میں غیر ملکیوں نے تلوناڈو میں عیسائیت کی تبلیغ کی۔آگے چل کر ہندوستانیوں نے ہی اس کام کوانجام دیا۔کئی خوبصورت گرجا گھر یہاں ہیں۔
- قدیم زمانے سے ہی عربوں کے ساتھ تلوناڈو کے تجارتی تعلقات تھے۔جس کی وجہ سے مذہب اسلام کی تبلیغ ہوئی۔مسلمانوں نے عبادت کے لئے مسجدیں بھی بنائی تھیں۔

فن تعمیر:

کدری منجوناتھ مندر میں اولوکیشور کا خوبصورت اور بہت بڑا کانسے کا مجسمہ ہے۔یہ تقریباً ایک ہزار سال قدیم ہے۔موڑ بدرے کے ہزار ستونوں والا خانقاہ (بسدی) کارکالا، وینور اور دھرمستھلا میں موجود گومٹیشور کی مورتیاں جین مذہب کی ثقافتی نشانیاں ہیں۔کوٹی چنیہ جیسے مشہور دیوتاؤں کی گاروڈی یہاں دیکھی جاسکتی ہے۔



ہزار ستونوں والا خانقاہ ،موڑ بدرے



اولوکیتشورا،منگلورو



یکشگان

لوک داستان: کمبولا (کمبل) کولی انک چننے وغیرہ تلوناڈو کے چند لوک کھیل ہیں۔یکشگان اور تلمنڈل یہاں کے مشہور قدیم فنون ہیں۔

انگریزی انتظام: 19 ویں صدی کی شروعات میں کرناٹک کے ساحلی علاقوں میں انگریز حکومت کرتے تھے۔اس وقت ساحلی علاقے کو کنرا ضلع کہتے تھے۔آگے چل کر کینرا ضلع کو دو اضلاع میں بانٹ دیا گیا۔


© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

شمالی علاقے کوشمالی کینرا اور جنوبی علاقے کو جنوبی کینرا ضلع کا نام دیا گیا۔

آزادی کی جدوجہد:

تلوناڈو کی جدوجہد آزادی میں کارناڑ وسدا شیوراؤ اور اتاوریلپّا بہت مخصوص تھے۔

- حب الوطن کے نام سے مشہور کارناڈ وسدا شیوراؤ کی ہریجنوں کے لئے خدمات کو بھلایا نہیں جاسکتا پچھڑے طبقے کے کئی بچوں کو وہ اپنے گھر میں کھانا کھلاتے تھے اور دیش کے لئے ان کی قربانیاں بہت ہی عظیم ہیں۔
- اتاوریلپّا جی، سبھاش چندر بوس کی بنائی ہوئی آزاد ہند فوج کے ایک اہم وزیر تھے۔ نیتا جی سبھاش چندر بوس کے ساتھ تقریباً 15 سالوں کے لئے یہ فوجی سپہ سالار بھی تھے۔
- چھوت چھات کے خلاف تحریک، پچھڑے طبقے کے لڑکیوں کی تعلیم وغیرہ جیسے فلاحی کام انجام دینے میں کُدمل رنگاراؤ آگے تھے۔ مہاتما گاندھی جی جب منگلور آئے تو اس وقت ان کی کاروائیوں کو بہت پسند کیا تھا۔



کُدمل رنگاراؤ



اتاوریلپّا



کارناڑ سدا شیوراؤ

- تلوناڈو نے بینکنگ کے میدان میں ایک ریکارڈ قائم کیا ہے۔ آزادی سے پہلے یہاں کینرا، کارپوریشن، سنڈیکیٹ، کرناٹک اور وجیا بینک قائم کئے گئے تھے۔ ملک کے طول وعرض میں پھیلے ہوئے ان مشہور بینکوں کی ہزاروں شاخوں نے ہندوستان کی اقتصادی ترقی میں خصوصی خدمات انجام دیئے ہیں اور

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

لاکھوں لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کئے ہیں۔

1956ع.ع میں شمالی اور جنوبی کینرا اضلاع کو ریاست کرناٹک میں ضم کر دیا گیا (اس سے پہلے جنوبی کینرا ضلع مدراس پریسیڈنسی کے ماتحت تھا)۔ جنوبی کینرا ضلع کو تقسیم کر کے اڈپی ضلع (1997ع.ع) بنایا گیا۔

حیدرآباد-کرناٹک

بیڑا نائیکوں کی بغاوتیں:

وجئے نگر حکومت کے زوال کے بعد حیدرآباد کرناٹک (اب یہ کلیان کرناٹک کے نام سے جانا جاتا ہے) میں بیڑا نائیک پالیگاروں کی حکومت تھی۔ وہ بہت جدوجہد کے حامی تھے۔ اور 1800ع.ع کے بعد بیڑا نائیکوں نے انگریزوں کے خلاف لاتعداد بغاوتیں کیں۔

اسباب : مقامی زمینداروں کا ظلم، انگریزوں کی قابضانہ پالیسی، انگریزوں کی جاری کردہ جنگلات اور اسلحہ کے قوانین اور زبردستی جیسے جارحانہ امور سے مقامی حکمران اور پالیگار جدوجہد پر اتر آئے۔ 1800 میں 25 سے بھی زائد بغاوتوں میں بیڑا سرداروں نے حصہ لیا۔ ان بغاوتوں کا مقصد صرف انگریزوں کو باہر نکالنا تھا۔

ہلگلی کے بیڑا نائیک کی بغاوت:

ہلگلی باگل کوٹ ضلع کے مدھول تعلقہ کا ایک دیہات ہے۔ یہ دیہات آج بھی پہلوانیت میں مشہور ہے۔ ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں اس دیہات کا نام مشہور ہوا ہے۔ وہاں کے زیادہ تر لوگ بیڑا نائیک تھے۔ شکار اور تحفظ کے لئے ان کے پاس بے شمار ہتھیار تھے۔

1857ع.ع کے جاری کردہ انگریزی حکومت کے 'ہتھیاروں کے قانون' (آرمس ایکٹ) کے مطابق حکومت کی اجازت کے بغیر ہتھیار کا رکھنا جرم تھا۔ بیڑا نائیکوں کے لئے یہ بہت ہی پیچیدہ مسئلہ پیدا ہوا اور اسی سبب سے انگریزوں نے بیڑا نائیکوں پر حملہ کیا۔ جڑگا-بالا-رامی وغیرہ بغاوتوں میں بیڑا نائیکوں نے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بہادری کا مظاہرہ کیا۔اس حملے میں کئی بہادروں نے اپنی جان گنوادی۔290 لوگوں کو قید کرلیا گیا اور ان میں سے 19 بہادروں کو پھانسی پر لٹکا دیا گیا۔ یہ ہلگلی بیڑا نائیک جدوجہد کہلاتی ہے۔اور یہ آزادی کے لئے کرناٹک کی تاریخ میں ایک اہم باب بن گیا۔

رامی: ہلگلی بغاوت میں انگریزوں کے تین فوجی افسروں کو بندوق کی گولی سے قتل کرنے والی بہادر خاتون رامی تھی۔اسی بغاوت میں رامی کا بھی قتل ہوا۔

ہلگلی بیڑا نائیکوں پر لکھے گئے داستانی گیتوں کی ابتدائی سطریں اس طرح ہیں:

ہلگلی کے بیڑے شیروں سے زیادہ بہادر ہیں
جو بے حرکت کھڑے رہے اور لڑتے لڑتے مر گئے
قبیلے کی شان بڑھا کر چلے گئے۔

سندھور لکشمن: سندھور لکشمن بھی انگریزوں کے خلاف جدوجہد کرنے والے بہادر مجاہد تھے۔


لکشمن کی پیدائش سانگلی ضلع کے جت تعلقے میں سندھور نامی ایک قریہ میں بیڑا صابو اور نرسوّا نامی جوڑے کے ہاں ہوئی۔ان کی قبر بلاگی میں ہے۔

سندھور دیہات میں انعامدار (گوڈا) کی حکومت سے لوگ تنگ آچکے تھے۔اس لئے لکشمن نے ان کے خلاف بغاوت شروع کی اور آگے چل کر اس نے انگریزوں کی مخالفت کی۔

لکشمن انگریزوں اور مالداروں کے خزانے لوٹ کر اس سے ملی رقم کو غریبوں میں بانٹ دیا کرتا تھا۔ اور سماجی رہنما بن کر مظلوموں کی خدمت کرتا تھا۔گاؤں کی پنچایت میں لوٹ مار اور چوری کے متعلق لکشمن کی بے عزتی کی گئی تو اسے بہت برا لگا۔اور وہ انگریزوں کی چنگل سے فرار ہو گیا اور پولیس افسر کو بھی قتل کر دیا۔ انگریز لکشمن کے پیچھے پڑ گئے اور اس کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔آزادی کی جدوجہد میں ایک باغی بن کر بغاوت کرتے ہوئے شہادت پانے والے سندھور لکشمن کا تاریخ میں اعلیٰ مقام ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سُرپور کے نائیک:



سورپور کے راجا ویکٹپا نائیک

ضلع یادگیری کا سُرپور کرشنا اور بھیما ندی کے درمیان میں واقع ہے۔ یہاں 1636 تا 1858ع.ع. تک 12 مشہور نائیک راجاؤں نے حکومت کی ہے۔ 'گڈی پڈا نائیک' اس خاندان کا بانی ہے۔ ان کے آباواجداد وجئے نگر کی فوج میں تھے۔ وجئے نگر سلطنت کے زوال کے بعد الگ الگ مقامات پر بکھرے خاندانوں میں یہ ایک ہیں۔ بیجاپور کے شاہی عادل شاہ کے تحت واگینا گری میں اپنی حکمرانی شروع کی۔ پیتامبری بہری پڈا نائیک (1687-1726ع.ع.) نے 1707 میں سُرپور کو تعمیر کرتے ہوئے اس کو اپنا پایہ تخت بنالیا۔

بعد میں انگریز اور حیدرآباد کے نظام کے معاہدہ کے تحت یہ سلطنت انہی کے ماتحت ہوئی۔ راجا کرشنپّا نائیک کے بعد اس کا بیٹا وینکٹپّا نائیک چہارم (1858 - 1843ع.ع) حکمران بنا۔ اسی دوران شمالی ہندوستان میں پہلی جنگ آزادی کی تحریک 1857ع.ع میں شروع ہوچکی تھی۔ اس کا اثر سُرپور پر بھی پڑا وینکٹپّا نائیک چہارم جنوبی ہندوستان کے تمام راجاؤں کو اکٹھا کرکے انگریزوں کے خلاف جنگ کا اعلان کرنے کی کوششوں میں تھا۔ عرب اور روہیلاؤں کو اپنی فوج میں بھرتی کرلیا۔ اس کے علاوہ فوج کو جنگی تربیت دینا شروع کیا۔ یہ تمام جانکاری حاصل کرنے کے بعد انگریز افسر تھارن ہل نے 24 دسمبر 1857ع.ع کو کیپٹن کیامبل کو خط کے ذریعے فوراً کاروائی کرنے کا حکم دیا۔

انگریز فوج نے 1858ع.ع میں سُرپور پر حملہ کردیا۔ دونوں فوجوں کے درمیان گولیوں کی برسات ہوئی۔ طیش میں آکر سُرپور کے سپاہیوں نے اسٹوآرٹن کی ہڈیاں توڑ ڈالیں۔ نیو بیری زمین پر ڈھیر ہوگیا۔ اُدھر وینکٹپّا نائیک چہارم نے مخصوص عرب اور روہیلہ فوج کو لانے کے لئے حیدرآباد کی طرف رخ کیا۔ ادھر انگریز فوج سُرپور میں داخل ہوگئی اور سُرپور ختم ہوگیا۔ حیدرآباد میں گھوم رہے وینکٹپّا نائیک چہارم کو ونا پرتی کے

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

راجہ نے دیکھ لیا۔ یہ خبر پاتے ہی حیدرآباد نظام کے وزیراعظم سالار جنگ نے لالچ میں آکر وینکٹپّا نائیک کو انگریزوں کے حوالے کیا۔ انگریزوں نے وینکٹپّا نائیک کو سکندرآباد میں قید کر کے رکھا۔ اس کے خلاف تحقیقات شروع کیں پھر سزائے موت دینے کا ڈرامہ رچا۔

انگریز میڈوز ٹیلر کی درخواست پر گورنر جنرل نے راجا کو سزائے موت کے بدلے چار سال کے لئے گڑی پار کی سزا سنائی۔ راجا کو مدراس کے قریب جنگل پیٹ درگا کو منتقل کرنے کے دوران راستے میں تھوڑی دیر آرام کے لئے ٹھہرے۔ وہاں وینکٹپّا نائیک چہارم کو گولی کا شکار بنا کر قتل کر دیا۔ پھر افواہ پھیلائی کے راجا نے خودکشی کر لی۔ بعد میں انگریزوں نے سُرپور کو تحفے کے طور پر نظام کے حوالے کیا۔ آگے جتنے بھی حکمران آئے وہ سب نظام کے ماتحت ہی رہے۔ آخر کار 17 ستمبر 1948ع.ع کو جب نظام سلطنت ہندوستان میں متحد ہوئی تو سُرپور بھی شامل ہو گیا۔

سُرپور کے نائیکوں کی سیاسی تاریخ کی طرح ہی تہذیب وتمدن کے لئے یہ آج بھی بہت سی خدمات انجام دیئے ہیں۔ یہ عوام کی فلاح و بہبودی کے لئے بہت سارے کام کئے۔ اس لئے یہ آج بھی عوام کے دلوں میں بسے ہیں۔ انہوں نے تالاب، کنویں، منادر، محلوں اور قلعوں کو تعمیر کروایا۔ بہت سے لوگوں کو جاگیریں دیں۔ ان کے خاندانی دیوتا ترو پتی کے وینکٹا رامنا اور گوپال سوامی مندروں میں روزانہ کی پوجا پاٹ اور جلسوں کے لئے جاگیر اور زمین انعام میں عطیہ کے طور پر دیئے ہیں۔ ان کے دربار میں کئی فنکار، گلوکار، مصور، سنگ تراش، ادباء موجود تھے۔ اس دور میں بہت سے انمول تصانیف منظر عام پر آئے۔ یہ تمام مذاہب کا احترام کرتے تھے۔

مصوری میں سُرپور کے شاہی خاندان کو اعلیٰ مقام حاصل ہے۔ وہاں کے تصاویر کی بناوٹ اور ساخت اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔ اب میسور کی روایتی تخلیقات وجے نگر کے تصاویر کا طرز، بیجاپور کے عادل شاہی گھرانوں سے بنی تخلیقات سے سرپور کے نائیک راجاؤں کی تخلیقات اپنے آپ میں ایک الگ مقام رکھتے ہیں۔

لندن کے تخلیقاتی ذخیرہ گھر (art exhibition) انگلینڈ کے مختلف شہروں، دہلی، ممبئی، حیدرآباد

@KTRS NOT TO BE REPUBLISHED

کے آثار قدیمہ میوزیم گھر اور سالار جنگ میوزیم میں ایسی فنی تخلیقات دیکھ سکتے ہیں۔

حیدرآباد- کرناٹک کی جدوجہد

حیدرآباد کرناٹک کی جدوجہد ایک اور نااہل حکمران کے خلاف لوگوں کی بغاوت تھی۔ جو کرناٹک کی تاریخ کا اہم باب تھا۔اس کی ایثار وقربانیوں کے شواہد موجود ہیں۔


ہمارے ملک میں پہلے 562 چھوٹی چھوٹی ریاستیں انگریزوں کے ماتحت تھی اور ان ریاستوں میں حیدرآباد بھی ایک اہم ریاست تھی۔

جدوجہد کا پس منظر:

حیدرآباد کی حکومت میں ہندو مذہب کے لوگوں کی حالت لاچار تھی اور وہ آزادانہ طریقے سے مذہبی تہواروں کو منا نہیں سکتے تھے۔حکومت میں تعلیم کا کوئی انتظام نہیں تھا۔اس حکومت میں سب اُردو زبان کے جاننے والے تھے۔کنڑ ازبان وادب کے لئے کچھ خاص مقام نہیں تھا۔نظام نے' کالاگپتی' کے نام سے 53 اصول قائم کئے۔جس سے عام لوگوں کی آزادی کو دھکا لگا۔

جدوجہد کی رفتار:

آزادی کی اس جدوجہد کا مشہور رہنما سوامی رامانند تیرتھ تھا۔اس نے حیدرآباد حکومت کی بدعنوانیوں کا پرچار کیا۔ ہر طرف اہنسا اور ستیہ گرہ کا پرچار کیا اور ستیہ گرہ بھی چلائی۔جدوجہد کا ایک اور رہنما ہرڈیکر منجپّا تھا۔ ہرڈیکر منجپّا کو' کرناٹک کا گاندھی' کہا جاتا ہے۔اس نے شراب نوشی، چھوت چھات کا خاتمہ وغیرہ جیسی سماجی تحریکوں کو عوام میں مقبول کیا۔



ہرڈیکر منجپّا



سوامی رامانند تیرتھ

© DTEE NOT TO BE REPUBLISHED

وندے ماترم تحریک : اسی دوران حکومت نے وندے ماترم کے گانے پر پابندی لگا دی۔ اس کے خلاف جدوجہد کرنے والا نائیک رام چندرراؤ تھا۔ یہ 'وندے ماترم رام چندرراؤ' کے نام سے ہی مشہور ہیں۔ وندے ماترم گانے والے سینکڑوں لوگوں کو قید کرلیا گیا۔

ریاست حیدرآباد میں کانگریس پر پابندی عائد تھی۔ اس کی وجہ حیدرآباد کو آزاد بھارت میں شریک ہونے کے لئے ڈالا جانے والا دباؤ تھا۔ 15 اگست 1947ع۔ع کو لوگوں نے حیدرآباد میں بھی جھنڈا لہرانے کا فیصلہ کیا۔ نظام سرکار نے لوگوں پر اور زیادہ پابندیاں عائد کیں۔ اسی دوران رضا کاروں نے قتل و غارت گری شروع کی، جس کو نظام کی پشت پناہی حاصل تھی۔ اس وقت ہر طرف وندے ماترم کی گونج سنائی دیتی تھی۔



شرن گوڑا انعامدار

شرن گوڑا انعامدار : حیدرآباد کی آزادی کی پوشیدہ کاروائی کے ذریعے متحد کرنے والا نوجوان شرن گوڑا انعامدار تھا۔ ان کے متحد کردہ نوجوان گروہ، رضا کاروں پر بجلی کی طرح برسے۔ جس کی وجہ سے کئی گاؤں رضا کاروں کے ظلم سے بچ گئے اور ظلم ستم سے بچنے والے تمام لوگوں نے شرن گوڑا انعامدار کو 'سردار' کے نام سے پکارا۔ رضا کاروں کے ظلم وستم سے تنگ ہوکر لاکھوں لوگ حیدرآباد چھوڑ کر پڑوسی آزاد ہندوستان میں ہجرت کر گئے۔ اور ہزاروں جوانوں نے حیدرآباد کی سرحد پر مختلف قسم کے جدوجہدی تنظیموں کو قائم کر کے رضا کاروں کے خلاف مضبوط تحریک شروع کی۔



سردار ولبھ بھائی پٹیل

1947ع۔ع میں آزادی کے بعد بھی حیدرآباد کی حکومت کو ہندوستان میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ رضا کاروں کا ظلم وستم مسلسل جاری تھا۔ آخر کار حیدرآباد کے حالات کو سدھارنے کے لئے ہندوستان کی سرکار نے وزیر داخلہ سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ذمہ داری دی۔ ان کے احکامات سے 17 ستمبر 1948ع۔ع کو ہندوستان کی فوج

© KBS NOT TO BE REPUBLISHED

حیدرآباد میں داخل ہوئی۔ نظام کو کوئی دوسرا راستہ نہ ملا اور انھوں نے اپنے آپ کو فوج کے حوالے کر دیا۔ اس کے بعد حیدرآباد ہندوستان میں شامل ہو گیا۔

1951ع.ع میں حیدرآباد علاقے میں انتخابات عمل میں آئے اور عوام نے اپنے نمائندوں کو منتخب کر کے بھیجا مشہور رہنما سوامی راما نند تیرتھ کلبرگی علاقے سے لوک سبھا کے پارلیمانی حلقے سے چنے گئے۔

اہم سال (ع.ع.) :

چکا دیوراج وڈیر	-	1704-1673
بنگلور کو رہن پر حاصل کیا	-	1689
دلوائی انتظامیہ	-	1761-1704
حیدر علی	-	1782-1761
پہلی اینگلو میسور جنگ	-	1769-1767
دوسری اینگلوں میسور جنگ	-	1984-1780
ٹیپو سلطان	-	1799-1782
تیسری اینگلو میسور جنگ	-	1790-1792
چوتھی اینگلوں میسور جنگ	-	1799
کیلادی کے نائیک	-	1763-1499
دوڈو وینکٹپّا نائیک	-	1629-1586
شیوپّا نائیک	-	1660-1645
رانی چنّما جی	-	1697-1672
حیدر علی نے کیلادی حکمرانوں کو شکست دی	-	1763

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کیمپے گوڑا اوّل	-	1570-1510
کیمپے گوڑا دوّم	-	1633-1585
مدیکری نائیک	-	1779-1754
کتوررانی چنما	-	1824
سنگولی رائینا	-	1829
آلوپا حکمرانی کا دور	-	14-7 صدی
انگریزوں کا دور تلوناڈو	-	1947-1801
ہلگلی بیڑا نائیک کا انگریزوں پر حملہ (رامی کا حملہ)	-	1857
سرپور کے نائیکوں کا دور حکومت	-	1858-1636
پتامبری بہری پڈا نائیک	-	1726-1687
چہارم وینکٹپا نائیک	-	1858-1843
سرپور کا زوال	-	9 فروی 1858
سرپور ریاست ہندوستان کی جمہوریت میں شامل ہوئی	-	17 ستمبر 1948
سندھور لکشمن کو انگریزوں نے گولی ماری	-	22 جولائی 1922

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

حیدرآباد کے نظام نے ہار مان لی اور حیدرآباد کو ہندوستان کے جمہوری علاقوں میں شامل کر لیا۔- 17 ستمبر 1948

نئے الفاظ :

گنڈا بیرونڈا- دوسروں والا ایک خیالی پرندہ

منڈلیکا - ایک صوبے کا حکمران ورہا - وراہا مہر والا سونے کا سکہ

علاقہ - ریاست گاروڑی - عبادت گاہ

آپ کو معلوم رہے۔

- چکا دیوراج نے لفظ انچے (ہمنسا) کو ہنس کی مثال سے بنایا جس نے نالا دمیا یینتیوں کے درمیان خط و کتابت میں مدد کی۔
- کیمپے گوڈا دوّم کی تعمیر کردہ چوکیدار گنبد (Watch Tower) یہ ہیں۔

شمال میں-میکری سرکل؛ جنوب-میں لال باغ مشرق میں-ہلسور؛ مغرب میں-گوی گنگا دھریشور

مشقیں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پر کیجئے۔

1. کوڈگو پر حکومت کرنے والا اہم خاندان ----------
2. چنّما کا وفادار نوکر ----------
3. تلوناڈو پر طویل عرصے تک حکومت کرنے والا خاندان ----------
4. الّال کی رانی ----------
5. کنڑا کی پہلی لغت مرتب کرنے والا ----------
6. ہزاروں ستونوں والا خانقاہ (بسدی) کے لئے مشہور شہر ----------
7. سرپور سلطنت کا بانی ----------
8. ہلگلی بغاوت میں انگریزوں کے خلاف لڑنے والی بہادر خاتون ----------
9. کرناٹک کے گاندھی کے نام سے مشہور ہونے والے ----------

10. وندے ماترم تحریک کا بہادر نائیک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

II۔ دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔

11. چک دیوراج وڈیئر کی عوامی خدمات کیا ہیں؟ لکھئے؟
12. میسور کی تیسری جنگ کے نتائج کیا ہیں؟
13. ہیریا وینکٹپّا نائیک کے کارنامے کیا ہیں؟
14. سستو سے کیا مراد ہے؟
15. کیلادی کے نائیکوں کے اہم کارنامے کیا ہیں؟
16. مدیکری نائیک پر مختصر نوٹ لکھئے۔
17. اونکے اوبّوا کو آج بھی کس لئے یاد کیا جاتا ہے؟
18. کیمپے گوڈا اوّل کے دو اہم کارنامے کیا ہیں؟
19. کیمپے گوڈا دوّم پر مختصر نوٹ لکھئے۔
20. امرسولیہ تحریک کس لئے مشہور ہوئی؟
21. کتور کی رانی چنّما انگریزوں کے خلاف کیوں آگ بگولہ ہوگئی؟
22. کارناڑ سدا شیوراؤ کو ہم کیوں یاد کرتے ہیں؟
23. کُدمل رنگاراؤ نے دلتوں کی ترقی کے لئے کیا خدمات کئے؟
24. بیڑا نائیکوں کی بغاوتوں کے اسباب کیا ہیں؟
25. سندھور لکشمن کون ہیں؟
26. وینکٹپّا نائیک چہارم کے کارناموں سے متعلق مختصر نوٹ لکھئے۔
27. سوامی راماننند کون تھا؟
28. حیدرآباد کی آزادی تحریک میں شرن گوڑا انعام دار نے کیا رول ادا کیا؟

سرگرمیاں:

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

- نقشے میں ریاست میسور کے تاریخی مقامات کی نشاندہی کیجئے۔
- ٹیپو سلطان نے ہندوستان سے غیر ملکیوں کی حکومت کو ختم کرنے کی کوشش کی لیکن ناکام رہے۔ کیوں؟ بحث کرتے ہوئے جواب دیجیے۔
- بنگلور کے ناڈ پربھو نے بنگلور اور اس کے اطراف واکناف میں بہت سارے تالاب تعمیر کروائے تھے۔ آج بہت سارے تالاب گم ہو گئے ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ اس کے متعلق بحث کرتے ہوئے حکومت کو روانہ کرنے کے لئے ایک رپورٹ تیار کریں۔
- فیلڈ مارشل کریپاّ اور جنرل تیمیّا کی زندگی کے حالات کے متعلق تفصیلات اکٹھا کیجئے۔
- کتوررانی چنّما سے متعلق داستانی گیتوں کو جمع کیجئے۔
- کدمل رنگ راؤ اور کارناڑ سدا شیوراؤ کی سوانح حیات پڑھئے۔
- ہندوستان کی معاشی ترقی میں کرناٹک کے ساحلی اضلاع کا رول کیا ہے؟ اس کے متعلق ایک سیمینار کا انعقاد کر کے رپورٹ تیار کریں۔
- بیڑا نائیکوں کی بغاوت سے متعلق گیتوں اور نغموں کو اکٹھا کریں۔
- کرناٹک کی اتحادی تحریک میں سردار پٹیل کا کردار، اس موضوع پر ایک سیمینار کا انعقاد کریں اور اس کی تفصیلی رپورٹ تیار کریں۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

U5M8S2

سبق:8

بھکتی پنتھ اور صوفی روایات

Bhakthi Cult and Sufi Heritage

سبق کا تعارف

جنوبی ہندوستان میں الواس، داس اور شمالی ہندوستان میں سنت اور صوفیوں نے اپنی بندگی اور اخلاص سے سماج میں بیداری پیدا کی اس سبق میں بھکتی تحریک کی امیدیں، مفہوم اور خصوصیات کو بتلایا گیا ہے، جنوبی ہند میں آنڈال، اکّا مہادیوی، کنک داس، پرندر داس، شیشونال شریف کا تعارف کرایا گیا ہے۔ اسی طرح شمالی ہندوستان کے کبیر داس، گرونانک، تلسی داس، میرابائی، شری چیتنیا اور صوفی سنتوں کا تعارف کرایا گیا ہے۔ ساتھ ہی بھکتی تحریک نے مختلف مذاہب کے درمیان ہم آہنگی اور مقامی زبانوں کے خزینوں کے لئے دیئے گئے خدمات کا ذکر کیا گیا ہے۔

صلاحیتیں:۔

1۔ بھگتی تحریک کی تعلیمات سماجی ہم آہنگی کے لئے دی گئی خدمت کو سمجھنا۔

2۔ داس اور سنتوں کی تعلیمات کو سمجھ کر اپنا لینا۔

3۔ صوفیوں کی دی گئی خصوصی تعلیمات اور اصولوں کو بتلانا۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان متنوع سماجی طریقوں کا حامل ملک تھا۔ چونکہ وسطی دور کے لوگ سماجی اور مذہبی اصلاحات چاہتے تھے۔ اس موقع پر ابھرنے والی چند بھکتی تحریک اور صوفی روایات کے سنتوں نے مذہبی اور سماجی اصلاح کا بیڑا اٹھایا۔ عالمی بھائی چارگی کو اہمیت دی۔ نجات حاصل کرنے کے لئے بندگی ہی بہترین ذریعہ ہے۔ ایسی روایات کو بھکتی پنتھ کہا جاتا ہے۔

لفظ 'بھکتی' سنسکرت لفظ 'بھُج' سے مشتق ہے۔ بھج کا مطلب 'قبول کرنا' ہے۔

بھکتی تحریک کا خلاصہ:

1) بھکتی تحریک نے اونچ نیچ کے بھید بھاؤ (فرق) پر تنقید کی اور مساوت کا اعلان کیا۔

2) بھکتی تحریک کے سنتوں نے قدیم رسم ورواج کی مخالفت کی اور اسے غلط قرار دیا۔

3) انہوں نے لوگوں کے دلوں کو جوڑنے کا کام کیا۔

4) صوفی سنتوں نے مذہب کا مطلب محبت اور خلق کی خدمت بتلایا ہے۔ انہوں نے وحدانیت پر زور دیتے ہوئے کثیر خداؤں کے تصور کو غلط قرار دیا۔

جنوبی ہندوستان کی بھکتی روایات

آنڈال: تمل ناڈو کے 12 وشنو بھگت الواؤں میں آنڈال بھی ایک ہیں۔ یہ وشنو چتّا کی گود لی ہوئی بیٹی تھیں۔ وشنو چتّا ایک الوار تھے۔ انہیں پیری یالور کے نام سے بھی بلایا جاتا ہے۔ آنڈال کا بنیادی نام گودا دیوی، جو کرشنا کی بھکت تھیں۔ ان کے والد پھولوں کی مالاؤں سے شری ولّی پتور کے کرشنا مندر کی آرائش کیا کرتے تھے۔


آنڈال

آنڈال کرشنا کی محبت میں ڈوب کر کہا کرتی تھیں کہ وہی میرا شوہر ہے۔ انہوں نے 'ترپّا مئی' تصنیف لکھ کر بھگوان کے نام سے منسوب کیا۔ تمل ناڈو میں ترپّاوی روتھا ریاضت کے لئے بہت مشہور ہے۔ الوار کے مطابق وشنو کے بھگت تمام مساوی ہیں۔ ان کی پیدائش پر کوئی سوال نہیں کرے گا۔ ذات پات کا نظام بہت بڑا گناہ ہے۔

اکّا مہادیوی:



اکّا مہادیوی

12 ویں صدی میں وچن تحریک میں حصہ لینے والی بہادر خواتین میں اکّا مہادیوی بھی ایک ہیں۔ کنڑا وچن ساہتیہ (ادب) کے لئے ان کی خدمات بہت زیادہ ہیں۔ شموگا ضلع کے اڑوتڑی میں اکّا مہادیوی کا جنم ہوا۔ ان کے والد نرمل شٹّی اور والدہ سُمتی ہیں۔ وہ

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

بچپن ہی سے شِیوا کی بندگی میں کھوئی رہتی تھیں۔ اکّا مہادیوی برسرعام اعلان کرتی تھیں کہ 'چنّا ملکارجنا' ہی میرا شوہر ہے۔ ان کے والدین نے زبردستی ان کی شادی شکاراجا سے کرائی۔

اپنی شادی کو شیوا کی عبادت میں رکاوٹ سمجھ کر اکّا مہادیوی نے پہنے ہوئے کپڑے ترک کر کے محل چھوڑ دیا۔ وہاں سے کلیان میں بسویشورا کے تعمیر کردہ انوبھوا منڈپ میں چند دن قیام کیا۔ یہیں چنّا ملیکارجنا تخلص سے کئی وچنوں کو لکھا۔ تمام شیوا کے معتقدین میں اکّا مہادیوی کا بہت احترام تھا۔ اپنی زندگی کے آخری دنوں میں وہ کلیان سے شری شیلا گئیں۔ وہیں کدلی کے جنگلات میں شیوا کی روح میں ضم ہوگئیں۔

پُرندرداس (1480-1564ع.ع.):


کنڑا، داس ادب (ساہتیہ) کی اہم شخصیتوں میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ پُرندرداس کا جنم پُرندرگڑھ میں ہوا۔ ان کا اصلی نام شرینواس نائکا، والد وردیّا نائکا اور والدہ لیلاوتی تھیں۔ ان کی بیوی لکشمی بائی ایک مذہبی خاتون تھیں۔ کنجوس، منکر خدا شرینواس نائکا نے بھگوان کے امتحان میں ناکام ہوکر اپنی تمام جائیداد کو خیر آباد کہہ کر بھگوان کی یاد میں کیرتنوں کو گاتے ہوئے کئی شہروں میں گھومتے ہوئے کرشنا دیورایا کے دربار پہنچے۔ وہاں ویاس رایا نے انہیں بیعت دی اور 'پُرندر' کا نام دیا اس طرح یہ پُرندرداس بنے۔ پرندرداس کے لفظوں میں انسانیت کی عظمت پوشیدہ ہے۔ انہوں نے اپنے کیرتنوں کے ذریعے ذات پات کے نظام کی مذمت کی۔ ان میں ہمیں اصول، راست بازی اور موسیقی کا ملا جلا سنگم نظر آتا ہے۔ انہیں ''کرناٹک موسیقی کا باوا آدم'' کہا جاتا ہے۔ 'پُرندرا وٹھلا' کے نام سے اپنی کتاب میں کئی کیرتنوں کو تحریر کیا ہے۔ ''داس کہیں تو پُرندرداس ہے'' یہ کہہ کر ان کے استاد ویاس رائے نے ان کو سراہا ہے۔



پُرندرا داس

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کنکا داس (1508-1606ع.ع.):



کنکا داس

داس ادب (ساہتیہ) کیرتنا کار کنکا داس تقریباً 1508ع.ع. کو ضلع ہاویری کے بنکاپور تعلقے کے باڈاگاؤں میں پیدا ہوئے۔ ان کا اصلی نام تمپّا تھا۔ بیرپّا اور بچمّا ان کے والدین تھے۔ یہ بہادر بھی تھے اور شاعر بھی یہ باڈاگاؤں کے اطراف واکناف کے 18 قریوں کے صوبیدار اور خزانچی بھی تھے۔ روایت ہے کہ انہیں ایک خزانہ ملا اس سے وہ کنکا کہلائے۔ ازدواجی زندگی سے بیزار ہو کر ویاس رایا کے شاگرد بنے آگے چل کر کنکا داس کہلائے۔ انہوں نے کئی کیرتن لکھے ہیں۔ 'آدی کیشوا' ان کا تخلص ہے کاگی نیلے کا آدی کیشوا ان کا پسندیدہ بھگوان ہے۔ انہوں نے اپنے گیتوں میں توہم پرستی کی مذمت کی۔ خدا سے تعلق کا آسان راستہ اپنی تعلیمات کے ذریعے دیا۔ انہوں نے اپنے کیرتن میں ذات پات کے نظام پر طنز کیا ہے۔

کنکانا کِنڈی (سوراخ): اڈپی کے مندر میں کنکا داس کو اندر آنے کی پجاری نے اجازت نہیں دی۔ کہا جاتا ہے کہ ان کی بندگی کو قبول کرتے ہوئے بھگوان کرشنا نے مغرب کی طرف اپنا رخ پھیر کر ایک سوراخ سے کنکا داس کو اپنا درشن دیا۔ کنکا داس نے ہری بھکتا سارا، نلا چرترے، راما دھیان چرترے، شٹ پدی (نظم کی ایک قسم) اور موہنا ترنگینی جیسی کتابیں لکھی ہیں۔

شیشونال شریف:



شیشونالا شریف


شیشونال شریف کنڑ ازبان کے پہلے مسلم شاعر ہیں۔ انہیں کرناٹک کے کبیر کے نام سے بلایا جاتا ہے۔ 1819 میں شیشونال نامی گاؤں میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام امام صاحب اور والدہ حاجی ماں تھیں۔ لڑکپن ہی سے شریف ہندو-مسلم دونوں مذاہب کے بارے میں شعور رکھتے تھے۔ انہوں نے ملکی امتحان پاس کرتے ہوئے تھوڑی مدت کے لئے معلم کی خدمات انجام دیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

استاد گووندا بھٹ سے بیعت لے کر بہت ساری اصولی الفاظ لکھے۔ ان کی نظموں میں روایات (محرم کے گیت) ہیں۔ اس میں جنگی نغمہ، مذہبی نغمہ، الاوی نغمہ، سوال و جواب نغمہ ہیں، ششونال میں ان کا مقبرہ ہے۔ جو ہندو مسلم دونوں کی زیارت گاہ ہے۔ ذات پات اور مذہب کی حدود سے نکل کر انہوں نے انسانیت کے اقدار کو پروان چڑھایا۔

شمالی ہند کی بھکتی روایات

کبیر داس (1398-1518ع.ع.):



کبیر داس

بھکتی تحریک کے مشہور سنت کہلانے والے کبیر داس راما نند کے شاگرد تھے۔ یہ ہندو اور مسلم مذہب کے درمیان ہم آہنگی قائم کرنے میں کوشاں رہے۔ یہ وارانسی کے مسلم جولاہا میاں بیوی نیرو اور رحیمہ کے لے پالک (گود لئے ہوئے) بیٹے تھے۔ انھوں نے ذات پات، ظاہری چمک دمک، ذاتوں کی افضلیت، اور مذہبی فرق کی مذمت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ اللہ اور رام ایک ہی خدا کے دو الگ نام ہیں۔ ہندو اور مسلم ایک ہی مٹی سے بنائے گئے مٹکے ہیں۔ کبیر نے اپنے آپ کو رام اور اللہ کا بندہ قرار دیا۔ ان کا ماننا تھا کہ جسم کو تکلیف میں ڈالنا، بھوکے رہنا (روزہ رکھنا) مقدس مقامات کے سفر سے خدا کو نہیں دیکھ سکتے۔ مگر پاکیزہ خلوص کے ساتھ بندگی کرنے سے ہی خدا کو دیکھ سکتے ہیں۔ کبیر داس نے اپنے اصول لوگوں کو آسانی سے سمجھانے کے لئے دوہے (دوسطر والی نظم) چھوٹی نظم کی شکل میں تعلیمات دیں۔ ان کے ماننے والوں کو 'کبیر پنتھی' کہہ کر بلاتے ہیں۔

گرو نانک (1469-1539ع.ع.): گرو نانک سکھ مذہب کے بانی تھے۔ وہ موجودہ پاکستان سے پنجاب کے تلاونڈی گاؤں میں 1490ع.ع میں پیدا ہوئے۔ مہت کول اور ترپتا ان کے والدین


HOT TO BE REPUBLISHED @TES

تھے۔وہ ہندو مسلم مذاہب کے مساوی اصولوں پر زور دیتے تھے۔سکھوں کی مقدس کتاب گرنتھ صاحب میں ان کے لکھے نغمے ہیں جنہیں 'جپا جی' کہا جاتا ہے موجود ہیں۔اچھے کام کرنا اور بھگوان کے نام کا وظیفہ کو سکھ مذہب نے اہمیت دی ہے۔


گرونانک

اس مذہب میں مرد اور خواتین کو مساویانہ مقام دیا گیا ہے۔ گرونانک خدا کے وجود پر اٹل بھروسہ رکھتے تھے۔ پوری دنیا کا خدا ایک ہے، وہی سچ ہے، وہ لافانی ہے۔اس بات کا اعلان کیا۔زندگی میں دھوکہ،فریب، چوری اور تشدد سے دور رہنا چاہیے۔استاد سے بندگی اور بندگی سے نجات حاصل کر سکتے ہیں۔سماج کے غیر ضروری رسومات جیسے مورتی پوجا، ذات پات کا نظام،ستی کی رسم وغیرہ کی مخالفت کی۔انہوں نے ملک بھر میں سفر کیا۔وہ کرناٹک بھی آئے تھے اور ضلع بیدر میں قیام کیا تھا۔اس مقام کو 'نانک جھرا' (میٹھے پانی کا فوارہ) کہتے ہیں۔

تلسی داس (1532-1623ع.ع.): شمالی ہند کی بھکتی تحریک کی تائید کرنے والوں میں تلسی داس کا نام نمایاں ہے۔ برہمن کنبہ میں پیدا ہوئے اور ہندی ادب کے لئے ان کی خدمات بہت زیادہ ہیں۔رام چرترمانسا کتاب انہوں نے لکھی یہ ہندی ادب کی اہم تصنیف ہے۔شمالی ہند میں یہ تلسی رامائن کے نام سے مشہور ہے۔ یہ رام بھکت تھے۔انہوں نے خدا کی بندگی، بے داغ پاک زندگی، چاہت، محبت، صبر کرنا فراغدلی کے جذبات لوگوں کے دلوں میں جگائے۔


تلسی داس

@KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

چیتنیا (1485-1533ع.ع.): چیتنیا مغربی بنگال کے نوادیپ (ناڈیا) 1485ع.ع. میں پیدا ہوئے۔ ان کے والدین کے نام جگناتھ مشرا اور سچی دیوی ہیں۔ ان کا پہلا نام ویشوامبرا تھا۔ ایشوری پُری ان کے استاد تھے۔ چیتنیا نے اپنی عمر کے 25ویں سال میں اس سنسار کو تیاگ کر سنیاس قبول کیا۔ انہوں نے ذات پات کے نظام کی مذمت کی۔ بھکتی ہی نجات کا راستہ بتلایا۔ عالمی بھائی چارگی و محبت بھگوان کی محبت حاصل کرنے کی جانب پہلا قدم ہے۔ یہ چیتنیا کی تعلیمات تھیں۔


چئی تنیا

انہوں نے سارے ہندوستان کے مقدس مقامات کی سیر کر کے محبت کا پیغام سنایا۔ محبت، بھائی چارگی، سخاوت ان کی تعلیمات کا مغزن ہے۔

ان کی تعلیمات سے متاثر ہونے والے آج کے 'ہرے کرشنا پنتھ' ہیں۔ بنگال کے لوگ انہیں شری کرشنا کا اوتار سمجھتے ہیں۔ انہیں 'چیتنیا مہا پربھو' کے نام سے بلاتے ہیں۔

میرابائی (1498-1569ع.ع.):

'کل یگ کی رادھا' کا لقب پانے والی سادھوئی میرابائی عظیم کیرتن نگار تھیں۔ یہ راجستھان کے ایک راجپوت راج گھرانے میں پیدا ہوئیں۔ ان کے والد کا نام 'راجہ رتن سنگھ' تھا۔ میواڑ کے راج کمار سے شادی ہوئی۔ انھیں بچپن ہی سے روحانیت کی طرف زیادہ رغبت ہونے کی وجہ سے ان کا زیادہ تر وقت بھگوان کی پوجا، دھیان اور کیرتن میں گزرتا تھا۔ ان کی کرشنا کی پوجا پاٹ کی ان کی ساس سخت مخالفت کرتی تھیں۔ اس کو برداشت نہ کرتے ہوئے میرابائی محل چھوڑ


میرابائی

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کرشنی کرشنا کے اہم علاقہ برنداون چلی گئیں۔ان کے تخلیق کردہ کیرتن میں بندگی، محبت کی جھلک ہے۔گری دھر گوپال ان کے پوجے جانے والے بھگوان تھے۔اپنے سینکڑوں بھجنوں کی وجہ سے میرابائی نے آج بھی لوگوں کے دلوں میں اپنا مقام قائم رکھا ہے۔

بھگتی پنتھ کے اثرات:

- بھکتی سنت ہندو مسلم ہم آہنگی واتحاد کی وجہ بنے۔
- بھکتی سنتوں نے عوام کی مقامی زبانوں میں تصانیف تحریر کئے جس سے ہندوستانی زبانیں مالا مال ہوئیں۔

صوفی روایات:

ہندوؤں میں کبیر داس، کنکا داس، شری چیتنیا وغیرہ نے مذہبی بیداری لانے کا کام کیا۔ ویسے ہی مسلمانوں میں صوفی سنتوں نے مذہبی بیداری پیدا کی۔ ہندو مسلم اتحاد کی کوشش کی۔صوفی تحریک کا آغاز عرب میں ہوا۔وہیں سے ہندوستان آیا۔لفظ صوفی 'صاف' سے بنا ہے جس کے معنیٰ 'پاکیزہ' 'پارسائی' کے آتے ہیں۔ ہمیشہ اونی کمبل اوڑھے رہنے والے عارفوں کو 'صوفی' کہا جاتا ہے۔

صوفی تحریک کا خلاصہ:

1) اللہ ایک ہے وہی قادرالمطلق ہے۔ہم سب اس کے بندے ہیں۔اس بات پر زور دیا۔
2) اچھے کاموں کو اہمیت دی۔
3) تمام انسان یکساں ہیں۔
4) ذات پات کے نظام کی مخالفت کی۔

رفتہ رفتہ یوگا، ویدانت اور بدھ مذہب کے نظریات سے صوفی متاثر ہوئے مذہب کا مطلب محبت اور انسانیت کی خدمت ہی صوفیوں کے بنیادی اصول ہیں۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



حضرت نظام الدین اولیاءؒ:

یہ ہندوستان کے اہم صوفی تھے۔آپؒ دہلی میں مقیم تھے۔غربت کی زندگی گزارتے تھے۔آپؒ کی سرگرمیوں کا مرکز گھاس پھوس کی چھت سے بنی مسجد تھی۔آپؒ نے دہلی کے سلطان کی جانب سے عطیہ میں دیئے گئے دیہات کو ٹھکرایا۔آپؒ اپنے پاس آنے والے عقیدت مندوں کو اچھے اخلاق اور ہمدردی کا پیغام دیتے تھے۔

حضرت خواجہ بندہ نوازؒ:

حضرت خواجہ بندہ نوازؒ مشہور چشتی سلسلے کے صوفی ہیں۔ وہ دہلی کے حضرت نصیر الدینؒ کے شاگرد تھے۔ بندہ نوازؒ کے معنی 'غریبوں کو نوازنے والا' ہے۔انہیں 'گیسودراز' کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔گیسودراز کا مطلب 'لمبے بال والے' کے ہیں۔ ان کا پہلا نام 'سید محمد حسینی' تھا۔ یہ سنسکرت، عربی، فارسی، دکنی (اُردو) جیسی کئی زبانیں جانتے تھے۔ یہ کلبرگی آئے اور یہی مقیم ہوئے۔ فیروز شاہ بادشاہ آپ کا بہت احترام کرتا تھا۔دکنی زبان میں آپ کی کئی تصانیف ہیں۔ جو آج بھی کلبرگی کی درگاہ میں موجود ادبی خزانے میں دیکھ سکتے ہیں۔کلبرگی میں ہر سال ان کا عرس منایا جاتا ہے۔

چشتی تحریک:

صوفی تحریک میں چشتیہ سلسلے کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔اس سلسلے کے بانی خواجہ معین الدین چشتیؒ ہیں۔آپؒ نے اجمیر میں قیام کیا۔اللہ کی بندگی، استاد کی خدمت ، ان کی رہنمائی میں چلنا چشتیہ سلسلے کی خصوصیات ہیں۔ چشتیہ پیروکاروں کو ہندو مسلم ہم آہنگی و اتحاد کی فکر رہتی تھی۔انہوں نے عوامی بولی دکنی (اُردو) زبان میں تصانیف لکھے۔فتح پور سیکری کے سلیم چشتیؒ بہت مشہور ہیں۔

© KSEBS NOT TO BE REPUBLISHED



سلیم چشتی درگاہ: فتح پور سیکری

لاہور (آج پاکستان میں ہے)	:	حضرت شیخ اسماعیلؒ
اجمیر	:	حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ
دہلی	:	حضرت نظام الدین اولیاءؒ
آرکاٹ	:	حضرت ٹیپو مستان اولیاءؒ
کلبرگی	:	حضرت خواجہ بندہ نوازؒ

NOT TO BE REPUBLISHED © KTBS

اہم سال (ع.ع.):

حضرت نظام الدین اولیاءؒ	:	1238 تا 1325 ع.ع.
کبیر داس	:	1440 تا 1518 ع.ع.
گرو نانک	:	1469 تا 1539 ع.ع.

پرندرداس	:	1480 تا 1564ع.ع.
چیتنیا	:	1485 تا 1533ع.ع.
میرابائی	:	1498 تا1569ع.ع.
کنکاداس	:	1508 تا 1606ع.ع.
تلسی داس	:	1532 تا 1623ع.ع.

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1۔ اکّا مہادیوی کے وچنوں کا تخلص۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2۔ پُرندرداس۔۔۔۔۔۔۔۔کے دربار میں تھے۔

3۔ آدی کیشوا کا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تخلص تھا۔

4۔ کرناٹک کے کبیر کے نام سے۔۔۔۔۔۔۔۔کو بلایا جاتا ہے۔

5۔ چیتنیا کا پہلا نام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔

6۔ صوفی حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا دوسرا نام۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

II۔مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے۔

7۔ آنڈل کا پہلا نام کیا ہے؟

8۔ اکا مہادیوی کہاں پیدا ہوئیں؟

9۔ کرناٹک کے سنگیت کا پتامہا کسے کہتے ہیں؟

10۔ کنکاداس کے والدین کے نام بتایئے؟

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

11۔ کنڑا کے پہلے مسلم شاعر کون ہیں؟

12۔ سکھوں کی مقدس کتاب کونسی ہے؟

13۔ کلیُگ کی رادھا کسے کہتے ہیں؟

14۔ صوفی لفظ کے معنی کیا ہیں؟

15۔ ہندوستان کے صوفی کون کون ہیں؟

16۔ چشتیہ سلسلے کی بنیاد کس نے ڈالی؟

II۔ دو یا تین جملوں میں جواب دیجئے۔

17۔ کبیر داس کا پیغام کیا ہے؟

18۔ گرونانک کی تعلیمات کیا ہیں؟

19۔ بھکتی تحریک کے اثرات کیا تھے؟

20۔ صوفی تحریک کی تعلیمات کو اکٹھا کریں اور لکھیں۔

IV۔ فہرست 'الف' سے فہرست 'ب' کے مضامین کو صحیح جوڑ لگائیے۔

الف	ب	
1۔ گرونانک	a) صوفی سنت	( )
2۔ چیئتنیا	b) سکھ مذہب	( )
3۔ حضرت نظام الدین اولیاءؒ	c) کلیُگ کی رادھا	( )
4۔ میرابائی	d) ہرے کرشنا پنتھ	( )

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

V۔ بحث کیجئے۔

1۔ بھکتی تحریک کے سنتوں کی تعلیمات آج کے دور میں بھی کتنی اہم ہیں بحث کیجیے۔

سرگرمیاں:

- بھکتی تحریک کے سنتوں کی تصاویر تفصیلات کے ساتھ اکٹھا کریں۔
- شری چیئتنیا، گرونانک، میرابائی، تلسی داس، کبیر داس، سُورداس اور صوفی سنتوں کی زندگی کے حالات کا مطالعہ کریں۔
- میرابائی کے بھجنوں کو سنیں۔
- صوفی سنتوں کے نظریات کی تفصیلات اکٹھا کریں ہندوستان کے کثیر مذہبی سماج پر ان کے اثرات اور موجودہ دور میں ان کی ضرورت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

...

L5U5T9

سبق:9

شہریت

مجلس قانون ساز، مجلس عاملہ اور مجلس عدلیہ کے اصطلاحات کا تعارف

سبق کا تعارف:

قانون بنانے والا مجلس قانون ساز قانون کو نافذ کرنے والا مجلس سے عاملہ اور سیاسی نظام کے محافظ کے طور پر عدلیہ کے بنیادی تصور کا ایک مختصراً تعارف پیش کیا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1. مجلس قانون، ساز مجلس عاملہ اور مجلس عدلیہ کے معنی اور اہمیت کو جاننا۔
2. مجلس قانون، ساز مجلس عاملہ اور مجلس عدلیہ کی تشکیل کے متعلق جانیں گے۔
3. مجلس قانون ساز، مجلس عاملہ اور مجلس عدلیہ کے اختیارات اور فرائض کو سمجھیں گے۔
4. مجلس قانون ساز، مجلس عاملہ اور مجلس عدلیہ کے اقسام کی نشاندہی کریں گے۔
5. عدلیہ کے ذریعے انجام دیئے جانے والے کاموں کی ستائش کریں گے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تمہید:

مقننہ حکومت کا پہلا شعبہ ہے، جو ریاست کی مرضی کی تشکیل اور اظہار کرتا ہے۔ یہ مجلس عاملہ اور عدلیہ کے افعال کی بنیاد ہے۔ اس لئے مجلس قانون ساز کو عوامی رائے کا انتظامی عضو کہا جاتا ہے۔

معنی:

لفظ مقننہ یا پارلیمنٹ فرانسیسی لفظ 'Parlor' اور لاطینی لفظ 'Parliamentum' سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی 'بات کرنا' 'بحث کرنا' ہے۔ مقننہ کو 'عوامی رائے کا آئینہ' کہا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں کسی ملک کے عوامی نمائندے عوام کی رائے کا اظہار کرنے کے لئے اکٹھا ہوتے ہیں۔ مقننہ کے پاس نئے

قانون بنانے کا اعلیٰ اختیار ہے، جو قوم کے لئے ضروری ہیں۔

مقننہ کو موجودہ غیر قابل اطلاق قوانین میں ترمیم اور منسوخی کا مکمل اختیار ہے۔ اس لیے مقننہ کو 'قوم کی قانون سازی کی فیکٹری' بھی کہا جاتا ہے۔

مختلف ممالک کے مقننہ (مجلس قانون ساز) کے نام

ہندوستان	پارلیمان	Parliament
مالدیپ	مجلس	Majlis
جرمنی	بنڈسٹک	Bandestag
اسرائیل	کینسٹ	Knesset
فرانس	قومی اسمبلی	National Assembly
ڈنمارک	فوکیٹنگ	Folketing

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مجلس قانون ساز کی اہمیت : مقننہ حکومت کے تین شعبوں میں سے پہلا شعبہ ہے۔ مقننہ عوام کے نمائندوں پر مشتمل ہوتی ہے، جو ملکی خودمختاری کی علامت ہے۔ مقننہ اپنے قوانین کے ذریعے شہریوں کی مرضی کا اظہار کرنے کا ایک بااثر ذریعہ ہے۔ مقننہ کی اہمیت کا اندازہ مندرجہ ذیل نکات سے لگایا جاسکتا ہے۔



مقننہ کے اجلاس کا منظر (کرناٹک ودھان سبھا)

1. قوانین کی تشکیل:

مقننہ کو آئینی طور پر ایسے قوانین بنانے کا اختیار حاصل ہے جو ریاست کے لیے ضروری ہوں۔

2. حکومت کی تشکیل:

عام انتخابات میں جیتنے والی جماعت قانون ساز اسمبلی میں اپنی اکثریت ثابت کرتے ہوئے حکومت بناتی ہے۔

3. دستوری ترمیم:

مقننہ آئین کے دفعات میں ترمیم کرتی ہے۔ نئے دفعات کا مسودہ تیار کرنا، نئے دفعات کو شامل کرنا جیسے اقدامات کرتی ہے۔

4. عوامی شکایات کا حل:

مقننہ اس پلیٹ فارم میں سے ایک ہے جہاں وہ شہریوں کی شکایت پر کھل کر بحث کرتی ہے۔ مقننہ کے اراکین عوامی مسائل کو اٹھاتے ہوئے ایوان کی توجہ مبذول کراتے ہیں۔

5. قومی زندگی کا آئینہ:

مقننہ عوام کی امنگوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری عوامی پالیسیاں تشکیل دے کر قوم کی مجموعی ترقی کی عکاسی کرتی ہے۔ مجموعی طور پر مقننہ حکومت کا سب سے اہم شعبہ ہے۔ جو مجلس عاملہ اور عدلیہ کی طرح قوم کی بہتری کے لئے بھی کام کرتا ہے۔

مجلس مقننہ کی تشکیل:

نظام حکومت میں مقننہ کو اہم مقام حاصل ہے۔ مقننہ کے آئین کے دو ایوان ہوتے ہیں۔

1. ایک ایوانی مقننہ: یہ صرف ایک ایوان پر مشتمل ہوتا ہے۔
2. دو ایوانی مقننہ: یہ دو ایوانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دوایوانی قانون ساز نظام میں دوایوان ہوتے ہیں۔ایک ایوانِ بالا اور دوسرا ایوانِ زیریں کہلاتا ہے۔

مقننہ کے اقسام:

مقننہ کو دو اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔وہ یہ ہیں۔

1۔ایک ایوانی مقننہ(unicameral legislature)

2۔دوایوانی مقننہ(bicameral legislature)

1. ایک ایوانی مقننہ:

ایک ایوانی مقننہ جس کا صرف ایک ایوان ہوتا ہے وہ(Unicameral Legislature) ہے۔عوام کی دلچسپی کا اظہار صرف اس ایک ایوانی مقننہ میں کیا جا سکتا ہے۔ایک ایوانی مقننہ مباحثوں کی غیر ضروری تکرار سے گریز کرتی ہے۔یہ ملک کے مفاد میں کفایت شعاری کو بھی برقرار رکھتی ہے۔جن ممالک میں ایک ایوانی مقننہ ہے وہ یہ ہیں۔یونان،فن لینڈ،سویڈن،ڈینمارک،یوگوسلاویہ،پرتگال اور نیوزی لینڈ وغیرہ۔

2. دوایوانی مقننہ:

دوایوانوں پر مشتمل مقننہ دوایوانی مقننہ ہے۔دونوں ایوانوں میں عوام کے مفاد پر بحث ہوتی ہے اور قوانین بنائے جاتے ہیں۔دوایوانی مقننہ انگلینڈ میں تاریخی حادثے سے پیدا ہوئی تھی۔آج دنیا کے بیشتر ممالک نے اس روش کو اپنا لیا ہے۔مثال کے طور پر ہندوستانی مقننہ پارلیمنٹ ایک دوایوانوں والی مقننہ ہے۔اس کا ایوان زیرین 'لوک سبھا' کہلاتا ہے اور ایوان بالا 'راجیہ سبھا' کہلاتا ہے۔

اسی طرح انگلستان کی پارلیمنٹ دوایوانوں والی مقننہ ہے۔اس کے ایوان زیریں کو 'ایوانِ عام' (ہاؤز آف کامنز) اور ایوانِ بالا 'ایوانِ خاص' (ہاؤس آف لارڈز) کے نام سے جانا جاتا ہے۔

@RTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مقننہ کے اختیارات اور افعال:

عوام کی رائے پر مقننہ میں بہت سے مسائل اور بلوں پر بہت سی بحثیں ہوتی ہیں۔ مجلس عاملہ حکومت کی بیرونی شکل ہے۔ جبکہ مقننہ اس کی اندرونی شکل ہے۔ مقننہ کو وسیع اختیارات حاصل ہیں۔

مشقیں

I۔ ایک جملے میں جواب دیجئے۔

1. مقننہ کا ماخذ لفظ کیا ہے؟
2. مقننہ سے کیا مراد ہے؟
3. ایک ایوانی مقننہ (Unicameral Legislature) کیا ہے؟
4. دو ایوانی مقننہ (Bicameral Legislature) کیا ہے؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمی:

- مدرسہ میں ایک فرضی پارلیمنٹ کا اہتمام کریں۔
- مدرسہ کے اجلاس میں ایک فرضی پارلیمنٹ کا اہتمام کریں اور مدرسہ کے معاملات پر تبادلہ خیال کریں۔
- طلبہ کو ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے اجلاس دیکھنے کے لئے مطلع کریں۔

مجلس عاملہ

تمہید:

حکومت کے تین شعبوں میں مجلس عاملہ سب سے اہم شعبہ ہے۔ مقننہ کے بنائے ہوئے قوانین کو نافذ کرنے والا شعبہ ہی مجلس عاملہ ہے۔ یہ ملک کی مجموعی حکمرانی کو برقرار رکھتا ہے۔ اس لئے اس کو انتظامی شعبہ کہا جاتا ہے۔ ہر مرحلہ پر حکومت کے ساتھ عملی مقاصد کے لئے مجلس عاملہ کی شناخت کی جاتی ہے۔ کیونکہ حکومت کے زیادہ تر اختیارات مجلس عاملہ پر مرکوز ہوتے ہیں۔

معنی: لفظ' کارینگا'(karyanga) انگریزی لفظ Executive'' کا ایک متغیر ہے۔ یہ عہد وسطیٰ کے لاطینی لفظ'Exsequi' سے آیا ہے۔ جس کا مطلب' کام کو انجام دینا' ہے۔

مختصراً معنوں میں مجلس عاملہ کو ریاست کا' چیف ایگزیکٹیو' اور اس کا' صلاح کار' سمجھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، ہندوستان میں یہ صدر اور کابینہ پر مشتمل ہوتا ہے۔ جبکہ امریکہ میں یہ صدر اور اس کے سیکرٹریوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

وسیع معنوں میں مجلس عاملہ ان افراد کا شعبہ ہے جو قوانین پر عمل درآمد کے لئے مجاز ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ریاست کے سربراہ وزراء اور سول سروس کا عملہ جیسے سیکرٹریز، محکموں کے سربراہان اور کلرک وغیرہ شامل ہیں۔



ایگزیکٹیو کی نمائندہ تصویر (پبلک سروس کمیشن آفس۔ دہلی)

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

تعریفیں:

گارنر کے مطابق: 'مجلس عاملہ، حکومت کا وہ شعبہ ہے جو ریاست کی مرضی کو نافذ کرتا ہے۔ جس کا اظہار مقننہ، آئین اور عدالتی فیصلوں کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

ویلّو بیر کے مطابق: مجلس عاملہ کا اختیار یا اس کا کام پوری حکومت کی نمائندگی کرنا ہے۔ اور یہ دیکھنا ہے کہ اس کے قوانین اور مطالبات اس کے مختلف اعضاء میں انجام پاتے ہیں۔

اہمیت :

ہر سیاسی نظام میں مجلس عاملہ کو مرکزی مقام حاصل ہوتا ہے۔ اس کی اہمیت درجہ ذیل ہے۔

1. مجلس عاملہ حکومت کی مشین ہے:

جس طرح ہم دماغ کے بغیر جسم کا تصور نہیں کر سکتے۔ اسی طرح مجلس عاملہ کے بغیر ریاست کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ مجلس عاملہ کی تشکیل کا طریقہ پوری حکومت کی اہلیت کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ قوم کے مکمل انتظامیہ کی ذمہ دار ہوتی ہے۔

2. قانون کا نفاذ:

اگر مجلس عاملہ موجود نہ ہو تو مقننہ کے ذریعے بنائے گئے قوانین کو نافذ نہیں کیا جا سکتا۔ مقننہ خواہ کتنی ہی اچھی قانون سازی کیوں نہ کرے، اسے صحیح طریقے سے نافذ کرنا مجلس عاملہ کی ذمہ داری ہے۔

3. جمہوریت کا ایک مؤثر آلہ:

آج جمہوریت حکومت کی شکل نہیں ہے بلکہ لوگوں کی زندگی کا ایک طریقہ ہے۔ جمہوریت کے مؤثر ہونے کے لئے ہر سطح پر مجلس عاملہ ضروری ہے۔ اس سلسلے میں مؤثر قیادت کے ساتھ ایک مجلس عاملہ ضروری ہے۔

4. فلاحی ریاست کا ایک آلہ:

تمام جدید ریاستوں کا مقصد ایک فلاحی ریاست کا قیام ہے۔ مجلس عاملہ عوام کی ترقی کے لئے زیادہ سے

@KTES NOT TO BE REPUBLISHED

زیادہ پروگرام شروع کرنے کے نتیجے میں زیادہ اہمیت حاصل کر رہا ہے۔

5. قومی وقار کی علامت:

مجلس عاملہ بین الاقوامی معاہدوں کو انجام دینے، تعلقات کو فروغ دینے اور قومی مفادات کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پرامن اور ہم آہنگ خارجہ پالیسی پر عمل کر کے قوم کے وقار کو بڑھاتی ہے۔

لفٹ مین کا کہنا ہے کہ رائے دہندگان کی طرف سے حکومت پر عائد نئی ذمہ داریاں اور حکومت کو حاصل ہونے والے ہر اضافی اختیارات مجلس عاملہ کی اہمیت میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔

مجلس عاملہ کے اقسام :

مجلس عاملہ کے اقسام کو قطعی اس طرح بیان نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ ایک ہی ملک میں دو یا تین قسم کی حکومتیں بیک وقت ہو سکتی ہیں۔ اس کی اقسام درج ذیل ہیں۔

1. برائے نام مجلس عاملہ:

برائے نام مجلس عاملہ وہ نظام ہے جس میں حکومت کا سربراہ ملک کے سربراہ کے نام پر طاقت کا استعمال کرتا ہے۔ جیسا کہ ہندوستان کے صدر اور برطانیہ کی ملکہ یا بادشاہ برائے نام مجلس عاملہ افسران کے طور پر کام کرتے ہیں۔ کابینہ جس میں وزیر اعظم بھی شامل ہیں، یہ حقیقی مجلس عاملہ کے طور پر ان کے نام پر حکومت کرتے ہیں۔

2. حقیقی مجلس عاملہ:

حقیقی مجلس عاملہ وہ نظام ہے جس میں مجلس عاملہ کا سربراہ دراصل حقیقی طاقت کا استعمال کرتا ہے۔ مثال کے طور پر ہندوستان کے وزیر اعظم پر مشتمل کابینہ۔

3. پارلیمانی مجلس عاملہ:

پارلیمانی مجلس عاملہ ایک ایسا نظام ہے جہاں مجلس عاملہ کو قانون ساز اسمبلی منتخب کرتی ہے اور اس کے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اعتماد میں کام کرتی ہے۔مجلس عاملہ اس وقت تک اقتدار میں رہتی ہے جب تک اسے مقننہ کے ایوانِ زیریں کا اعتماد حاصل ہے۔اس نظام میں سربراہ مملکت برائے نام مجلس عاملہ آفیسر ہوتا ہے اور اصل اختیار وزیراعظم پر مشتمل کابینہ کے پاس ہوتا ہے۔

4. صدارتی مجلس عاملہ:

ایک صدارتی مجلس عاملہ ایک ایسا نظام ہے جس میں مجلس عاملہ کا سربراہ براہ راست عوام کے ذریعے منتخب کیا جاتا ہے۔اور مقننہ کے ذریعے نہیں بنایا جاتا ہے۔اور مقننہ کے سامنے جوابدہ نہیں ہوتا ہے۔D. V. Varner نے کہا ہے کہ 'مجلس عاملہ ہی حکومت کا سربراہ اور ملک کا سربراہ ہے'۔مثال کے طور پر امریکہ۔

5. واحد رکنی مجلس عاملہ:

یہ ایک مجلس عاملہ ہے جس میں ریاست کے تمام اختیارات مرکزی حکومت کے ہاتھ میں مرکوز ہیں۔ پروفیسر گارنر کے مطابق تمام اختیارات مرکز کے اعضاء کو آئین نے دیئے ہیں اور اسی کے ذریعے صوبائی یا مقامی حکومتیں اپنے اختیارات اور خودمختاری کے ساتھ وجود میں آئی ہیں۔یہ سنگل پرسن یا واحد رکنی مجلس عاملہ ہے۔مثال کے طور پر انگلینڈ۔

6. کثیر رکنی مجلس عاملہ:

کثیر رکنی مجلس عاملہ ایک ایسا نظام ہے جس میں تمام انتظامی اختیارات کسی ایک فرد کے پاس نہیں ہوتے بلکہ کئی افراد یا کئی تنظیموں میں تقسیم ہوتے ہیں۔مثال کے طور پر سوئزرلینڈ۔

7. سیاسی مجلس عاملہ:

عوام کی طرف سے ایک مقررہ مدت کے لئے منتخب کردہ مجلس عاملہ کو سیاسی مجلس عاملہ کہا جاتا ہے۔مثال کے طور پر ملک کی کابینہ۔

©KBSB NOT TO BE REPUBLISHED

8. مستقل مجلس عاملہ:

مستقل مجلس عاملہ بیوروکریٹک طبقہ ہے جو ریٹائرمنٹ تک اقتدار میں رہتا ہے اور قوانین کو نافذ کرتا ہے۔ وہ سیاسی مجلس عاملہ کی ہدایت پر عمل کرنے اور ان پر عمل درآمد کا ذمہ دار ہے۔ جو بھی پارٹی حکومت بنائے گی اس کی ایک مخصوص مدت ہوگی لیکن یہ نوکر شاہی طبقہ مستقل ہے اور سیاسی مجلس عاملہ کی ریڑھ کی ہڈی کا کام کرتا ہے۔

مجموعی طور پر مجلس عاملہ پوری قوم کے انتظامیہ کی ذمہ دار ہے۔ جیسے جیسے ہم ترقی کر رہے ہیں، مجلس عاملہ کی ذمہ داری بڑھتی جا رہی ہے۔ مجلس عاملہ ریاست کی زندگی ہے۔ اگرچہ مقننہ نظریاتی طور پر جمہوریت میں سب سے بڑا ادارہ ہے۔ لیکن عملی طور پر مجلس عاملہ ریاست کی مجموعی نظم ونسق کو منظم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کیجئے۔

1. قوانین کو نافذ کرنے والا شعبہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔
2. تمام جدید ریاستوں کا مقصد۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ریاست کا قیام ہے۔
3. آبائی طریقہ سے ریاست کے سربراہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا انتخاب کیا جاتا ہے۔
4. ہندوستان کے صدر کا انتخاب۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ الیکشن کے ذریعے ہوتا ہے۔

II۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے۔

5. لفظ 'karyanga' کس بنیادی لفظ سے آیا ہے؟

6. کس شعبے کو انتظامی شعبہ کہا جاتا ہے؟
7. مجلس عاملہ کا اصل سربراہ کون ہے؟
8. براہ راست انتخاب کا طریقہ کیا ہے؟

III۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں دیجئے۔

9. مجلس عاملہ کے معنی کیا ہیں؟
10. مجلس عاملہ کی کوئی دو اہمیتیں بیان کریں۔
11. مجلس عاملہ کی جانب سے انجام دیئے جانے والے چار افعال لکھئے۔

سرگرمیاں:

- مقامی اداروں کے منتظم سے رابطہ کریں اور ان کے انتظامی کاموں کی فہرست بنائیں۔
- کوئی پانچ مجلس عاملہ رکھنے والے ممالک کے سربراہوں کے عہدوں کو لکھیں اور ان کی تصاویر جمع کریں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

...

مجلس عدلیہ

تمہید:

سیاسی نظام میں عدلیہ کی اہمیت ہے۔عدلیہ حکومت کا تیسرا شعبہ ہے جو مقننہ کے بنائے ہوئے قوانین کی تشریح کرتا ہے۔مجلس عاملہ کے احکامات کی وضاحت کرتا ہے اور عدلیہ کا انتظام کرتا ہے۔یہ قوم کی حفاظت کے محافظ کے طور پر جانا جاتا ہے۔بے گناہ لوگوں کی حفاظت کرتا ہے اور مجرموں کو سزا دینا اس کا اولین فرض ہے۔ ایک منظم ملک کی تعمیر عدالتی نظام سے ہی ممکن ہے۔



عدلیہ کی نمائندہ تصویر

معنی:

لفظ 'عدلیہ' یا 'judiciary' لاطینی لفظ 'جسٹیشیا' (Justitia) سے ماخوذ ہے۔

تعریف:

جان رالز کے مطابق ''عدلیہ حکومت کا وہ عضو ہے جو شہریوں کے حقوق کا تعین اور تحفظ کرتی ہے، مجرموں کو سزا دیتی ہے، انصاف کو برقرار رکھتی ہے اور بے گناہ کو نقصان سے بچاتی ہے۔''

NOT TO BE REPUBLISHED

اہمیت:

لارڈ برائس کے بقول ''اگر انصاف کی روشنی اندھیرے سے نکلتی ہے تو اس اندھیرے کے پیچھے حقیقت کا ادراک ہوجاتا ہے۔'' یہ بیان انصاف کی اہمیت پر زور دیتا ہے درج ذیل نکات اس کی تصدیق کریں گے۔

1. قوانین کی حفاظت:

انسان چاہے کتنے ہی اچھے کیوں نہ ہو جب وہ قانون سے نہیں ڈرتے تو فطری طور پر وہ قوانین کی نافرمانی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ایسے موقع پر قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو سزا دے کر عدلیہ لوگوں کو اپنے حدود کا احساس کرانے اور معاشرہ میں رہنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔

2. حقوق اور آزادی کا تحفظ:

عدلیہ حکومتی اور نجی تجاوزات سے شہریوں کے حقوق اور آزادی کے تحفظ کی ذمہ داری کی مالک ہے۔ اس لئے اسے حقوق اور آزادی کا محافظ قرار دیا گیا ہے۔ یہ حکومت کو اپنے دائرہ اختیار سے زیادہ قدم اٹھانے سے روکتی ہے۔ اس طرح یہ حکومت کے ظلم کو قابو کرتی ہے اور شہریوں کی آزادی کا تحفظ کرتی ہے۔

3. شہری بہبود اور سلامتی:

ایک قوم کی سلامتی اور شہریوں کی فلاح و بہبود کا انحصار عدالتی نظام پر ہوتا ہے۔ عدلیہ غیر جانبداری اور آزادانہ طور پر لوگوں کے جان و مال کی حفاظت کی ذمہ داری اٹھاتی ہے۔ جہاں عدلیہ کے کام صحیح طریقے سے ہوتے ہیں وہاں لوگ محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ اس سے معاشرہ کی ترقی میں بھی مدد ملتی ہے۔

4. ریاست میں نظم و نسق کا قیام:

ریاست میں قانون کو نافذ کرتی ہے اور اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سزا دیتی ہے۔ عدلیہ سول قانون، فوجداری قانون سے نمٹتی ہے۔ دستوری قانون پر عمل درآمد سے ریاست میں نظم و ضبط برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔

© PTBS NOT TO BE REPUBLISHED

5. عوامی اعتماد کی تعمیر:

آئین کی اہلیت کا انحصار عدلیہ کے مؤثر کام کرنے پر ہے۔ عدلیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسی اعتماد کے ساتھ کام جاری رکھے۔ یہ اس اصول کو زندہ رکھتا ہے کہ قانون کی نظر میں سب برابر ہیں۔

جسٹس بھگوتی نے اپنے بیان میں انصاف کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ 'یہ انصاف کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ عدلیہ اس بات کو یقینی بنائے کہ ملک کے سماجی اور معاشی پروگرام غریب اور کمزور طبقات کے حق میں ہوں'۔

تشکیل:

عدلیہ کی تشکیل ایک ملک سے دوسرے ملک میں مختلف ہوتی ہے۔ ہر ملک کی اپنی عدلیہ ہوتی ہے جو متعلقہ ملک کے سیاسی نظام کے مطابق ہوتی ہے۔ کچھ ممالک میں ایک متحدہ عدالتی نظام ہے۔ جبکہ کچھ ممالک میں جامع عدالتی نظام ہے۔

ایک متحدہ عدالتی نظام کی تشکیل:

ایک متحد عدالتی نظام میں ایک ملک کے اندر تمام عدالتیں تشکیل دی جاتی ہیں اور درجہ بندی کے اصول کی بنیاد پر کام کرتی ہیں۔ متحد عدالتی نظام والے ممالک میں مرکز سے متعلق تنازعات کا فیصلہ سپریم کورٹ کرتا ہے۔ جبکہ ریاست سے متعلق تنازعات کا فیصلہ ریاستی ہائی کورٹس، ضلعی سطح پر سیشن عدالتیں اور تعلقہ سطح پر مجسٹریٹ عدالتیں کرتی ہیں۔ یہ سب ایک حکم کے پابند ہیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان، کینیڈا

سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کے فیصلوں کو ماتحت عدالتیں فیصلے سناتے وقت بطور نمونہ لیتی ہیں۔ سپریم کورٹ خود فیصلوں کو نظیر کے طور پر رکھتی ہے۔ سپریم کورٹ حتمی اپیل کی عدالت ہے۔ یہاں ہر قسم کے مقدمات کو نمٹانے کے بعد دیئے گئے فیصلوں پر نظر ثانی کے لئے سپریم کورٹ سے رجوع کرنا ناگزیر ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلوں پر نظر ثانی کرنے والی اپیل کورٹ یہاں موجود نہیں ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

جامع عدالتی نظام کی تشکیل:

جامع عدالتی نظام میں مرکز اور ریاستوں کے الگ الگ اور آزادانہ عدالتی نظام ہوتے ہیں۔ ریاستوں میں ہائی کورٹس آزادانہ طور پر ریاستوں سے متعلق کام انجام دیتی ہیں۔ مثال کے طور پر ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے مرکز میں سپریم کورٹ ہے۔ یہ آئینی طور پر تشکیل دیا گیا ہے۔ ریاستوں میں عدالتیں مرکزی مقننہ (کانگریس) کے قوانین کے ذریعے تشکیل دی جاتی ہیں۔ یہ ریاستوں میں آزادانہ طور پر کام کرتے ہیں۔

سوئزرلینڈ میں بھی جامع عدالتی نظام ہے۔ مرکز اور ریاست دونوں کا آزادانہ عدالتی نظام ہے۔ وہاں ججوں کا انتخاب وفاقی اسمبلی کرتی ہے۔ یہ آئینی قانون سے بھی متعلق ہے۔ یہاں سے ریاست میں امن وامان کو برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے۔

عدلیہ کے افعال:

نظام حکومت میں عدلیہ کو اہم مقام حاصل ہے۔ یہ عدالتی کام انجام دے کر معاشرہ کی ہمہ جہت ترقی کے لئے کوشاں ہے۔ اس کے افعال درج ذیل ہیں۔

1. قانون کی تشریح:

عدلیہ ضرورت کے مطابق پوشیدہ اور انتہائی مختصر قوانین کی تشریح کرتی ہے۔ ہم دستور کے ماتحت ہیں لیکن جیسا کہ آئینی جج نے کہا۔ یہ جسٹس ہیوز کے بیان سے درست ثابت ہوتا ہے۔

2. عدالتی فیصلہ:

عدلیہ کا بنیادی کام قابل اطلاق قانون کے مطابق فیصلے دینا ہے۔ یہ فرد یا افراد اور حکومت کے درمیان، ریاستوں کے درمیان فیصلوں کے ذریعے تنازعات کو حل کرنے کا کام کرتا ہے۔

3. رِٹ جاری کرنا:

جب شہری اپنے حقوق سے محروم ہیں تو وہ عدالت میں جا سکتے ہیں۔ ان کے حقوق کے تحفظ کے لئے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

عدالت حکم جاری کرتی ہے اور حقوق کی حفاظت کرتی ہے۔ اس کو رِٹ آرڈر کہا جاتا ہے۔

4. مشورہ دینا:

ہندوستان جیسے ملک میں جب پیچیدہ سوالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو عدلیہ حکومت کو مشورہ دیتی ہے۔ لیکن ایسا کرنے کا کوئی اصول نہیں ہے۔ امریکہ میں اس کا رواج نہیں ہے۔

5. عدالتی نظر ثانی:

عدالتی جائزے میں مقننہ کے نافذ کردہ قوانین اور مجلس عاملہ کی طرف سے جاری کردہ احکامات کی آئینی حیثیت کا جائزہ لینے کا اختیار ہے۔ جو ان کی درستگی اور باطل ہونے کا اعلان کرتے ہیں۔

عدلیہ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ مقننہ اور مجلس عاملہ کے ذریعے چلائے گئے اختیارات کے معاملات کا جائزہ لیں۔ مثال کے طور پر ہندوستان اور امریکہ۔

مجموعی طور پر معاشرے کا امن وہ امان برقرار رکھنے کی پوری ذمہ داری عدلیہ پر عائد ہوتی ہے۔ یہ شہریوں کے مفاد کے مطابق قانون سازی کے قوانین، مجلس عاملہ کے احکامات پر عمل آوری کو یقینی بناتا ہے۔ اس لیے آزاد، غیر جانبدارانہ بے خوف عدلیہ ملک کے صحت مند ہونے کی کنجی ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1. عدلیہ کا ماخذ لفظ --------
2. حقوق کا محافظ ----------کو کہتے ہیں۔

3. ہم دستور کے ماتحت ہیں لیکن جیسا کہ آئینی جج نے کہا یہ بیان ان کا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

4. سپریم کورٹ کے موجودہ چیف جسٹس۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

II۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجئے۔

5. عدلیہ کی کوئی دو اہمیت کو درج کریں۔

6. عدلیہ کی کوئی دو افعال بتائیں۔

سرگرمیاں:

- اپنے مدرسے میں ایک فرضی عدالت کا اہتمام کریں اور بحث کریں۔
- اپنی قریبی عدالت میں جائیں اور اس کی کاروائی کا مشاہدہ کریں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

...

L5U5T9

سبق:10

مرکزی حکومت

UNION GOVERNMENT

سبق کا تعارف:

اس سبق میں مرکزی حکومت کے مجلس قانون ساز کی تشکیل اور اختیارات کو متعارف کیا گیا ہے۔اس کے علاوہ پارلیمنٹ کے اراکین کی قابلیتی شرائط اور اختیارات، صدر ہند اور وزیر اعظم کے اختیارات اور فرائض، اور کابینہ کی تشکیل اور اختیارات پیش کئے گئے ہیں۔

صلاحیتیں:

1- مرکزی حکومت کی تشکیل اور اختیارات کے متعلق جان پائیں گے۔

2- مجلس قانون ساز اور مجلس عاملہ کی تشکیل اور اس کے اختیارات جانیں گے۔

3- لوک سبھا راجیہ سبھا کی تشکیل اور اختیارات کے متعلق جانیں گے۔

4- صدر ہند اور وزیر اعظم کے اختیارات اور فرائض کے متعلق جانیں گے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

متحد ہندوستان:

ہندوستان 28 ریاستیں اور 8 مرکزی علاقوں پر مشتمل ریاستوں کا مجموعہ ہے۔اس مجموعہِ سرکار کو 'مرکزی حکومت' کہتے ہیں۔مرکزی حکومت کے تین شعبے ہیں۔

مجلس قانون ساز : قانون بنانا اس شعبے کا اہم کام ہے۔یہ مجلس عاملہ پر مکمل اختیار رکھتی ہے۔

مجلس عاملہ : قانون کو نافذ کرنا اس شعبے کا کام ہے۔

مجلس عدلیہ: انصاف دلانا اس شعبے کا کام ہے۔

عدلیہ آئین اور قوانین سے متعلق وضاحتیں اور فیصلے دیتی ہے۔یہ تنازعات کو بھی حل کرتا ہے۔
(مثال کے طور پر: افراد کے درمیان فرد اور حکومت کے درمیان اور حکومتوں کے درمیان وغیرہ۔)

یہ شعبے کس طرح بنائے جاتے ہیں؟ ان کے اختیارات اور فرائض کیا ہیں؟ اس کے متعلق جانیں گے۔

مرکزی مجلسِ قانون ساز

مجلس قانون ساز کو پارلیمنٹ بھی کہتے ہیں۔ ہندوستان کی پارلیمنٹ صدرِ ہند اور دو ایوانوں پر مشتمل ہے۔ یہ دو ایوان 'لوک سبھا' اور 'راجیہ سبھا' ہیں۔ پارلیمنٹ اپنے اجلاس کو نئی دہلی کے ''پارلیمنٹ ہاؤس'' میں چلاتی ہے۔ یہاں پارلیمنٹ ہاؤس کے ممبران کافی غور وفکر کے بعد پورے ملک پر نافذ العمل ہونے والے قوانین لوک سبھا میں بناتے ہیں۔

لوک سبھا: لوک سبھا پارلیمنٹ کا ایوان زیرین (Lower House) ہے۔ لوک سبھا اراکین کا انتخاب راست طور پر عوام سے ہوتا ہے۔ جن کی عمر 18 سال کی ہو۔ لوک سبھا کے اراکین کی تعداد زیادہ سے زیادہ 552 ہے۔

لوک سبھا اراکین: لوک سبھا کے اراکین پانچ سال کی مدت کے لئے منتخب ہوتے ہیں۔ ایک رکن کئی بار الیکشن لڑ سکتا ہے۔ لوک سبھا اپنی پانچ سال کی پوری معیاد ختم ہونے پر تحلیل ہو جاتی ہے۔

لوک سبھا کا رکن بننے کی اہلیت/شرائط :-

1- ہندوستان کا شہری ہو۔

2- اس کی عمر 25 سال ہو۔

3- وہ کسی بھی سرکاری منصب پر نہ ہو۔

4- دماغی توازن نہ کھویا ہوا ہو۔

5- کسی بھی عدالت کے ہاتھوں سزا یافتہ نہ ہو۔

6- وہ دیوالیہ نہ ہو (یعنی معاشی طور پر سب کھویا ہوا نہ ہو)۔

©KSRBS NOT TO BE REPUBLISHED

7- پارلیمنٹ سے وقتاً فوقتاً طئے کردہ اہلیت پر کھرا اترتا ہو۔

لوک سبھا کا صدر:

لوک سبھا کے اراکین اپنے میں ہی کسی ایک کو صدر چنتے ہیں۔ لوک سبھا کے صدر کے اختیارات و فرائض یہ ہیں۔ پارلیمنٹ میں بحث کئے جانے والے موضوعات کا فیصلہ کرنا۔ لوک سبھا کے اجلاس منظم طریقے سے چلانا۔ نظم وضبط اور امن کو برقرار رکھنا۔ اور وقت کی پابندی کا لحاظ رکھنا۔ صحیح طور پر بحث کرنا اور غور وفکر کے بعد فیصلہ لینا۔

راجیہ سبھا: راجیہ سبھا پارلیمنٹ کا ایوان بالا (Upper House) ہے۔ اس ایوان کے اراکین کی زیادہ سے زیادہ تعداد 250 ہوتی ہے۔ راجیہ سبھا کے ممبروں کا انتخاب راست طور پر عوام سے نہیں ہوتا بلکہ راجیہ سبھا کے 238 اراکین کو تمام ریاست کے ودھان سبھا کے اراکین منتخب کرتے ہیں۔ باقی 12 ممبروں کو صدر ہند نامزد کرتے ہیں۔

راجیہ سبھا کے اراکین:

راجیہ سبھا کا رکن بننے کے لئے عمر کم سے کم 30 سال ہونی چاہیے۔ راجیہ سبھا کے اراکین کی معیاد 6 سال ہے۔ ہندوستان کے نائب صدر ہی راجیہ سبھا کے صدر ہوتے ہیں۔

پارلیمانی اراکین کے حقوق:

لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ممبران کو ایم۔ پی۔ (ممبر آف پارلیمنٹ) کہا جاتا ہے۔ انہیں پارلیمنٹ میں بولنے کا اختیار ہے۔ پارلیمنٹ میں پیش کئے گئے ان کے اظہار خیال پر کوئی عدالت اعتراض نہیں کرسکتی۔

اپوزیشن لیڈر اور اس کے اختیارات:

اپوزیشن پارٹی کے لیڈر کو حکومت میں ایک عزت دار مقام حاصل ہے۔ کیونکہ وہ حکمران اور حکومت کے غلط کاموں کی نشاندہی کرتے ہیں اور حکومت کی پالیسیوں اور پروگراموں کا جائزہ لیتے ہیں اور حکومت مجلس وزراء اور آفیسروں کو تنبیہ کرتے ہیں۔

© SCERT
NOT TO BE REPUBLISHED

''پارلیمنٹ کے اختیارات اور فرائض''

پارلیمنٹ کے چند اہم اختیارات اور فرائض درج ذیل ہیں۔

1۔ قانون سازی کے اختیارات:

پارلیمنٹ کا اہم کام قانون بنانا ہے۔ضرورت پڑنے پر قانون میں ترمیم کرنے یا اسے رد کرنے کا بھی اسے حق ہے۔ان میں وزیراعظم مجلس وزراء کا سربراہ ہوتا ہے اور کابینہ پر اس کا کنٹرول ہوتا ہے۔اگر کسی صورت میں وزراء اصول کے مطابق کام نہیں کر رہے ہوں تو پارلیمنٹ کو یہ حق ہے کہ اکثریت سے اس کو برخاست کردیں۔

2۔ مالی اختیارت:

مالی مسودہ (bill) پہلے لوک سبھا میں پیش کرنا ضروری ہے۔ پارلیمنٹ کی اجازت کے بغیر سرکار کسی طرح کا محصول (ٹیکس) اصول نہیں نافذ کرسکتی اور نہ ہی کسی طرح کا خرچ کرسکتی ہے۔اس کا مطلب ہے کہ مالیاتی نظام پر پارلیمنٹ کا مکمل اختیار ہے۔

3۔انتظامی اختیارات:

پارلیمنٹ کے اراکین کے ذریعے پوچھے جانے والے سوالات کے ذمہ دارانہ جوابات دینا وزراء کی ذمہ داری ہے۔اراکین سرکار کی کارگزاریوں کی کڑی نگرانی کرتے ہیں۔ان سے ہونے والی کوتاہیوں اور اختیارات کے غلط استعمال کے لئے وہ پارلیمنٹ میں جوابدہ ہیں۔

4۔ دستور میں ترمیم کے اختیارات:

پارلیمنٹ کو دستور میں ترمیم کرنے کا پورا حق حاصل ہے۔

@KTPS NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان کا دستور

ستیہ میوا جیاتے

اقتداری شعبے

مرکزی حکومت

مجلس قانون ساز	مجلس عاملہ	مجلس عدلیہ
لوک سبھا ایوان زرین 552 اراکین راجیہ سبھا ایوان بالا 250 اراکین	صدر ہند وزیر اعظم مرکزی مجلس وزراء	سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ

ریاستی حکومت

ریاستی مجلس قانون ساز	ریاستی مجلس عاملہ	ریاستی مجلس عدلیہ
کرناٹک ودھان سبھا (ایوان زرین) اراکین 225 ودھان پرشید (ایوان بالا) اراکین 75	گورنر وزیر اعلیٰ ریاستی مجلس وزراء	ہائی کورٹ اور ماتحتی عدالتیں

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مرکزی مجلس عاملہ

مرکزی مجلس عاملہ: مرکزی مجلس عاملہ میں صدر، وزیر اعظم اور مرکزی کابینہ شامل ہے۔

''صدر ہند''

جمہوری ملک کے حاکم اعلیٰ کو 'صدر' کہتے ہیں۔ وہ مرکز کے اعلیٰ سربراہ ہیں۔ ان کی سرکاری قیام گاہ 'راشٹر پتی بھون' ہے۔ پارلیمنٹ کے دونوں منتخب اراکین اور سبھی ریاستوں کی مجالس قانون ساز کے ممبران مل کر صدر ہند کا انتخاب کرتے ہیں۔ ہندوستان کے صدر بننے کے لئے ان کی عمر کم سے کم 35 سال ہو۔ اس کے علاوہ سبھی قابلیتی شرائط ضروری ہیں۔ جو پارلیمنٹ کے ممبر بننے کے لئے چاہیے ان کی کارکردگی کی معیاد پانچ سال ہے۔



راشٹر پتی بھون، نئی دہلی



نیا پارلیمنٹ ہاوس، نئی دہلی

صدر ہند کے اختیارات:

1) صدر لوک سبھا میں اکثریت حاصل کرنے والے لیڈر کو وزیر اعظم مقرر کرتے ہیں۔ اس کے بعد وزیر اعظم کے مشورے سے دیگر وزراء کا تقرر ہوتا ہے۔

2) کسی بھی مسودہ کا قانون بننے کے لئے صدر کے دستخط ضروری ہیں۔

NOT TO BE REPUBLISHED © SCERT

3) صدر ہند مسلح افواج کا کمانڈر ان چیف (امیرِ افواج) ہوتا ہے۔ انھیں جنگ کا اعلان کرنے کا حق بھی حاصل ہے۔

4) صدر ہند کو سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججوں کو تقرر کرنے کا اختیار ہے۔

5) صدر ہند کو کسی مجرم کو معاف کر دینے اور سزا کم کرنے کا اختیار ہے۔

نائب صدر:

مرکزی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اراکین نائب صدر کو منتخب کرتے ہیں۔ نائب صدر بننے کے لئے عمر کم سے کم 35 سال کی ہو۔ اس کے ساتھ وہ تمام شرائط ضروری ہیں جو صدر بننے کے لئے لازمی ہیں۔ ان کے عہدے کی معیاد پانچ سال ہے۔ نائب صدر راجیہ سبھا کا صدر ہوتا ہے۔ صدر کی غیر حاضری میں ان کے کام بھی انجام دیتا ہے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم کی قدر و منزلت: پارلیمنٹ کے طریقے حکومت میں وزیر اعظم کا ایک اہم کردار ہوتا ہے۔ ملک کی حفاظت ان کی پہلی ذمہ داری ہے۔

وزیر اعظم

1) لوک سبھا کا سربراہ ہوتا ہے۔

2) عہدوں کی تقسیم ان کے ذمے ہوتی ہے۔

3) حکومت کے سربراہ ہوتے ہیں۔

4) کابینہ کی اثر نو تشکیل کا حق رکھتے ہیں۔

5) وزراء میں محکمہ تقسیم کرنے کے لئے صدر کو سفارش کرتے ہیں۔

6) وزراء کو عہدے سے برطرف کرنے کی صدر ہند کو سفارش بھی کرتے ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مرکزی کابینہ-تشکیل:

صدرعوام کی طرف سے منتخب اکثریتی پارٹی کے لیڈر کوحکومت بنانے کے لئے مدعو کرتا ہے اور اسے وزیراعظم مقرر کرتا ہے۔ اور وہ وزیراعظم کے مشورے پر باقی وزراء کا تقرر کرتا ہے۔ وزیراعظم اور وزراء مرکزی کابینہ تشکیل دیتے ہیں۔ اس طریقے سے کابینہ کی تشکیل کے عمل کو پارلیمانی نظام یا کابینہ نظام کہا جاتا ہے۔

وزراء مختلف محکموں کے سیاسی سربراہ ہوتے ہیں۔ وزارتی ذمہ داری کابینہ کے نظام کا نچوڑ ہے۔ ہر وزیر اپنے محکمہ کے مناسب کام وکاج کے لئے ذاتی طور پر ذمہ دار ہوگا۔

وزیراعظم ہی وزراء کو محکمہ مختص کرتے ہیں۔ مخصوص حالت میں وہ کسی بھی وزیر سے استعفیٰ مانگ سکتے ہیں۔ جب وزیراعظم استعفیٰ دیں گے تو کابینہ بھی تحلیل ہوجائے گی۔ کابینہ لوک سبھا کے سامنے جوابدہ ہے۔ اگر لوک سبھا عدم اعتماد کی تحریک کی حمایت کرتی ہے اور اکثریت ثابت کرتی ہے تو کابینہ کو برخاست کر دیا جاتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

یہ بھی جانیے:

- نئی دہلی میں پائے جانے والے پارلیمنٹ ہاؤس راشٹرپتی بھون وغیرہ شاندار عمارتوں کی تعمیر انگریزوں کے دورحکومت میں ہوئی۔ 340 کمروں پر مشتمل راشٹرپتی بھون کا تعمیراتی کام 1929ء میں مکمل ہوا۔
- سنٹرل وسٹا (Central Vista) منصوبہ کے حصے کے تحت نیا پارلیمنٹ ہاؤس تعمیر کیا گیا اور 28 مئی 2023 کو اس کا افتتاح کیا گیا۔ اس میں 888 سیٹوں کا لوک سبھا اور 384 سیٹوں والا راج سبھا ہال موجود ہے۔
- اراکین اسمبلی کو ہر ماہ تنخواہیں اور حلقہ بندی الاؤنس ملتے ہیں۔ اس کے علاوہ انہیں موبائل فون، لینڈ لائن ٹیلی فون، دفتری اخراجات، روڈ مائلیج الاؤنس، مفت بجلی، پانی اور مقامی فون کالز جیسی سہولیات دی جاتی ہے۔

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1- جمہوری ملک ہندوستان کے حاکم اعلیٰ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

2- پارلیمنٹ کے دو ایوان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

3- پارلیمنٹ کے ایوان زیریں کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے۔

4- راجیہ سبھا کے اراکین کی معیاد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال ہے۔

II۔ گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔

5. مرکزی حکومت کے تین شعبے کون سے ہیں؟ اور ان کی کارکردگی افعال لکھئے۔

6. لوک سبھا کا رکن بننے کے لئے اہلیتیں کیا ہیں؟

7. آئین میں ترمیم کا اختیار کس کو حاصل ہے؟ وزیر اعظم کی اہمیت کیا ہے؟

8. مرکزی کابینہ کی تشکیل کس طرح ہوتی ہے؟

III۔ بحث ومباحثہ۔

1۔ لوک سبھا کے اراکین کو مؤثر طریقے سے کام کرنے کی قابل بنانے کے لئے ہم کیا کر سکتے ہیں؟

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

سرگرمیاں:

- اپنے حلقے کے لوک سبھا رکن ممبر سے ملیں اور ان کے اختیارات اور فرائض کے متعلق جانیں۔
- اپنی اسکول میں فرضی (Mock) پارلیمانی اجلاس چلائیے۔
- ہندوستان کے وزرائے اعظم کی فہرست تیار کریں اور اپنے اسکول میں اس کی نمائش کریں۔

...

متحدہ ہندوستان

ہندوستان کی 28 ریاستیں اور 8 مرکزی زیر انتظام علاقے اور ان کے صدر مقام کو جدول میں دیا گیا ہے۔

شمارہ نمبر	ریاستیں	راجدھانی
1	آندھرا پردیش	(امراوتی)
2	اروناچل پردیش	(اِٹانگر)
3	آسام	(ڈسپور)
4	بہار	(پٹنہ)
5	گوا	(پاناجی)
6	گجرات	(گاندھی نگر)
7	ہریانہ	(چنڈی گڑھ)
8	ہماچل پردیش	(شملہ)
9	کرناٹک	(بنگلورو)
10	کیرلا	(ترونتاپورم)
11	مدھیہ پردیش	(بھوپال)
12	مہاراشٹرا	(ممبئی)
13	منی پور	(امپال)
14	میگھالیہ	(شلانگ)
15	میزورام	(آئیزوال)
16	ناگالینڈ	(کوہیما)
17	اڑیسہ	(بھونیشور)
18	پنجاب	(چنڈی گڑھ)
19	راجستھان	(جےپور)
20	سکّم	(گینگٹاک)
21	تمل ناڈو	(چنئی)
22	تریپورہ	(اگرتالہ)
23	اتر پردیش	(لکھنؤ)
24	مغربی بنگال	(کولکتہ)
25	چھتیس گڑھ	(رائے پور)
26	جھارکھنڈ	(رانچی)
27	اترانچل	(دہزہ دون)
28	تلنگانہ	(حیدرآباد)

شمارہ نمبر	مرکزی انتظامیہ علاقے	راجدھانی
1	جموں اور کشمیر	(شری نگر۔موسم گرما)(جموں موسم سرما)
2	لداخ	(لے)
3	انڈومان نکوبار جزائر	(پورٹ بیلر)
4	چنڈی گڑھ	(چنڈی گڑھ)
5	دادراور ناگر حویلی	(سلواسا)
6	دمن اور ڈیو	(دمن)
7	لکشدیب	(کوّرتی)
8	پدوچری	(پدوچیری)
9	دہلی (مرکزی راجدھانی)	(دہلی)

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

T9A4G6

سبق:11

ریاستی حکومت
STATE GOVERNMENT

اس سبق میں ریاستی حکومت کے تین شعبوں جیسے ریاستی مجلس قانون ساز، ریاستی مجلس عاملہ اور عدلیہ کے متعلق تعارف دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ ہی دو ایوانی طریقے کار جیسے ایوان بالا اور ایوان زیریں کی اہمیت کو بتلایا گیا ہے۔ ودھان سبھا کے اراکین کی اہلیت اور اختیارات اور وزیر اعلیٰ اور گورنر کی اہلیت، اختیارات و فرائض کے متعلق تفصیل سے معلومات حاصل کریں گے۔

صلاحیتیں:

1۔ ریاستی حکومت کی ساخت، تشکیل اور اختیارات کے متعلق جانیں گے۔

2۔ ریاستی حکومت کے دائرہ کار کو جانیں گے۔

3۔ راجیہ سبھا-ودھان پریشد اور لوک سبھا-ودھان سبھا کا موازنہ کر کے سمجھیں گے۔

4۔ گورنر کی اہلیت اور اختیارات اور وزیر اعلیٰ کے فرائض اور اختیارات کو جانیں گے۔



ودھان سبھا کے اجلاس کا منظر

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ریاستوں میں ریاستی حکومتیں ہوتی ہیں۔ ان کے اختیارات کم ہونے کے باوجود انہیں بہت سے آزادانہ اختیارات حاصل ہیں۔ ریاستیں لسانی بنیادوں پر مبنی ہیں۔ کرناٹک میں 'کنڑا' ریاستی زبان ہے۔

ہمارے دستور نے تمام ریاستوں میں نظم ونسق کا ایک نظام وضع کیا ہے۔ ریاستی حکومتیں، مرکزی حکومت کے نمونے پر چلتی ہیں۔



ریاستِ کرناٹک کا ہائی کورٹ، بنگلور



ودھان سودھا۔ بنگلور



سورنا سودھا۔ بیلگاوی

ریاستی مجلس قانون ساز:

حکومت کے تین شعبے ہیں۔ ریاستی مجلس قانون ساز، ریاستی مجلس عاملہ اور ریاستی مجلس عدلیہ۔ گورنر اور ریاستی مجلس قانون ساز (دو ایوانوں) سے مل کر ریاستی قانون ساز مجلس بنتی ہے۔ ریاستی قانون ساز مجلس ریاست کے لئے قوانین بناتی ہے۔

ہندوستان کی صرف چھ ریاستوں میں ریاستی مجلس قانون دو ایوانوں پر مشتمل ہے۔ یعنی 'ودھان سبھا' (قانون ساز اسمبلی) اور 'ودھان پریشد' (قانون ساز کونسل)۔ دو ایوانوں والی مجلس قانون ساز کو (بائی کیمرل لیجسلیچر) دو ایوانی 'مجلس قانون ساز' کہتے ہیں۔ باقی تمام ریاستوں میں صرف ایک ہی ایوان ہوتا ہے یعنی قانون ساز اسمبلی۔ ایسی مجلس قانون ساز (یونی کیمرل لیجسلیچر) ایک 'ایوانی مجلس قانون ساز' کہتے ہیں۔ کرناٹک کی مجلس قانون ساز دو ایوانوں پر مشتمل ہے۔

ودھان سبھا (ایوانِ زیریں) Lower House

تشکیل: یہ عام انتخاب میں منتخب شدہ (چنے ہوئے) امیدواروں کا ایوان ہے۔ کرناٹک ودھان سبھا میں کُل '224' سیٹیں ہیں۔

> گورنر اینگلو انڈین کمیونٹی کے ایک رکن کو قانون ساز اسمبلی کے رکن کے طور پر نامزد کرتا ہے۔ قبل ازیں گورنر کو اینگلو انڈین کمیونٹی کے کسی رکن کو قانون ساز اسمبلی کے رکن کے طور پر نامزد کرنے کا موقع ملا تھا، لیکن 2020 کی ایک 14 ویں دستوری ترمیم کے مطابق یہ موقع جاری نہیں رکھا گیا۔

ودھان سبھا کے اراکین (ایم۔ایل۔اے) اپنے میں سے ایک کو اپنا صدر (اسپیکر) چنتے ہیں۔ ودھان سبھا کی معیاد 5 سال ہے۔ یہ مستقل ایوان نہیں ہے۔

ودھان سبھا کے امیدواروں کی اہلیتیں درج ذیل ہیں۔

- ہندوستان کا شہری ہو۔
- عمر کم سے کم 25 سال ہو۔
- سرکاری ملازمت سے فائدہ اٹھانے والا نہ ہو۔
- دیوالیہ نہ ہو۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ودھان سبھا کے اراکین کی ذمہ داریاں:

اپنے حلقے میں سفر کرنا، لوگوں کی خوشیوں اور غموں میں شریک ہونا اور ان کے مسائل حل کرنا ہے۔ انہیں فلاحی پروگراموں میں خصوصی دلچسپی لینا چاہیے۔ انہیں اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں سہولت فراہم کرنے کے لئے حکومت کی طرف سے انہیں ماہانہ تنخواہ اور کچھ سہولیات دی جاتی ہیں۔ انہیں کچھ حقوق اور تحفظات بھی حاصل ہیں۔

ودھان سبھا کے اختیارات اور فرائض:

1. ریاست کی قانون ساز کمیٹی ہی ودھان سبھا ہوتی ہے۔
2. مالی معاملات میں ودھان سبھا کا فیصلہ ہی آخری فیصلہ ہے۔
3. مجلس وزراء پر قابو رکھنا اہم کام ہے۔ اگر مجلس وزراء کا طریقہ کار تسلی بخش نہیں رہا تو اعتماد کا ووٹ کے ذریعے اکثریت ثابت نہ کر پانے کی صورت میں اسمبلی کو تحلیل کیا جا سکتا ہے۔
4. ودھان سبھا کے اراکین ہندوستان کے صدر کے انتخاب میں بھی حصہ لیتے ہیں۔

ودھان پریشد (ایوانِ بالا) Upper House

تشکیل: ودھان پریشد کے اراکین (ایم.ایل.سی) کی تعداد ودھان سبھا کے کل اراکین کی تعداد کے ایک تہائی (1/3) سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ کرناٹک ودھان پریشد کے اراکین کی تعداد 75 ہے۔ کچھ اراکین کا انتخاب گورنر کے ذریعے ہوتا ہے۔ دیگر کا انتخاب اراکین، مقامی اداروں، رجسٹرڈ گریجویٹ اور اساتذہ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ ودھان پریشد کے اراکین کی معیاد 6 سال ہوتی ہے اور ودھان پریشد کے اراکین بننے کے لئے عمر کم سے کم 30 سال ہو۔

ریاستی مجلس عاملہ:

ریاستی مجلس عاملہ گورنر، وزیر اعلیٰ اور اس کی کابینہ پر مشتمل ہے۔ عام طور پر اس کی تشکیل اور کام کرنے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کا طریقہ مرکز کے طریقے جیسا ہوتا ہے۔

گورنر :

دستور کے تحت گورنر مجلس عاملہ کا سربراہ ہوتا ہے۔لیکن دراصل اس مجلس عاملہ کا مقتدر اعلیٰ وزیر اعلی ہی ہوتا ہے۔گورنر کا تقرر ہندوستان کے صدر ہند کرتے ہیں۔ان کی معیاد 5 سال ہے۔

گورنر بننے کے لئے اہلیتیں :

- ہندوستانی شہری ہو۔
- کم سے کم عمر 35 سال ہو۔
- پارلیمنٹ یا ریاستی قانون ساز مجلس کا رُکن نا ہو۔

گورنر کے اختیارات :

- وزیر اعلیٰ کا تقرر کرنا اور ان کی سفارش کے تحت دیگر وزراء کا تقرر کرنا۔
- ریاستی مجلس قانون ساز سے منظور شدہ بل یا قانون کو منظوری دینے کا حق ہے۔
- اگر ریاستی حکومت دستور کے مطابق کام نہ کر رہی ہو تو صدر ہند کو رپورٹ پیش کر کے ریاستی حکومت کو برطرف کرنے کا حق بھی ہے۔

اگر صدر ریاستی حکومت کو برطرف کر کے صدارتی حکومت قائم کریں تو اس مدت میں گورنر ہی ریاستی حکومت کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔

وزیر اعلیٰ :

مرکزی حکومت میں وزیر اعظم حکومت کے اعلیٰ سربراہ ہوتے ہیں اور ریاستی حکومت میں وزیر اعلیٰ حکومت کے اعلیٰ سربراہ ہوتے ہیں۔ودھان سبھا میں اکثریت حاصل کرنے والی جماعت کے لیڈر کو گورنر، وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے تقرر کرتے ہیں۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

وزیراعلیٰ کے فرائض اور اختیارات:

- وزیراعلیٰ کی سفارش پر گورنر دیگر وزراء کا انتخاب کرتے ہیں۔
- وزیراعلیٰ کو وزراء میں محکمہ جات کی تقسیم اور ان کی تبدیلی کا بھی اختیار حاصل ہے۔
- وزراء کو عہدے سے برطرف کرنے کا بھی اختیار ہے۔
- مرکز اور ریاست کے درمیان اچھے تعلقات بنائے رکھنے میں بھی یہ اہم رول ادا کرتے ہیں۔
- مختصراً بحیثیت مجموعی ریاست کی ترقی وزیراعلیٰ کی زیر قیادت کابینہ کے بہترین انتظامیہ سے ممکن ہوتی ہے۔

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1. اساتذہ کے نمائندے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ایوان کے اراکین ہوتے ہیں۔
2. سورنا سودھا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ شہر میں واقع ہے۔
3. ودھان سبھا کے اجلاس کی کاروائی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی قیادت میں ہوتی ہے۔
4. گورنر کا تقرر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتے ہیں۔
5. کرناٹک کے ودھان سبھا کے اراکین کی تعداد ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

II۔ گروہوں میں بحث کرتے ہوئے جواب دیجئے۔

6. دوایوانی مجلس قانون ساز (Bicameral Legislature) کس کو کہتے ہیں؟
7. آپ کی اسمبلی حلقے کے رکن (ایم۔ایل۔اے) کون ہیں؟
8. گورنر کے کسی تین اختیارات کو بتلایئے۔
9. وزیراعلیٰ کے اہم اختیارات اور فرائض کیا ہیں؟

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

10. ودھان سبھا کے اراکین (ایم.ایل.اے) کے فرائض بتلایئے۔

سرگرمیاں :

- اپنے بزرگوں کے ہمراہ جا کر ودھان سودھا اور ودھان پریشد کے اجلاس کا منظر دیکھئے یا نہیں تو دور درشن پر دیکھئے۔
- اپنے حلقہ کے ودھان سبھا اراکین (ایم.ایل.اے) سے مل کر ان کی ذمہ داریوں کو جانئے۔
- کرناٹک کے وزیر اعلیٰ کے ناموں کی فہرست تیار کیجئے اور اپنے مدرسے میں اس کی نمائش کیجئے۔

☆☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

Z8D6Y2

جغرافیہ (Geography)

ہندوستان کی طبعی تقسیم

PHYSICAL DIVISIONS OF INDIA

سبق کا تعارف:

اس سبق میں ہم سمجھیں گے کہ ہمارا ملک ہندوستان (مادر وطن) ہے اور ہماری ریاست کرناٹک ہے۔ دنیا میں ہندوستان کا مقام، وسعت اور مختلف طبعی خصوصیات کو جاننا۔ ہماری مادرِ وطن ریاستِ کرناٹک کا مقام، وسعت اور پڑوسی ریاستیں۔ کرناٹک کی طبعی خصوصیات اور تقسیم کے بارے میں مختصراً تعارف جانیں گے۔

صلاحیتیں:

1۔ ہندوستان اور کرناٹک کے جغرافیائی (مقام) پس منظر کو سمجھیں گے۔

2۔ ہندوستان اور کرناٹک ریاست کے مختلف طبعی حصّوں کو سمجھیں گے۔

3۔ ہندوستان کے ریگستان (صحراؤں) اور جزائر کے گروہوں سے واقف ہوں گے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان کا محلِ وقوع:

ہندوستان مکمل طور پر شمالی نصف کرّہ میں واقع ہے۔ یہ جنوبی ایشیاء کا ایک جزیرہ نما ہے۔ رقبہ کے لحاظ سے ہندوستان دنیا کا ساتواں بڑا ملک ہے اور آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا ملک ہے۔ لیکن 2022ء میں یو۔ این-او- کے پیش کردہ اعداد و شمار کے مطابق یہ چرچے ہیں کہ ہندوستان دنیا میں پہلے نمبر پر ہے۔ یہ شمال میں کشمیر سے جنوب میں کنیا کماری تک اور مغرب میں کچ کے رن سے مشرق میں اروناچل پردیش تک پھیلا ہوا ہے۔ ہندوستان کی بیشتر زمین 8°N سے 37°N عرض بلد اور 68°E تا 97°E طولِ بلد کے درمیان پھیلا ہوا ہے۔ خطِ سرطان ہندوستان کے مرکز سے گذرتا ہے۔

پاکستان، افغانستان، ہندوستان کے شمال-مغرب میں پڑوسی ممالک ہیں۔ شمال میں چین، نیپال اور

بھوٹان اور مشرق میں بنگلہ دیش اور میانمار، سری لنکا جنوب مشرق میں واقع ہے۔ خلیج منار اور آبنائے پاک اس کو ہندوستان سے الگ کرتے ہیں۔

آبی زخائر ہندوستان کو گھیرے ہوئے ہیں وہ یہ ہیں، مشرق میں خلیج بنگال، مغرب میں بحرہ عرب اور جنوب میں بحر ہند چنانچہ ہندوستان کے پاس ایک طویل ساحلی پٹی اور جزائر ہیں۔



© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

ہندوستان میں 28 ریاستیں 8 مرکز کے زیر انتظام علاقے اور دہلی قومی دارالحکومت علاقہ ہے۔

ہندوستان کے طبعی خصوصیات:

ہندوستان میں مختلف قسم کے طبعی خصوصیات پائے جاتے ہیں۔ ٹپوگرافی کی بنیاد پر ہندوستان کو چار اہم طبعی حصّوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

1۔ شمالی پہاڑ

2۔ شمالی میدان

3۔ جزیرہ نما سطح مرتفع


4۔ ساحلی میدان

1۔ **شمالی پہاڑ:** شمالی پہاڑ ہمالیہ سلسلوں پر مشتمل ہیں۔ یہ شمال، شمال مشرق اور شمال مغرب میں قدرتی حدود ہیں۔ یہ دنیا کے بلند ترین پہاڑ ہیں اور برف سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ ان میں بلند ترین چوٹیاں، گہری وادیاں، گلیشیئر، پہاڑی راستے وغیرہ ہیں۔ ماؤنٹ ایورسٹ (8848 میٹر) دنیا کی بلند ترین چوٹی ہے۔ لیکن ماؤنٹ گوڈون آسٹن یا ماؤنٹ K2 (8611 میٹر) ہندوستان کی بلند ترین چوٹی ہے۔

ہمالیہ پہاڑ ہمارے ملک ہندوستان کے معاشی نظام میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ وہ وسطی ایشیاء سے چلنے والی سرد ہواؤں کو ہندوستان میں آنے سے روکتے ہیں۔ مانسونی ہواؤں کو کنٹرول کرتے ہیں اور اس کی وجہ سے ہندوستان میں بھاری بارش ہوتی ہے۔ وہ بہت سے دریاؤں کی جائے پیدائش ہیں۔ ان کے بہت سے پہاڑی اسٹیشن ہیں۔

2۔ **شمالی میدان:** شمالی میدانی علاقے ہمالیہ اور جزیرہ نما سطح مرتفع کے درمیان واقع ہیں۔ یہ دریاؤں ستلج، گنگا، برہم پترا اور اِن کی معاون ندیوں کے ذریعے جمع ہونے والی ایلوویئم سے بنتے ہیں جو ہمالیہ میں اٹھتی ہیں۔ اس طرح میدانی علاقے زرخیز، وسیع اور ہموار ہیں۔ یہ زراعت، صنعتوں، نقل وحمل، قصبوں، شہروں وغیرہ کی ترقی کے لئے بہت مفید ہیں۔ ان تمام فوائد کی وجہ سے میدانی علاقے گنجان آباد ہیں۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



3۔ **جزیرہ نما سطح مرتفع:** جزیرہ نما سطح مرتفع ہندوستان کی تمام طبعی تقسیموں میں سب سے زیادہ وسیع ہے۔ یہ شمالی ہندوستان کے میدانی علاقوں کے جنوب میں ہے اور زیادہ تر پُرانی سخت چٹانوں پر مشتمل ہے۔

NOT FOR SALE
© BSEP

نرمدا-سون ندیوں کی شگاف درار وادی سطح مرتفع کو دو سطح مرتفع میں تقسیم کرتی ہے۔شمالی حصّہ کو مالوا سطح مرتفع اور جنوبی حصّہ کو سطح مرتفع دکن کے نام سے جانا جاتا ہے۔

مالوا سطح مرتفع شمال مغرب میں اراولی سلسلے اور جنوب میں وندھیا سلسلہ کے درمیان واقع ہے۔اراولی کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ گرو شیکھر (1722 میٹر) ہے۔

دکن سطح مرتفع شمال میں ستپورہ سلسلہ، میکالا سلسلہ، امرکنٹک پہاڑی اور راج محل کی پہاڑیوں، مغرب میں مغربی گھاٹ اور مشرق میں مشرقی گھاٹ سے گھرا ہوا ہے۔مغربی گھاٹ مزید جنوب تک پھیلے ہوئے ہیں کیونکہ انا ملائی پہاڑیوں، کارڈامم کی پہاڑیوں اور پالانی کی پہاڑیوں، انا ملائی پہاڑیوں پر واقع انائی مڈی (2695 میٹر) جنوبی ہندوستان کی بلند ترین چوٹی ہے۔مغربی گھاٹ نیلگری پہاڑیوں پر مشرقی گھاٹوں میں شامل ہوتے ہیں۔اوٹی ایک مشہور ہل اسٹیشن یہاں واقع ہے۔مغربی گھاٹ مشرقی گھاٹوں سے بلند ہیں۔ جنوبی ہندوستان کے بہت سے دریا مغربی گھاٹوں سے نکلتے ہیں۔

جزیرہ نما سطح مرتفع معدنیات سے مالا مال ہے۔دریا فصلوں کی کاشت میں مدد کرتے ہیں۔کئی آبشار ہیں جو پن بجلی پیدا کرنے کے لئے کارآمد ہیں۔

4۔ ساحلی میدان: جزیرہ نما سطح مرتفع کے دونوں اطراف ساحلی میدان ہیں۔وہ دو حصّوں میں تقسیم ہیں: مشرقی ساحلی میدان اور مغربی ساحلی میدان۔

مغربی ساحلی میدان مغربی گھاٹ اور بحیرہ عرب کے درمیان واقع ہے۔یہ شمال میں خلیج کچ سے لے کر جنوب میں کنیا کماری تک پھیلا ہوا ہے۔یہ بہت تنگ اور پتھریلا ہے۔

مشرقی ساحلی میدان مشرقی گھاٹ اور خلیج بنگال کے درمیان واقع ہے۔یہ شمال میں گنگا ڈیلٹا سے جنوب میں کنیا کماری تک پھیلا ہوا ہے۔مغربی اور مشرقی ساحلی میدانوں کے ساتھ ساتھ بندرگاہیں ہیں۔

جزائر:


ہندوستان کے آبی علاقوں میں 247 جزائر ہیں۔جن میں سے 204 خلیج بنگال میں ہیں۔انہیں جزائر

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

انڈمان اور نکوبار کہا جاتا ہے۔ 43 جزائر یعنی لکشدیب جزائر بحیرۂ عرب میں ہیں۔ جزائر انڈمان اور نکوبار سخت آتش فشاں چٹانوں سے بنے ہیں جب کہ لکشدیب جزائر مونگے (Corals) سے مل کر بنے ہیں۔

ریگستان:

ہندوستان میں ایک صحرا (ریگستان) ہے۔ اسے 'صحرائے تھار' کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ شمال مغربی ہندوستان میں واقع ہے۔ ریگستان کا تقریباً دو تہائی حصّہ راجستھان میں ہے اور باقی ہریانہ، پنجاب اور گجرات میں ہے۔ صحرا میں کچھ جھیلیں ہیں۔ ان میں سے کچھ نمکین جھیلیں ہیں جو عام نمک کے حصول کا ذریعہ ہیں۔ مثال کے طور پر سنبھر، ڈڈوانہ، سارگول وغیرہ۔ 'سنبھر جھیل' ہندوستان کی سب سے بڑی نمکین جھیل ہے۔



ہندوستان میں کرناٹک

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED


کرناٹک کا محل وقوع:

ہماری ریاست کرناٹک ہندوستان کے جنوب مغربی حصّہ میں واقع ہے۔ یہ رقبہ کے لحاظ سے ہندوستان کی 8ویں بڑی ریاست ہے۔عرض البلد کی حد 11°N سے 18°N عرض بلد اور 74°E سے 78°E کرناٹک ریاستی طول بلد تک ہے۔ کرناٹک کی زمینی اور آبی سرحدیں ہیں۔ شمال میں مہاراشٹرا، مشرق میں آندھرا پردیش اور تلنگانہ اور جنوب مغرب میں کیرالا واقع ہے۔ مغرب میں بحیرۂ عرب ہے۔ اس ریاست میں 31 اضلاع اور 239 تعلقہ جات ہیں۔

کرناٹک کے طبعی حصّوں کی تقسیم:

کرناٹک ہندوستان کی سطح مرتفع کا ایک حصّہ ہے۔ یہ کئی طبعی خصوصیات پر مشتمل ہے۔ اس کی مٹی اور خد وخال کی بنیاد پر کرناٹک کو تین طبعی حصّوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہیں۔

1۔ ساحلی میدان 2۔ ملناڈ علاقہ 3۔ میدانی علاقہ



1۔ ساحلی میدان:

یہ کرناٹک کے مغربی حصّہ میں موجود ہے۔ ملناڈ علاقہ اور بحیرۂ عرب کے درمیان موجود ہے۔ یہ علاقہ شمال میں گوا اور جنوب میں کیرالا تک (324 کلومیٹر) پھیلا ہوا ہے۔ اس علاقہ میں شمالی کینرا، اڈپی اور جنوبی کینرا ساحلی اضلاع ہیں۔

ریاست کا ساحلی علاقہ شمال میں تنگ اور جنوب میں چوڑا ہے۔ کئی مغرب کی جانب بہنے والی ندیاں اس

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

میدان سے ہوکر گزرتی ہیں۔کئی جزائر بھی یہاں موجود ہیں۔مثلاً سینٹ میری جزیرہ (ناریل کا جزیرہ)۔ نیو منگلور بندرگاہ، ہندوستان کی اہم بندرگاہوں میں سے ایک اس ساحل پر واقع ہے اور اسے 'گیٹ وے آف کرناٹک' کہا جاتا ہے۔

2۔ ملناڈ علاقہ: یہ ایک پہاڑی علاقہ، ساحلی علاقہ اور میدانی علاقہ کے درمیان موجود ہے۔اسے سہیادری بھی کہا جاتا ہے۔کرناٹک کا ایک اہم طبعی حصّہ ہے کیونکہ یہاں بہت زیادہ بارش گھنے جنگلات اور کئی جنگلی پناہ گاہیں موجود ہیں۔یہ کئی دریاؤں کا منبع ہے۔ یہاں کئی آبشار موجود ہیں مثلاً جوگ فالس۔کئی سیاحتی مراکز کا باعث ہے۔ریاست میں سب سے زیادہ بارش والا خطہ 'آگمبے' اسی علاقہ میں واقع ہے۔ریاست کی سب سے اونچی چوٹی ملیانگری (1913 میٹر) ہے۔

3۔ میدانی علاقہ: یہ ملناڈ علاقہ کے مشرق میں واقع ہے اور اس کی سطح غیر منقطع ہے۔دریائے تنگا بھدرا جو اس علاقہ کے مرکز سے ہوکر گزرتی ہے اسے دو حصوں میں تقسیم کرتی ہے: شمالی میدان اور جنوبی میدان۔

(i) شمالی میدان: یہ ایک وسیع سطح مرتفع ہے جس میں چند ہموار پہاڑیاں ہیں۔ یہ خطہ بیسالٹ پتھروں سے بنا ہے اور کالی مٹی سے ڈھکا ہوا ہے۔ یہ مشرق کی طرف اس سمت میں ڈھلوان ہے جس میں دریائے کرشنا اور بھیما بہتی ہیں۔اس علاقہ میں بارش بہت کم ہوتی ہے۔

(ii) جنوبی میدان: اسے میسور سطح مرتفع کے نام سے جانا جاتا ہے۔یہ بہت ہی غیر متزلزل ہے اور اس میں کچھ پہاڑی سلسلے ہیں جیسے کہ بلی گیر رنگنا پہاڑیاں، ملے مہادیشورا پہاڑیاں، نندی پہاڑیاں، چامنڈی کی پہاڑیاں وغیرہ۔شمالی میدان کی طرح یہ سطح مرتفع بھی دریائے کاویری کی سمت مشرق کی طرف ڈھلوان ہے۔اس سطح مرتفع کا ایک بڑا حصّہ لال مٹی سے ڈھکا ہوا ہے اس علاقہ میں شمالی میدان سے زیادہ بارش ہوتی ہے۔

نئی اصطلاحات:

جزیرہ نما، ساحل سمندر (ساحل)، قدرتی تقسیم، مرجان (مونگے)، گھاٹ، بیسالٹ

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کیا آپ جانتے ہیں؟

- ملک ''انڈیا'' کے نام سے جانے والا سب سے بڑا سمندر بحر ہند ہے۔
- دریائے گنگا ہندوستان کے لوگوں کے لئے مقدس دریا ہے۔
- ہندوستانی معیاری وقت 82 ½°E طول بلد سے لیا گیا ہے جو ہمارے ملک کے مرکز سے گزرتا ہے۔
- شمالی کینرا میں ''یانا پہاڑ'' دو چٹانی پہاڑوں سے بنا ہے جس کے ڈھلوانوں سے بہت سی ندیاں بہتی ہیں۔ یہ گھنے جنگلوں سے گھرا ہوا ہے اور ایک سیاحتی مرکز ہے۔
- ہاویری ضلع کے ساونور میں آفریقی نسل کے بوتل نما باؤباب کے درخت ہیں۔ (جسے گورکھ ناتھ کا درخت بھی کہا جاتا ہے۔)
- باگل کوٹ اور بیجاپور اضلاع میں کتوں کی نسل ''مدھول ہاؤنڈز'' بہت مشہور ہے اور وہ دوسرے ممالک کو برآمد کئے جاتے ہیں۔
- باگل کوٹ ضلع میں بنٹھی کی ہینڈلوم ساڑیاں، الکل کی ریشمی ساڑیاں اور اتھانی کی چپل بہت مشہور ہیں اور ان کی بہت مانگ ہے۔
- رائچور ضلع کے مسکی میں ایک پہاڑی (گڈا) سوئے ہوئے بدھ کی طرح دکھائی دیتا ہے۔
- بسوا کلیان (بیدر) سے بہنے والی چُلو کی ندی نے بسونّا کو متاثر کیا۔
- داونگیرے کو کرناٹک کا مانچسٹر کہا جاتا ہے کیونکہ یہ کاٹن ٹیکسٹائل کے لئے مشہور ہے۔

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1۔ ہندوستان رقبہ کے لحاظ سے دنیا میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مقام پر ہے۔

2۔ کرناٹک میں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ اضلاع ہیں۔

3۔ ہندوستان میں ۔۔۔۔۔۔۔۔ ریاستیں اور ۔۔۔۔۔۔۔ مرکزی علاقے ہیں۔

4۔ ہندوستان کی سب سے بلند ترین چوٹی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

5۔ گیٹ وے آف کرناٹک ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کو کہا جاتا ہے۔

6۔ ریاست کرناٹک میں سب سے زیادہ بارش والا علاقہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

II۔ دو یا تین جملوں میں جواب دیجئے۔

7۔ ہندوستان کن کن عرض البلاد اور طول البلاد کے درمیان پھیلا ہوا ہے؟
(جغرافیائی محل وقوع کیا ہے؟)

8۔ کرناٹک کے پڑوسی ریاستوں کی فہرست بنائیں۔

9۔ ہندوستان کے طبعی حصّوں کے نام بتائیں۔

10۔ کرناٹک کے طبعی حصّوں کے نام کونسے ہیں؟

11۔ کرناٹک کے ساحلی اضلاع کے نام بتائیں۔

سرگرمیاں:

- ہندوستان اور کرناٹک کے نقشے پر طبعی تقسیم کی نشاندہی کریں۔
- اپنے استاد کی مدد سے ہندوستان اور کرناٹک کے اہم پہاڑوں، سطح مرتفع اور میدانوں کی نشاندہی کریں۔
- اپنے اردگرد کا مشاہدہ کریں اور طبعی خصوصیات، پودوں اور کاشت کی جانے والی فصلوں کی فہرست بنائیں۔

***

@KSEEB NOT TO BE REPUBLISHED

سبق:12

براعظم شمالی امریکہ

North America-Continent

E7S4I1

باب کا تعارف:

پچھلے سال آپ براعظم ایشیاء، یورپ اور آفریقہ کے طبعی خدوخال اور ان کی اہمیت کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔ اس سال آپ شمالی امریکہ، جنوبی امریکہ، آسٹریلیا اور انٹارکٹیکا براعظموں کے بارے میں جانیں گے۔ اس سبق میں براعظم شمالی امریکہ کے آب و ہوا، قدرتی نباتات، زراعت، اہم معدنیات، صنعتی ترقی، وسائل کی تقسیم اور گنجان آبادی کے تعلق سے تعارف کرایا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1. براعظم شمالی امریکہ کے محل وقوع، رقبہ اور طبعی خدوخال کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔
2. شمالی امریکہ کے مختلف طبعی حصوں کا موازنہ کرکے سمجھیں گے۔
3. شمالی امریکہ کے دریا اور سمندروں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔
4. شمالی امریکہ کے مختلف آب و ہوا، قدرتی نباتات اور جنگلاتی زندگی پر ہونے والے اثرات کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔
5. شمالی امریکہ کی زراعت کے فروغ کو سمجھیں گے۔
6. اہم معدنیات کی دولت کا استعمال کرکے شمالی امریکہ نے کس طرح صنعتی ترقی حاصل کی ہے اس راز کو جانیں گے۔
7. شمالی امریکہ کی آبادی کی بنیاد، گنجان آبادی اور تقسیم سے واقف ہوں گے۔

شمالی امریکہ حال ہی میں دریافت ہونے والا براعظم ہے۔ اس براعظم کے زیادہ تر باشندے یوروپی ہیں۔ اور دوسرے ممالک سے ہجرت کرکے آئے ہیں۔ ان میں سے اسپینیوں نے میکسیکو کے سونا کا استعمال

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کیا۔

فرانسیسیوں نے کینیڈا میں اون کی تجارت کو نفع بخش بنالیا۔ انگریزوں نے کینیڈا کے اٹلانٹک علاقے



شمالی امریکہ (سیاسی)

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اور نیوانگلینڈ میں ماہی گیری اور وہاں کے جنگلات کو بھی لوٹا۔

شمالی امریکہ کے بے شمار قدرتی وسائل وہاں کی سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی کی بنیاد بنی ہے۔ وسیع مقامی بازار، بین الاقوامی تجارتی تعلقات، بہترین نقل وحمل کی سہولتوں سے شمالی امریکہ دنیا کے سب سے زیادہ مالدار اور مضبوط معیشت والے براعظموں میں سے ایک ہے۔ اس براعظم کی مثال لے کر دوسرے براعظموں کے ساتھ موازنہ کرتے ہوئے سمجھنا ضروری ہے۔

محل وقوع:

شمالی امریکہ پوری طرح سے خط استواء کے شمال میں واقع ہے یہ 7°N سے 84°N (ڈگری) شمالی عرض بلد اور 50° مغرب سے 150° مغربی طولِ بلد تک پھیلا ہوا ہے۔ خط سرطان (23½°N) ڈگری شمالی عرض بلد اس براعظم کے جنوب میں واقع ہے۔ شمالی عرض بلد (66½°) شمالی قطب) اس کے شمال سے ہو کر گزرتی ہے۔

طبعی خصوصیات:

مشرق میں بحر اوقیانوس سے مغرب میں بحرالکاہل اور شمال میں آرکٹک شمالی منجمد سمندر سے گھرا ہوا ہے۔ آبنائے بے رنگ اس کو ایشیاء سے الگ کرتا ہے۔ آبنائے پناما کی وجہ سے جنوبی امریکہ سے زمینی تعلقات قائم تھے۔ مگر آبنائے پناما سے الگ ہو گیا ہے۔ بے شمار چھوٹے چھوٹے آبی حصوں کو یہاں دیکھ سکتے ہیں۔ کیریبین سمندر میں ویسٹ انڈیز اور کیوبا جزائر دیکھ سکتے ہیں۔ کینیڈا کے مشرقی ساحل میں نیوفونڈ لینڈ علاقہ ہے۔ بحر آرکٹک میں بے شمار جزیرے ہیں۔ ان میں گرین لینڈ سب سے بڑا ہے۔ شمالی امریکہ کے جنوب میں واقع کنارے کے زمینی حصے کو وسطی امریکہ کہا جاتا ہے۔

رقبہ:

شمالی امریکہ رقبے میں (16.46%) ایشیاء اور آفریقہ کے بعد تیسرا سب سے بڑا براعظم ہے۔ یہ ہندوستان سے تقریباً سات گنا بڑا (24.24 دہ لاکھ مربع کلومیٹر) ہے۔ شمالی امریکہ میں 24 ریاستیں ہیں۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کینیڈا، ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور میکسیکو بڑی ریاستیں ہیں۔ شمالی امریکہ کے طبعی خدوخال میں کیریبین جزیروں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

ممالک		خصوصیات مقامات
میکسیکو	-	مایا تہذیب کے مقامات
کینیڈا	-	برفیلا ریچھ، آئس ہاکی
یو۔ایس۔اے۔	-	گرانڈ کیانین، ہومس، جھیلیں، بارینجر، کریٹر، والکیناس
ویسٹ انڈیز	-	کرکٹ، جزیرے

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS



شمالی امریکہ کے طبعی حصے

طبعی حصے: شمالی امریکہ براعظم کو چار اہم طبعی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے وہ یہ ہیں۔

1. مغرب کے پہاڑی سلسلے یا راکی پہاڑیاں
2. عظیم مرکزی میدان
3. کینیڈین شیلڈ
4. اپلیشین کوہستانی علاقہ/ بلند مشرقی علاقے

1. مغربی پہاڑی سلسلہ:

یہ ہمالیہ کی پہاڑیوں کی طرح ہی پرت والے پہاڑی سلسلے ہیں۔ یہ مغربی پہاڑی سلسلہ شمال میں الاسکا سے جنوب میں پنامہ تک پھیلا ہوا ہے۔ وہ کئی سلسلہ وار متوازی پہاڑیوں پر مشتمل ہے۔ ان کے درمیان اندرونی میدان اور سطح مرتفع ہیں۔ جیسے کولا راڈو، میکسیکن، یوکیاٹن، مرتفع سلسلہ وار پہاڑ ہیں۔



الاسکا پہاڑی سلسلہ



راکی پہاڑی سلسلہ



میاک کنلے پہاڑ

© TEXT BOOK BOARD PUNJAB PUBLISHED

مغربی پہاڑی سلسلہ میں راکی پہاڑی سلسلہ بہت اہم۔ ہے اس علاقے میں مؤنٹ میاک کنلے (194,6 میٹر) سب سے بلند چوٹی ہے تو وادیٔ موت (سطح سمندر سے 86 میٹر پستی میں ہے) سب سے پست نشیبی علاقہ ہے۔ کاسکیڈ اور سیارا پہاڑیاں دیگر پہاڑی سلسلے ہیں۔ کیلیفورنیا میں موجود وائٹنے پہاڑیاں اور سفید پہاڑیاں اپنے آپ میں بلندی اور ڈھلوانی کی خصوصیات رکھتے ہیں۔ وہ قدرتی خوبصورتی کے لئے بہت مشہور ہیں۔ ان پہاڑی سلسلے کے درمیان چند پہاڑی سطح مرتفع دیکھ سکتے ہیں۔ ان میں کولمبیاء، کولاراڈو اور میکسیکن سطح مرتفع اہم ہیں۔ دریائے کولاراڈو، کولاراڈو سطح مرتفع کو اپنے بے شمار کٹاؤ کے ذریعے عظیم کھائیوں (گرانڈ کیانین) کی وجہ سے بنا ہے۔



اولڈ فیتھ فُل گیزر

'اولڈ فیتھ فل گیزر' دنیا کا مشہور گیزر (گرم پانی کا چشمہ ہے) اور یہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے یلّوسٹون نامی قومی پارک میں موجود ہے۔

© KBS NOT TO BE REPUBLISHED

2. عظیم مرکزی میدان:

مرکزی میدانوں کو پرائریس کے عظیم میدان بھی کہا جاتا ہے۔ یہ مشرق میں اپلیشین پہاڑ اور مغرب میں پہاڑی سلسلوں کے درمیان واقع ہے۔ یہ میدان بہت وسیع ہیں اور (شمالی امریکہ کے کل رقبے کے 5 / 3 واں حصہ) ہموار اور ڈھلوان ڈھلوانی خصوصیت سے بھرا ہوا ہے۔ یہ میدان مسّی سپّی، مزوری اور ان کی معاون دریاؤں سے بنے ہوئے ہیں۔ یہ دنیا کے زرخیز میدانوں میں سے ایک ہیں اور یہ بہترین زراعتی علاقہ ہے۔ اس علاقے کا شمالی حصہ برفانی پرتوں (برفانی ندی) کی وجہ سے عریاں کاری (مٹی کا کٹاؤ) کی بدولت

کثیر مقدار میں میدان بنے ہیں۔ یہ میدان جھیلوں سے گھرے ہوئے ہیں۔

گرد کا پیالہ: یہ دھول کے ساتھ مقامی طوفان کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ امریکہ اور کینڈا کے علاقوں میں زراعت کے لئے نقصاندہ ہے۔

3. کینیڈین شیلڈ:

کینیڈین شیلڈ شمالی امریکہ کے خلیج ہڈسن کے اردگرد حصے میں واقع ہیں۔ یہ دنیا کی قدیم ترین چٹانوں سے بنا ہے۔ مثلاً ہندوستان کے سطح مرتفع کی چٹانیں۔

4. اپلیشین کوہستانی علاقے/مشرقی بلند علاقے:

مشرقی بلند علاقوں کو اپلیشین بھی کہا جاتا ہے۔ یہ براعظم کے مشرقی کنارے پر نیوفونڈ لینڈ علاقے سے الاباما تک پھیلے ہوئے ہیں۔ اپلیشین قدیم پرت والی پہاڑیاں ہیں جو زمین کی عریاں کاری کی وجہ سے اب اتنے اونچے بنے ہیں۔

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



میاک کنلے پہاڑ


اپلیشین سلسلے کے مشرقی علاقے میں کوہستانی کھائیوں کا سطح مرتفع اور اٹلانٹک ساحلی میدان، وادی سنٹ لارنس، لابراڈر سطح مرتفع کو اپلیشین سلسلے سے الگ کرتی ہے۔ یہ علاقے کوئلہ، سیسہ، جست، لوہے کی کچ دھات، تانبہ آبی توانائی اور جنگلات کے وسائل سے مالا مال ہیں۔ یہ علاقے گنجان آبادی رکھتے ہیں۔ اور شمالی امریکہ کی معیشت میں اہم کردار نبھاتے ہیں۔

دریا اور عظیم جھیلیں:

شمالی امریکہ میں کچھ بڑے اور چھوٹے دریا ہیں۔ اس براعظم کے کینیڈین شیلڈ کے اطراف بے شمار جھیلیں منفرد زمینی خصوصیات پیدا کئے ہوئے ہیں۔ یہ گلیشیرز کی وجہ سے بنتے ہیں۔

ندیاں:

مسّی سپّی، مسوری شمالی امریکہ کی سب سے بڑی ندیاں ہیں۔ براعظم کے دو تہائی زمینی حصے میں بہتی ہیں۔ دریائے مسّی سپّی میکسیکو کھاڑی میں بہتی ہے۔



شمالی امریکہ کی اہم ندیاں

© KPTB NOT TO BE REPUBLISHED

کولاراڈو ندی کولاراڈو سطح مرتفع کے ذریعے بہتی ہوئی گرانڈ کیانین عظیم کھائی بناتی ہے۔ یہ قدرتی خوبصورتی اور سیاحت کا مرکز ہے۔اس عظیم کھائی کو 'دنیا کا قدرتی عجوبہ' کہا جاتا ہے۔



گرانڈ کیانین عظیم کھائی

عظیم کھائی (ایزونا U.S.A)

گہرائی تقریباً 1800 میٹر

چوڑائی 3 – تا 29 کلومیٹر

سینٹ لارنس ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور کینیڈا کا سب سے اہم دریا ہے۔ یہ عظیم جھیلوں سے ہو کر گزرتی ہے۔ایک سال کی مدت میں یہ تین مہینوں تک برفانی حالت میں رہتی ہے۔

جھیلیں: شمالی امریکہ میں بے شمار میٹھے اور کھارے پانی کی جھیلیں پائی جاتی ہیں۔وہ کینیڈین شیلڈ کے جنوبی سرحدوں میں واقع ہیں۔ ہوران، مچیگن، انٹاریو پیئر، یرآئری اور سپیریئر جھیلیں ہیں۔



سُپیریئر لیک (جھیل)

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

ان جھیلوں کو 'ہومس' کہا جاتا ہے۔ سپیریئر جھیل عظیم جھیلوں میں سب سے بڑی ہے۔ اور دنیا کی سب سے بڑی میٹھے پانی کی جھیل ہے۔ مچیگن جھیل کے کنارے شکاگو اور ڈیٹرائٹ شہر واقع ہیں۔ یہ تمام جھیلیں اہم آبی راستے فراہم کرتے ہیں۔

آب وہوا اور قدرتی نباتات

آب وہوا:

شمالی امریکہ میں وسیع طبعی خصوصیات، وسیع عرض بلند کی بدولت مختلف آب وہوا پائی جاتی ہے۔ الاسکا اور گرین لینڈ میں مختلف منجمد آب وہوا پائی جاتی ہے۔ الاسکا اور گرینڈ لینڈ میں منجمد ٹنڈرائی نمونے کی آب وہوا پائی جاتی ہے، تو متحدہ ہائے ریاست امریکہ کے جنوبی مغربی ریگستانوں میں ناقابل برداشت گرمی پائی جاتی



ہوریکین



ٹارنوڈو



ٹوویسٹر

NOT FOR TBS
DO NOT REPUBLISHED

ہے۔فلوریڈا کے جنوبی مشرقی حصے کیریبین اور مرکزی امریکہ میں منطقہ حارہ کی آب وہوا پائی جاتی ہے۔اس براعظم کے مرکزی اور جنوبی علاقے میں آندھی طوفانی بوچھار جیسے علاقے ہیں مثلاً ہوریکین، ٹارنوڈو اور ٹوئیسٹر۔



شمالی امریکہ کے قدرتی نباتات

قدرتی نباتات:

قدرتی نباتات اور جنگلات کی زندگی زیادہ تر وہاں کی آب وہوا مٹی اور زمینی خصوصیات پر منحصر ہے۔ یہاں پر مختلف نباتات پائے جاتے ہیں۔ان نباتات کی فہرست آب وہوا کے علاقوں پر منحصر ہے۔وہ ٹنڈرائی

NOT TO BE REPUBLISHED

قسم کے نباتات قطب شمالی (آرٹیک) میں پائے جاتے ہیں۔ یہ زیادہ تر کینیڈا کے الاسکا اور گرین لینڈ میں نظر آتے ہیں۔ یہاں موسم سرما طویل اور منجمد ہوتا ہے۔ موسم گرما کم مدت کا ہوتا ہے۔ یہاں پائے جانے والے نباتات کنجال اور کائی ہیں۔ موسم گرما میں کچھ خوشبودار پھول کھلنے والے پودے اگتے ہیں۔ ایسے مشکل اور سخت حالات میں زندہ رہنے والے برفانی ہرن کاریبو اور برفانی ریچھ جیسے سبزخور جانور پائے جاتے ہیں۔



صنوبری جنگلات

NOT TO

ٹینڈرا کے جنوب میں سرد معتدل قسم کی آب وہوا کا علاقہ ہے۔ یہاں سرد موسمی لومڑیاں پائی جاتی ہیں۔ جس کو ٹائیگا کہہ کے بلایا گیا ہے۔ صنوبری جنگلات، ہمیشہ ہرے بھرے رہنے والے پیڑ جیسے پائن، فر، سٹروس لارچ وغیرہ یہاں پائے جاتے ہیں۔ اون جیسے بال والے جانور یہاں پائے جاتے ہیں مثلاً لینس، سائبر، سلور فاکس، بھیڑیا وغیرہ۔



کالا ریچھ



بیور



سلور فاکس



برفانی ریچھ



چیس نٹ



سائپرس

NOT TO BE REPUBLISHED

پت جھڑ کے جنگلات لارنس اور عظیم جھیلوں کو مشرقی حصوں میں دیکھ سکتے ہیں۔اس علاقے کا شمالی حصہ سرد اور جنوبی حصہ اوسط درجہ گرم خصوصیات سے بھرا ہوا ہے۔موسم سرما بہت سرد ہوتا ہے۔موسم گرما گرم اور عام طور پر یہاں بارش ہوتی ہے۔ یہاں پائے جانے والے درخت مقررہ وقفے میں اپنے پتے گراتے ہیں۔ مثلاً سائبرس، اوک، آش اور چسٹ نٹ وغیرہ۔ بیور، کالا ریچھ، برفانی چوہے اور پورکو پائن یہاں پائے جانے والے جنگلی جانور ہیں۔

سرد معتدل جنگلات اور آب وہوا کو امریکہ متحدہ ریاستوں میں دیکھ سکتے ہیں۔ راکی پہاڑیاں اور مسّی سپّی، مزوری کے عظیم دریا کے طاس (بیسین) کے درمیان وسیع گھاس کے میدان ہیں۔جن کو 'پرائریس' بھی کہا جاتا ہے۔ یہ دراصل پیڑوں سے محروم وسیع میدان ہے۔ یہ میدانی علاقہ گیہوں کی کاشتکاری اور مویشی پالن کے لئے مشہور ہے۔اس کو دنیا کی 'گیہوں کا گودام' یا 'روٹی کی ٹوکری' کہا جاتا ہے۔



پرائریس کے گھاس کے میدان

صنوبری اور پت جھڑ کے پیڑ سرد معتدل جنگلات میں پائے جاتے ہیں۔کینیڈا اور شمالی کیلیفورنیا میں یہ جنگلات پائے جاتے ہیں۔ برچ، بیچ، ملیل، اوک وغیرہ یہاں نظر آنے والے اہم درخت ہیں۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



میڈ پل



مہاگنی

کینیڈا جھیلوں سے بھرا ملک ہے۔ کم آبادی اور بے شمار ٹائیگا قسم کے جنگلات سے بھرا ہے۔ دنیا کی سب سے زیادہ لکڑی یہیں سے برآمد ہوتی ہے۔

میکسیکو کا جنوبی حصہ اور ویسٹ انڈین علاقہ منطقہ حارہ جنگلات کے لئے مشہور ہے۔ یہاں پر سخت قسم کے پیڑ جیسے مہاگنی اور لاگ ووڈ سے بھرے ملے جلے جنگلات دیکھ سکتے ہیں۔

کیلیفورنیا کے مغربی ساحل میں میڈیٹیرین قسم کی آب وہوا پائی جاتی ہے۔ جنوبی کیلیفورنیا، میکسیکو اور ایزوناس میں اس براعظم کی ریگستانی صورتحال دیکھ سکتے ہیں۔ ریگستانی نباتات مختلف ناک پھنی کے پودے مختلف قسم کے ناک پھنی اور خاردار جھاڑیاں عام طور پر اگتے ہیں۔ ریگستانی راتوں کو ریگستانوں کا موسم سرما کہا جاتا ہے۔







ریگستانی نباتات، ناگ پھنی کے مختلف قسم کے پودے

© KPBS NOT TO BE REPUBLISHED

زراعت:

زراعت شمالی امریکہ کے لوگوں کا ایک اہم پیشہ ہے۔اس براعظم کے مرکزی نشیبی علاقے مخصوص طور پر کینیڈا اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ کثیر زرعی پیداوار کے ممالک ہیں۔شمالی امریکہ کے کل رقبے کا 10 فیصد حصہ ہی زراعت کے لئے مناسب ہے۔لیکن ان علاقوں سے زراعتی پیداوار سب سے زیادہ ہے۔کیونکہ وسیع زراعتی علاقے ،زرخیز مٹی،مناسب آبپاشی، میکانیکی کاشتکاری اور دیگر سہولتوں کے ساتھ انسانوں کی مکمل محنت کی وجہ سے شمالی امریکہ کو سب سے بڑے زراعتی علاقوں میں شمار کیا گیا ہے۔مخصوص اناجوں کی پیداوار میں ماہر علاقوں کو 'اناجی خطہ' کہا گیا ہے۔مثلاً مکئی کا خطہ، گیہوں کا خطہ، کپاس کا خطہ، تمبا کو کا خطہ وغیرہ۔

شمالی امریکہ، خاص کر کے کینیڈا اور یو-ایس-اے۔گیہوں کو اہم غذائی فصل کے طور پر اگا رہے ہیں۔ پرائریس علاقے میں گیہوں کی کاشتکاری کے لئے مناسب مٹی پائی جاتی ہے۔یہاں پر کم آبادی ہے اور بے شمار پیداوار کی وجہ سے اس کو برآمد کیا جاتا ہے۔مکئی (کارن) کے نام سے مشہور ہے۔اس کو یو۔ایس۔اے۔اور مکئی کو کثیر مقدار میں گائے اور خنزیر کی غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ان جانوروں کو میکسیکو میں گوشت کے لئے پالا جاتا ہے۔یہ غذائی فصل ہے مگر مکئی کو آج ایندھنی فصل کے طور پر اگایا جا رہا ہے۔



مکئی



گیہوں

NOT TO BE REPUBLISHED ©KTBS

دیگر اہم فصلیں:

دیگر اہم فصلوں میں بارلی، اوٹس اور آلو ہیں۔ بارلی کو بیئر (شراب) بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اوٹس کو مویشیوں کی غذا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس براعظم میں آلو کی کاشت کی جاتی ہے۔ جو ایک اہم غذائی فصل ہے۔

براعظم شمالی امریکہ کے جنوبی علاقوں میں تمباکو اور کپاس کو تجارتی فصل کے طور پر اگایا جاتا ہے۔ مسّی سپّی ندی کی وادی میں کپاس کے علاقے دیکھ سکتے ہیں۔ تمباکو کی کاشت میں دنیا کے اہم ممالک میں چین کے بعد امریکہ کو دوسرا مقام حاصل ہے۔

گنا یہاں کاشت کی جانے والی ایک اور اہم فصل ہے۔ شکر کی پیداوار میں کیوبا کو دنیا کی ممالک میں تیسرا مقام حاصل ہے۔ اسی لئے اس کو 'دنیا کا شکر کا پیالہ' کہا جاتا ہے۔



انگور



نارنگی

کافی اور کوکو گرم علاقے کے باغاتی فصلیں ہیں۔ اور ان کو وسطی امریکہ کے حصوں اور ویسٹ انڈیز میں اگایا جاتا ہے۔ کیلیفورنیا، فلوریڈا، نیوجرسی اور شہری مرکزوں کے اطراف کے علاقوں میں انگور، نارنگی، لیموں، سیب، امرود، پیچ وغیرہ پھلوں کو اگایا جاتا ہے۔ شمالی امریکہ کے کیلیفورنیا میں 90 فیصد انگور کا استعمال انگور کے رس کی تیاری میں کیا جاتا ہے۔ اس لئے کیلیفورنیا کو انگور کے رس (شراب) کا ملک کہا جاتا ہے۔

براعظم شمالی امریکہ میں شمال مشرقی حصے کے اٹلانٹک کے کنارے گرانڈ بیانکس، نیو انگلینڈ کے چارجز

بینک اور نیوفونڈ لینڈ ساحلوں کے بنا گہرائی والے زمینی علاقے مشہور ماہی گیری کے علاقے ہیں۔

اہم معدنیات اور صنعتیں:

شمالی امریکہ بہت سارے قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ مختلف اقسام کی مٹی، وسیع گھاس کے میدان، معدنیات، توانائی کے وسائل اور جنگلات کی دولت ہے۔

براعظم شمالی امریکہ مختلف قیمتی معدنیات کے ذخائر سے مالا مال ہے۔ یہاں کے سونے کے ذخائر لوگوں کو اس براعظم کی طرف کھینچ لاتے ہیں۔ اس کے علاوہ لوہے کی کچ دھات، تانبہ، نکل، چاندی اور جست دیگر معدنی ذخائر ہیں۔ اس براعظم میں کثیر مقدار میں کوئلہ، مٹی کا تیل اور قدرتی گیس پائے جاتے ہیں۔



لوہا



سونا



کوئلہ



اسٹیل

© KTBS NOT TO BE REPUBLISHED



نکّل



تانبا



زنک



چاندی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اپلیشین علاقے میں بہترین درجے کے کوئلہ کے ذخائر موجود ہیں۔ یو۔ایس۔اے۔ دنیا کا سب سے زیادہ کوئلہ برآمد کرنے والا ملک ہے۔ بحرالکاہل کے ساحلی علاقے میں قدرتی گیس کے ذخائر موجود ہیں۔ یو۔ایس۔اے۔ پیٹرولیم اور ایٹمی توانائی پیدا کرنے والا ملک بھی ہے۔شمالی امریکہ ممالک میں یو۔ایس۔اے۔ اور کینیڈا بہت زیادہ صنعتی طور پر ترقی یافتہ ہیں۔ یہاں پائے جانے والے لوہے کی کچ دھات، کوئلہ، تانبہ، باکسائیٹ جیسے خام اشیاء بڑی صنعتوں کے لئے مددگار ہیں۔توانائی نقل وحمل اور جدید ٹیکنالوجی بھی وسیع صنعت کاری کے اسباب ہیں۔



پٹس برگ ''فولاد کا شہر''

آئری، سپریئر اور مچیگن جھیلوں کے علاقوں میں لوہے اور فولاد کی صنعتوں کی بہترین ترقی دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے لئے یہاں کی خام اشیاء اور آبی نقل وحمل مددگار رہیں۔ یہاں کے پٹس برگ شہر کو 'فولاد کا شہر' کہا گیا ہے۔ لوہے اور فولاد کی صنعتیں اہم صنعتیں ہونے کی وجہ سے یہ دوسری صنعتیں جیسے آٹو موبائل، جہازوں کی تعمیر، لوکوموٹیوس، بھاری انجینئرنگ، ہوائی جہاز بنانے جیسے صنعتوں کے لئے مددگار ہے۔

ریاست ہائے متحدہ امریکہ اور کینیڈا میں نرم درختوں کو کاغذ کارڈ بورڈ اور اخباری کاغذ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ نرم درختوں کے گودے کو مصنوعی تار کی تیاری میں استعمال کیا جاتا ہے۔ کاغذ، درختوں کا گودا اور اخباری کاغذ کی رفت میں کینیڈا ایک اہم ملک ہے۔ درختوں کا کاٹنا شمالی امریکہ کے لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔ کینیڈا میں پیڑوں کو کاٹنے کا پیشہ اختیار کرنے والے لوگوں کو 'لمبر جاکس' کہا جاتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED




چکاگو صنعتی شہر

کیمیائی صنعتیں، مصنوعی ربر، پلاسٹک، کھاد اور دوائیاں جیسے مختلف اشیاء تیار کی جاتی ہیں۔ آج کل لکڑی کے بدلے پلاسٹک زیادہ استعمال کیا جا رہا ہے۔ امریکہ کے سارے حصوں میں پلاسٹک تیار کیا جاتا ہے۔ شکاگو شہر پلاسٹک کی صنعتوں کے لئے مشہور ہے۔ گوشت کو ڈبوں میں محفوظ کرنا اہم صنعتوں میں سے ایک ہے۔ بے شمار مراکز جن میں خاص کر شکاگو کے کانساس شہر اور سینٹ لوئیس میں یہ وسیع پیمانے پر پھیلے ہیں۔ بجلی اور الیکٹرانکس اشیاء بھی کثیر مقدار میں تیار کئے جاتے ہیں۔ چند صنعتی اشیاء اور مشینیں امریکہ اور کینیڈا کے ممالک سے برآمد کئے جاتے ہیں۔

آبادی:

شمالی امریکہ کے اکثر لوگ یوروپی، امریکن، انڈینز اور آفریقی ہیں۔ ان میں بہت سے لوگ اسپینش، انگلش، فرنچ یا امریکن، انڈین زبانیں بولتے ہیں۔

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED



شمالی امریکہ کی گنجان آبادی

شمالی امریکہ کے مشرقی حصوں میں سب سے زیادہ گنجان آبادی دیکھ سکتے ہیں۔ یہاں بہت زیادہ شہری طرز زندگی ہے۔ مثلاً نیویارک، واشنگٹن، شکاگو وغیرہ۔ لیکن براعظم کا بہت سارا شمالی حصہ زیادہ برف سے ڈھکے ہونے کی وجہ سے خالی ہے۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے شہری مراکز اور صنعتی علاقے گنجان آبادی

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

والے علاقے ہیں۔شمالی امریکہ کی 98 فیصد آبادی شہری آبادی ہے۔

نئے الفاظ : پرائیریس، کیریبین، کوہستانی علاقے، راکی، اپلیشین، پرت دار پہاڑیاں، شیلڈ، عظیم کھائی، ہومس، ہریکینس، ٹارناڈو، ٹینڈرا، برفانی ہرن کاریبوا، ٹائیگا، اناجی خطہ، کارن، اوٹس، گرد کا پیالہ، کوکنگ، لوکوموٹیوس، لمبر جاکس۔

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پر کیجئے۔

1. شمالی امریکہ براعظم کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔براعظم کہتے ہیں۔
2. کینیڈا میں جن لوگوں کا پیشہ درخت کاٹنا ہے وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہلاتے ہیں۔
3. دنیا کا گیہوں کا گودام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کو کہتے ہیں۔
4. صنوبری جنگلات کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہہ کے بلایا گیا ہے۔

II۔دو یا تین جملوں میں جواب دیجئے۔

5. شمالی امریکہ کا محل وقوع اور رقبہ بتایئے۔
6. شمالی امریکہ کے اہم ممالک کی فہرست تیار کیجئے۔
7. شمالی امریکہ میں گرانڈ کیانین کس طرح بنا ہے؟
8. شمالی امریکہ کے اہم نباتات اور جانوروں کے نام لکھئے۔
9. شمالی امریکہ کے اہم دریاؤں کی فہرست بنایئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

10. شمالی امریکہ میں پائے جانے والے اہم لوگ اور ان کی زبانی کونسی ہیں؟

سرگرمیاں:

1. براعظم شمالی امریکہ کا خاکہ کھینچ کر اس میں اٹلس کی مدد سے براعظم کے اہم پہاڑ، دریا، عظیم جھیلیں اور میدانوں کی نشاندہی کیجئے۔



2. شمالی امریکہ براعظم میں نظر آنے والے اہم پودے اور جانوروں کی فہرست بنا کر ان کی تصاویر اکٹھا کیجئے۔

☆☆

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

R8K3Z9

سبق:14

براعظم جنوبی امریکہ

SOUTH AMERICA CONTINENT

سبق کا تعارف:

اس سبق میں براعظم جنوبی امریکہ کا محلِ وقوع، طبعی خصوصیات، ندیاں، جھیلیں، آب و ہوا، قدرتی نباتات، جنگلی جانور، زراعت، مویشی پالن، آبادی کی تقسیم، نسل اور گنجان آبادی کا تعارف کرایا گیا ہے۔

صلاحیتیں:

1۔ جنوبی امریکہ کا محل وقوع، رقبہ اور طبعی خصوصیات کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔

2۔ جنوبی امریکہ کی ندیوں اور جھیلوں کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

3۔ جنوبی امریکہ کی مختلف قسم کی آب وہوا مختلف قسم کے جانور اور نباتات کے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔

4۔ جنوبی امریکہ میں زراعت اور مویشی پالن کی خصوصیتوں کے بارے میں جانیں گے۔

5۔ جنوبی امریکہ کی آبادی، مشترک نسلیں، تقسیم، گنجان آبادی کے متعلق جانکاری حاصل کریں گے۔


@KBSE NOT TO BE REPUBLISHED

براعظم جنوبی امریکہ دنیا کا چوتھا بڑا براعظم ہے۔ 1498ع.ع میں جب کرسٹوفر کولمبس اس براعظم کو پہنچا تو غلطی سے اسی کو ہندوستان سمجھ بیٹھا اور یہاں کے لال رنگ کے نسلی باشندوں کو دیکھ کر انہیں ریڈ انڈینز (لال ہندوستانی) کے نام سے پکارا۔ بہت جلد ہی یورپی ممالک کے اسپینی اور پرتگالی بھی اس براعظم پر ٹوٹ پڑے۔

جنوبی امریکہ میں انڈیز پہاڑ اور امیزان ندی سے ملا خصوصی زمینی حصہ ہے۔ دنیا میں سب سے زیادہ کافی کی پیداوار بھی اس براعظم میں ہوتی ہے۔ اس کو عام طور پر ''گھاس کے میدان'' کا علاقہ کہا جاتا ہے۔

مقام رقبہ اور طبعی خصوصیات:

محل وقوع : یہ براعظم خصوصی طور پر جنوبی نصف کرۂ میں واقع ہے۔ خط استواء اور خط جدّی اسی براعظم کے درمیان سے گزرتے ہیں۔



جنوبی امریکہ (طبعی)

© KPTBS NOT TO BE REPUBLISHED

اس براعظم کا اوپری حصہ شمال میں چوڑا اور جنوب میں نوکدار ہے۔ اس لئے مثلث نما نظر آتا ہے۔ براعظم جنوبی امریکہ °12 شمالی عرضِ بلد سے °56 عرضِ طولِ بلد تک اور °35 مغربی طولِ بلد سے °81 مغربی طولِ بلد تک پھیلا ہوا ہے براعظم جنوبی امریکہ مغربی کرہ میں واقع ہے۔

طبعی تقسیم: براعظم جنوبی امریکہ کا شمالی حصہ چھوڑ کر باقی تمام حصہ پانی سے گھرا ہوا ہے۔ شمال میں پھیلا ہوا آبنائے پناما شمالی امریکہ اور جنوبی امریکہ کو علیحدہ کرتا ہے۔ براعظم جنوبی امریکہ کے شمال میں کریبین سمندری سرحد، مشرق اور شمال مشرقی حصہ بحر اوقیانوس سے مغرب میں بحر الکاہل اور جنوب میں انٹارٹیکا سمندر کے برف سے ڈھکا ہوا ہے۔

رقبہ : جنوبی امریکہ کا جملہ زمینی حصہ تقریباً 178.4 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔ یہ ہندوستان سے 5.42 بڑا ہے۔ اس براعظم میں کل 13 ممالک ہیں۔ برازیل سب سے بڑا اور فرنچ گیانا سب سے چھوٹا ملک ہے ۔ بولیویہ اور پیراگوئے کو چھوڑ کر جنوبی امریکہ کے سارے ممالک ساحلی کنارہ رکھتے ہیں۔ چلی ملک ایک طویل ملک ہے۔

- نہر پنامہ (1912ع.ع) ایک اہم شمالی اور جنوبی امریکہ کے درمیان کا بحری راستہ ہے۔
- ارجنٹینا اور برازیل فٹبال کے لئے مشہور ہیں جاپان کے شہر ٹوکیوں میں 2020ع.ع میں اولمپک مقابلے منعقد کئے گئے۔
- وینزویلا ماڈلنگ اور ڈیزائننگ کے لئے مشہور ہے۔
- ساؤپولو شہر سٹی آف اسکائی (فلک بوس عمارتوں کا شہر) کے نام سے مشہور ہے۔

طبعی تقسیم:

جنوبی امریکہ مخصوص طبعی خصوصیت رکھتا ہے۔ وہاں برف سے ڈھکی چوٹیاں اور گھنے استوائی جنگلات ہیں۔ یہ براعظم زرخیز اور سادہ زمین کے ساتھ ساتھ خشک اور بیکار ریگستان سے بھی آراستہ ہے۔ اس براعظم

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

کو طبعی طور پر چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1- انڈیز پہاڑ

2- اہم مشرقی بلند علاقہ

3- مرکزی نشیبی علاقہ

4- مغربی ساحلی میدان



اینڈیز پہاڑ

1. **انڈیز پہاڑ :** یہ دنیا کا سب سے طویل پہاڑی سلسلہ ہے۔ جو طویل بحرالکاہل کے ساتھ 6440 کلومیٹر کے فاصلے پر پھیلا ہوا ہے۔ یہ بحرالکاہل (آگ کی انگوٹھی) والے علاقے میں ہونے کی وجہ سے اس حصے میں بہت سے زلزلے اور آتش فشاں پائے جاتے ہیں۔ پہاڑ اکنکاگوا (6960 میٹر) میں ارجنٹینا، چلی سرحد کی بلند ترین چوٹی ہے۔ انڈیز پہاڑی علاقے تانبا اور ٹن جیسے معدنیات سے بھرپور ہیں۔



ایخجل آبشار

2. **اہم مشرقی بلند علاقہ:** یہ خطہ دو مختلف بلند علاقوں پر مشتمل ہے۔ (1) شمال میں گیانا کے بلند علاقے (2) جنوب میں برازیل

NOT TO BE REPUBLISHED © BISE

کے بلند علاقے یہ ہندوستان کے سطح مرتفع دکن کی طرح قدیم حجر سے بنا ہوا ہے۔ دریائے ارینکو کی شاخ دریائے چرن دنیا کا سب سے بڑا آبشار اینجل (Angel Falls) 974 میٹر ہے جو گیانا علاقے پر بنتا ہے۔

3. **مرکزی نشیبی علاقہ:** یہ علاقہ انڈیس پہاڑ اور مشرقی بلند زمینی علاقوں کے درمیان دکھائی دیتا ہے۔ یہ دو بڑے دریاؤں پر مشتمل ہے ان میں امیزان، اورینکو اور لا پلاٹا طاس ہیں۔ ان میں دریائے امیزان آبپاشی کا علاقہ ہے۔ بہت بڑا اور مشہور علاقہ ہے۔

4. **مغربی ساحلی میدان:** یہ تنگ میدانی علاقہ بحرالکاہل اور انڈیز پہاڑ کے درمیان دکھائی دیتا ہے۔ کیونکہ انڈیز پہاڑ کا سلسلہ ساحل سے عمودی بلندی رکھتا ہے۔ تنگ اور چھوٹے چھوٹے ساحلی میدان مرکزی چلی اور کولمبیا کے مغربی ساحل پر دیکھ سکتے ہیں۔ یہاں کا ساحلی خطہ کٹا پھٹا ہے۔ اس کے درمیان کے ساحلی حصوں میں بہت سارے بڑے بڑے شہر موجود ہیں۔ ان میں سے بہت سارے جزائر ساحل کے جنوبی حصے پر نظر آتے ہیں۔


@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

دریا اور جھیلیں:


ٹی ٹی کا کا جھیل

امیزان پرانا، پیرا گوئے، اُروگوئے، اُورینکو جنوبی امریکہ کے اہم ندیوں کا جال ہے۔ امیزان دریا 6,450 کلومیٹر جو انڈیز پہاڑ سے نکلتا ہے جنوبی امریکہ کا سب سے طویل دریا ہونے کے ساتھ ساتھ دنیا کا سب سے بڑا دریا ہے۔ یہ دریا جہاز رانی کے لئے موزوں ہے۔ اورینکو دوسری اہم ندیوں کا جال ہے۔

جو پیرا گوئے، پرانا، اُروگوئے، کے مشترکہ ندیوں کا جال 'لا پلاٹا' کہلاتا ہے۔ ٹی ٹی کا جھیل (بولیویہ) دنیا میں سب سے بلند مقام والی جھیل ہے اور جنوبی امریکہ کے جہاز رانی کے نظام کے لئے موزوں ہے۔



جنوبی امریکہ کی ندیاں

©KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

امیزان ندی کے خصوصیات:

- انا کنڈا اور پیرانا ہا –
- سب سے بڑا دریا جس کے ہزار سے زائد معاون ندیاں –
- دنیا کا تقریباً 11.5% فیصد تک کا زمینی حصہ –

آب وہوا :

جنوبی امریکہ مختلف قسم کی آب وہوا رکھتا ہے۔اس براعظم کے آب وہوا میں فرق کے لئے بحرالکاہل اور بحروقیانوس کی قرابت ایک وجہ ہے۔

اس براعظم کی شمالی حصے میں خط استوا گزرتا ہے۔تو اس کے جنوبی حصے میں خط جدّی گزرتا ہے۔دوعرض بلد کے درمیان دکھائی دینے والا زمینی حصہ منطقہ حارہ علاقے میں دکھائی دیتا ہے۔شمالی حصہ زیادہ سے زیادہ منطقہ حارہ کی آب وہوا سے متاثر ہوتا ہے۔اس لئے یہاں کی آب وہوا گرم اور مرطوب ہے۔خط استوا کی موجودگی کی وجہ سے دریائے امیزان کا طاس مرطوب اور گرم استوائی آب وہوا رکھتا ہے۔یہ علاقہ حرارتی بارش سے بھی روز بروز دوچار ہوتا رہتا ہے۔یہاں ہونے والی کثیر بارش گھنے جنگلات کے نشونما کی وجہ ہے۔

امیزان کے طاس گھنے جنگلوں سے گھرے ہوئے ہیں۔جو نباتات اور حیوانات کی رہائش گاہ بنے ہوئے ہیں۔رینگنے والے جانور (ریپٹائیلس) پرندے اور بندر اس علاقے کے عام جانور ہیں۔

ایک زمینی علاقے کا پانی صبح سے ہی سورج کی گرمی سے بھاپ بن کر اڑتا ہے۔بادل بن کر اسی دن اسی علاقے میں بارش ہونے کو ''حرارتی بارش'' کہتے ہیں۔خط استواء میں حرارتی بارش کو دوپہر کی بارش، چائے کے وقفے میں ہونے والی بارش اور چار بجے ہونے والی بارش کہتے ہیں۔

انڈیز پہاڑ کا سلسلہ اتنا وسیع ہے کہ وہ مغربی رُخ کے جزیرہ تک جا ملتا ہے۔ساحلی آب وہوا چاروں طرف بارش لاتی ہے۔اور یہ بارش کی چھاؤنی کا علاقہ ہے اور ساتھ میں جنوبی امریکہ کی ریگستانی معتدل خطے کے صحرا ہیں۔اٹاکاما ریگستان زمین کا بہت خشک حصہ ہے۔یہاں گزشتہ 200 سال سے اب تک بارش نہیں ہوئی ہے۔

@KBS NOT TO BE REPUBLISHED

قدرتی نباتات :



اٹی کاکاما کا ریگستان




سیلواس



سدابہار جنگلات

خط استوا کے علاقے میں موجود امیزان کے میدان سب سے بڑے مانسونی جنگلات کہلاتے ہیں۔ مقامی طور پر اس کو سیلواس کہا جاتا ہے۔ سخت لکڑی کے سدا بہار جنگلات عام طور پر چھت نما ہوتے ہیں۔ مہاگنی، ابیونی جیسے قیمتی لکڑیوں کے درخت یہاں ملتے ہیں۔ یہاں پائے جانے والے ربڑ کے درخت لیاٹکس، ربڑ کا دودھ نکالنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اور دوسری طرف خط استوائی حصے میں گھنے گھاس کے میدان جو اورینکو دریا کے کنارہ واقع ہیں اس کو 'لیانوس' اور برازیل کے بلند حصے کو 'کیمپوس' کہا جاتا ہے۔ برازیل کے جنوبی مشرقی ساحلی علاقے منطقہ حارہ کے پت جھڑ کے گھنے جنگلات سے بھرا ہوا ہے۔

NOT TEXTBOOK RE PUBLISHED



جنوبی امریکہ

جنوبی امریکہ میں گھاس کے میدانی علاقے:

- وینزویلہ کے لیانوس (Lianos)
- برازیل کے کیامپس (Compos)
- ارجنٹینا کا پمپاس (Pampos)

گرانچا کو علاقے کا جنوبی حصہ (ارجنٹینا اور ایراگوے) کا زیادہ رقبہ معتدل گھاس کے میدان سے گھرا ہوا ہے۔ اس کو 'پمپاس' کہا جاتا ہے۔ اینڈیز پہاڑ کے مشرقی حصے کی طرف پیٹاگونیہ نامی سطح مرتفع خاردار نباتات کا معتدل ریگستانی علاقہ ہے۔ مرکزی علاقہ مخلوط قسم کے جنگلات سے گھرا ہے۔

جنگلی جانور:



معتدل خطے کے گھاس کے میدان

جنوبی امریکہ میں مختلف انواع کے جنگلی جانور پرندے اور رینگنے والے جانور (ریپٹائلس) پائے جاتے ہیں۔ براعظم جنوبی امریکہ کو پرندوں کا براعظم بھی کہا جاتا ہے۔ ''کانڈر'' دنیا کا سب سے بڑا پرندہ ہے۔ رہیا (Rhea) ایک بہت بڑا پرندہ جو اسٹریلیا کے شترمرغ کی طرح اُڑ نہیں سکتا، اڑنے والا بندر، گلہری، بندر امیزان جنگلات کے درختوں پر پائے جاتے ہیں۔ انا کونڈا اژدہا یہاں کے مانسونی جنگل میں بسر ہونے والا سب سے بڑا (ریپٹائل) رینگنے والا، پوما اور چیتا یہاں کے بڑے جانور ہیں۔ تو چھوٹے جانور جیسے بندر اور دیگر جانوروں کو اپنی غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ لاما اور آلپا کا، اونٹ کی طرح دکھائی دینے والے جانور ہیں۔ وہ لمبی گردن رکھتے ہیں انہیں مقامی لوگ اپنی روزمرہ کے کام میں استعمال کرتے ہیں۔ گالفگو زجزائر بڑے تانبلوں (کچھوے) کے لئے

NOT TO BE REPUBLISHED BY PCTB

مشہور ہے۔ وہاں کے مکھیاں اور کیڑے نیند کی کمی کی اہم وجہ ہیں۔ دریائے امیزان میں مختلف اقسام کی مچھلیاں بھی پائی جاتی ہیں۔ ان میں سے اسٹنگ رے، الیکٹرک مچھلی اور پرانہا، (جو دنیا کی سب سے زیادہ خطرناک مچھلی ہے) کے علاوہ ندیوں میں مگر مچھ بھی پائے جاتے ہیں۔



چیتا



لاما



آلپاک



اناکونڈا



کانڈر



کچھوا



پوما



رہیا



پرانہا

© KBS NOT TO BE REPRODUCED

زراعت اور مویشی پالن:

جنوبی امریکہ میں زراعتی زمین محدود ہے۔ صرف 10 فیصد زمین پر کاشتکاری اور زراعت کی جاتی ہے۔ ارجنٹینا اور اروگوئے کا پمپاس، برازیل کے بلند علاقے اور مرکزی چلی کے مشرقی ساحلی علاقے جنوبی امریکہ کے اہم کاشتکاری کے علاقے ہیں۔ جنوبی امریکہ کی اہم غذائی فصلیں مکئی، گیہوں، جوار، چاول، کافی، کپاس، گنا وغیرہ ہیں۔

مکئی جنوبی امریکہ کی ایک دیسی فصل ہے جو گرم آب و ہوائی خطے کی بہت اہم غذائی فصل ہے۔ گیہوں ارجنٹینا اور چلی ملکوں میں سرد معتدل علاقوں میں اگائی جاتی ہے۔ گیہوں ارجنٹینا سے برآمد کی جاتی ہے۔ آلو،

اینڈیز کے وسیع علاقوں میں اگایا جاتا ہے۔ دھان کو برازیل کے ساحلی علاقوں میں اگایا جاتا ہے۔

- برازیل کو دنیا کی ''کافی کی ہانڈی'' کہا جاتا ہے۔ آفریقہ کا ایتھوپیا ملک کافی کی پیداوار کے لئے اہم ذریعہ ہونے کی وجہ سے اس کو ''کافا'' یا کافی کہتے ہیں۔
- برازیل میں ہزاروں کی تعداد میں کافی کے باغات ہیں۔
- ریو۔ڈی۔جنئی رو کو دنیا کی کافی کی بندرگاہ کہا گیا ہے۔

غیر غذائی فصلوں میں کافی اور کوکو اجنوبی امریکہ کی اہم فصلیں ہیں۔ دنیا کا سب سے بڑا کافی کی پیداوار کرنے والا ملک برازیل ہے۔ کولمبیا اور ایکویڈر میں بھی زیادہ تر کافی کی پیداوار ہوتی ہے۔ برازیل کے ساحلی علاقوں میں زیادہ تعداد میں کوکوا کی پیداوار کی جاتی ہے۔



گنا



کافی کے باغات

اینڈیز کے سوکھے نشیبی علاقوں میں خام کپاس کی پیداوار ہوتی ہے۔ اور کپاس دوسرے ملک کو بھی برآمد کیا جاتا ہے۔ جنوبی امریکہ گنا کی پیداوار کرنے والا ایک اہم ملک ہے۔ برازیل گنے کی پیداوار کا اہم ملک ہے۔ یہ دنیا کے گنے کی پیداوار میں دوسرا مقام رکھتا ہے۔

@KTBS NOT TO BE PUBLISHED

پمپاس کے گھاس کے میدان مویشی پالن کے لئے کارآمد ہیں۔ مویشی پالن میں گھوڑے، خنزیر بکرے اور گائے اہم ہیں۔ ارجنٹینا دنیا کا سب سے بڑا جانوروں کا گوشت برآمد کرنے والا ملک ہے۔ گوشت کے لئے گائے پالن، گھاس کے لئے پمپاس کے گھاس کے میدان، گھنے ہرے گھاس کے علاقے، ڈیری کی صنعت اور مویشی پالن کے لئے مختص کئے گئے ہیں۔ گائے پالنے والوں کو ''گاؤشو'' کہا جاتا ہے۔



گائے پالن



بکری پالن

بحرالکاہل کے ساحلی علاقہ میں عمدہ اور اعلیٰ پیمانے کے ماہی گیری کے علاقے ہیں۔ پیرو اور چلی ملک کے ساحلی علاقے ماہی گیری کے اہم مراکز ہیں۔ لیکن بہت زیادہ پیمانے میں مچھلیاں غذائی طور پر نہیں بلکہ صنعتی مقصد کے لئے استعمال کی جاتی ہیں۔ ٹی ٹی کا کا جھیل اور امیزان دریا میٹھے پانی کی ماہی گیری کے لئے مشہور ہے۔

آبادی:

جنوبی امریکہ کے باشندے مشترک نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔ یورپی باشندے اس براعظم کو سونے کی تلاش میں آئے تھے اور یہیں مقیم ہو گئے۔ باغبانی اور کاشت کرنے کے لئے غلاموں کو آفریقہ سے لایا گیا۔ ان گروہ میں جب شادی کے تعلقات بڑھ گئے تو مشترک نسل کا آغاز ہوا۔ جنوبی امریکہ میں تین اہم نسلیں ہیں۔

جنوبی امریکہ دنیا کی اوسطً 47% شہری آبادی سے زیادہ 80% شہری آبادی رکھتا ہے۔ سب سے

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

زیادہ شہری آبادی اروگوئے 93% میں ہے۔اور سب سے کم آبادی گیانا میں صرف 47% ہے۔

گھنے جنگلات والا امیزان اینڈیز پہاڑیاں اٹاکاما اور پٹاگونیا کے ریگستانوں میں آبادی بالکل کم ہے۔ بڑے بڑے شہر اور بندرگاہ بیونس آئیرس، ریوڈی جینئرو، ساؤپولو جیسے دیگر شہروں میں گنجان آبادی نظر آتی ہے۔






ماہی گیری



ماہی گیری



جنوبی امریکہ کثافتِ آباد

براعظم جنوبی امریکہ کے کثیر لوگ ساحلی علاقوں میں بستے ہیں۔ براعظم کے مرکزی حصے میں کم آبادی پائی جاتی ہے۔اس لئے اس براعظم کو کھوکھلی زمین کے نام سے پکارا جاتا ہے۔

NOT TO BE REPUBLISHED @KTBS

جنوبی امریکہ دنیا کی اوسطاً شرح پیدائش (21/1000) درج کی گئی ہے۔لیکن موت کی شرح دنیا کی (9/1000) شرح سے کم (6/1000) ہے۔قدرتی طور پر جنوبی امریکہ کی آبادی دنیا کے اوسط سے زیادہ ہے۔

نئے الفاظ:

ریڈ انڈینس، انڈیز، آگ کی انگوٹھی، ایکویڈر، گیانا، اورینکو، امیزان، لا پلاٹا، گران چاکو، گالا پاگوس، ہورنوس، پارانا، پیرا گوئے، اروگوئے، ٹی ٹی کا کا جھیل، منطقہ حارہ، سرد معتدل، سیلواس، لیاٹکس، پرانہا، گاؤ شوس، پٹا گونیا، آٹا کاما۔

@KPES NOT TO BE REPUBLISHED

مشقیں

I۔ خالی جگہوں کو مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کیجئے۔

1۔ براعظم جنوبی امریکہ کے مقامی لوگوں کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہا جاتا ہے۔

2۔ براعظم جنوبی امریکہ کا سب سے بڑا ملک۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

3۔ جنوبی امریکہ میں واقع دنیا کا سب سے بلند آبشار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

4۔ دنیا میں بلند ترین جھیل۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

5۔ جنوبی امریکہ کا گھاس کا میدان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

II۔دو یا تین جملوں میں جواب دیجئے۔

6۔ جنوبی امریکہ کا محل وقوع اور رقبہ لکھئے۔

7۔ جنوبی امریکہ کے اہم گھاس کے میدان کے نام لکھئے۔

8۔ جنوبی امریکہ کے اہم نباتات اور جنگلی جانوروں کے نام لکھئے۔

9۔ جنوبی امریکہ کے گنجان آبادی والے اہم شہروں کے نام لکھئے۔

سرگرمیاں:



1. براعظم جنوبی امریکہ کے بیرونی خط کھینچ کر اٹلس کی مدد سے ملک اور اس کے صدر مقام، اہم پہاڑیاں، دریا، جھیلیں، گھاس کے میدان کی فہرست تیار کر کے نقشے میں نشاندہی کیجئے۔
2. جنوبی امریکہ کے اہم نباتات، جانوروں اور پرندوں کی فہرست تیار کر کے ان تمام کی تصاویر اکٹھا کیجئے۔

@KTBS NOT TO BE REPUBLISHED

☆☆☆

Note:

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED

Note:

@KTBS
NOT TO BE REPUBLISHED